حضرت پیران پیر فرماتے ہیں اور سب سے لذیذ اور شیریں خاصیت درود شریف کی یہ ہے کہ اس کی بدولت عشاق کو خواب میں حضور پر نور کی دولت زیارت میسر آتی ہے جو شخص جمعہ کی نماز میں ۲ رکعت نماز نفل پڑھے اور ہر رکعت میں ۱۱ بار آیت الکرسی اور ۱۱ بار سورۂ اخلاص بعد سلام کے

۱۰۰ بار یہ درود شریف پڑھیں۔

"اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدِ النَّبِيِّ وَاٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَسَلَّمْ"

انشاء اللہ تین جمعہ نہ گزریں گے زیارت نصیب ہوگی یہ عمل شروع کرنے سے پہلے کسی قادری بزرگ سے اجازت حاصل کرنا ضروری ہے۔

حل مشکلات

اگر کسی شخص کو کوئی مصیبت پیش آئے تو اس کو چاہیئے کہ نماز فجر کے بعد ۱۰۰ بار هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ نماز ظہر کے بعد ۱۰۰ بار هُوَ الْعَلِيُّ الْعَظِيْمُ نماز عصر کے بعد ۱۰۰ بار هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ نماز مغرب کے بعد ۱۰۰ بار هُوَ الْغَنِيُّ الْحَمِيْدُ اور نماز عشاء کے بعد ۱۰۰ بار هُوَ اللَّطِيْفُ الْخَبِيْرُ ۲۱ دن بلاناغہ پڑھیں۔ تمام مشکلات کم ہوں گی اور سب مصائب و آلام دور ہوں گے۔

حب کا عمل

جائز محبت کے لیے اپنا نام مع والدہ کے نام اور مطلوب کا نام مع اس کی والدہ کے لکھیں اور ذیل کی تین آیتوں کی تکسیر کریں اور اپنے بازو پر باندھیں دونوں میں اس قدر محبت ہوجائے گی کہ ایک دوسرے کی ملاقات کے بغیر آرام نہ ہوگا۔

وَاَلَّفَ بَيْنَ قُلُوْبِهِمْ لَوْ اَنْفَقْتَ مَا فِي الْاَرْضِ

جَمِیْعًا مَّآ اَلَّفْتَ بَیْنَ قُلُوْبِهِمْ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ اَلَّفَ
بَیْنَهُمْ اِنَّهٗ عَزِیْزٌ حَكِیْمٌ ہ عَسَى اللّٰهُ اَنْ
یَّجْعَلَ بَیْنَكُمْ وَبَیْنَ الَّذِیْنَ عَادَیْتُمْ مِّنْهُمْ
مَّوَدَّةً وَاللّٰهُ قَدِیْرٌ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ ہ
وَمِنَ النَّاسِ مَنْ یَّتَّخِذُ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اَنْدَادًا
یُّحِبُّوْنَهُمْ كَحُبِّ اللّٰهِ وَالَّذِیْنَ اٰمَنُوْٓا اَشَدُّ
حُبًّا لِّلّٰهِ ط

نظرِ بد کا عمل

اگر کسی کو نظر بد ہو جائے۔ یہ آیت مع بسم اللہ کے ۷ بار پڑھ کر دم کریں۔ اور یہی آیت لکھ کر گلے میں ڈالیں۔

"وَمَآ اَنْفَقْتُمْ مِّنْ نَّفَقَةٍ اَوْ نَذَرْتُمْ مِّنْ نَّذْرٍ
فَاِنَّ اللّٰهَ یَعْلَمُهٗ وَمَا لِلظّٰلِمِیْنَ مِنْ اَنْصَارٍ"

عسرِ ولادت

طہارت کامل کے ساتھ یہ نقش کاغذ پر دائیں ران پر باندھیں۔ جب بچہ پیدا ہو جائے فوراً کھول دیں۔ نقش اگلے صفحہ پر ہے۔

۷۸۶

۴	۹	۲
۳	۵	۷
۸	۱	۶

تپ لرزہ

یہ عبارت مع بسم اللہ اور سورہ فاتحہ کے لکھ کر مریض کے گلے میں ڈالیں

هٰذَا الْكِتَابُ مِنَ اللّٰهِ الْعَزِیْزِ الْحَكِیْمِ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ
الْمُطَّلِبِ بْنِ هَاشِمِ بْنِ عَبْدِ الْمُنَافِ حَرُّهَا وَبَرْدُهَا مِنْ
زَمْهَرِیْرِ الْحُمّٰی۔

اس کے بعد مریض کا اور اس کے باپ کا نام لکھ دیں۔

جدائی کا عمل

باوضو سورۂ فاتحہ پڑھیں پھر سورہ یٰس شروع کریں جب لفظ مبین پر پہنچیں تو یہ کہیں "بحق سورہ یٰسٓ وَاَلْقَیْنَا بَیْنَهُمُ الْعَدَاوَةَ وَالْبَغْضَآءَ اِلٰى یَوْمِ الْقِیٰمَةِ اور جن لوگوں میں عداوت ڈالنی ہو ان کا خیال کریں اس کے بعد فَقُطِعَ دَابِرُ الْقَوْمِ الَّذِیْنَ ظَلَمُوْا وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ کہہ کر اپنے داہنے ہاتھ کی ہتھیلی زمین پر ماریں اور اس

کا نام لیں اور تین بار آمین کہیں اس کے بعد پھر سے سورۂ یٰسین شروع کریں اسی طرح پوری سورت تمام کریں اور اوّل و آخر میں درود شریف پڑھیں۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ سَیِّدِ الطَّاھِرِیْنَ عَلٰی
اَعْدَ اٰءِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ۝

استخارہ قادریہ

دو رکعت نفل پڑھیں۔ ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ ۳۰۳ مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھیں۔ نماز کے بعد شمال کی طرف منہ کر کے یہ اسم پڑھنا شروع کریں۔

اَلنُّوْرُ الظَّاھِرُ ۔ اَلْبَاسِطُ

تعداد مقرر نہیں۔ جب تک نیند آئے پڑھتے رہیں۔ خواب میں جواب مل جائے گا۔

عمل حفاظت

حضرت خواجہ غریب نواز رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ ایک مرتبہ بغداد میں ایک شخص کو شیر کے آگے ڈال دیا مگر شیر نے اس کو منہ بھی نہ لگایا معلوم ہوا کہ اس کے پاس اسم باری تعالیٰ تھا۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ یَا دَائِمُ بِلَا فَنَاءٍ وَّ
یَا قَائِمُ بِلَا زَوَالٍ وَّیَا اَمِیْرُ وَیَا نَذِیْرُ۔

عمل ترقی روحانی

حضرت خواجہ غریب نواز رحمۃ اللہ علیہ کا ارشاد ہے کہ جو شخص ان غوث کی حرمت و تعظیم کرے گا۔ انشاء اللہ اس کے روحانی اثرات کا مشاہدہ کرے گا۔ (پہلے روز)

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَا شَرِیْکَ لَہٗ لَہُ الْمُلْکُ
وَلَہُ الْحَمْدُ یُحْیِیْ وَیُمِیْتُ وَھُوَ حَیٌّ لَّا یَمُوْتُ بِیَدِہِ
الْخَیْرُ وَھُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ (۱۰۰ مرتبہ)

(دوسرے روز)

اَشْھَدُ اَنْ لَّآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَا شَرِیْکَ
لَہٗ وَاحِدًا اَحَدًا صَمَدًا فَرْدًا وِتْرًا لَمْ یَتَّخِذْ صَاحِبَۃً

Scanned with CamScanner

وَلَا وَلَدًا ۔

(تیسرے روز) اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ اَحَدًا صَمَدًا لَمْ يَلِدْ وَلَمْ يُوْلَدْ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ۝

(چوتھے روز)

اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ يُحْيِيْ وَيُمِيْتُ وَهُوَ حَيٌّ لَّا يَمُوْتُ بِيَدِهِ الْخَيْرُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝

(پانچویں روز)

حَسْبِيَ اللّٰهُ وَكَفٰى وَسَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ دَعَاهُ وَلَيْسَ وَرَآءَهُ الْمُنْتَهٰى سُبْحَانَ مَنْ لَّمْ يَزَلْ كَرِيْمًا وَّلَا يَزَالُ رَحِيْمًا ۝

(یہ پانچوں روز) اسم روزانہ ۱۰۰ مرتبہ پڑھیں چھٹے روز پھر اسی ترکیب سے پڑھیں۔

دفعیہ تنگی معاش

حضرت خواجہ غریب نواز رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں جو شخص افلاس یا تنگی معاش میں مبتلا ہو۔ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ ۝

کثرت سے پڑھنا چاہیئے۔

عمل حفاظت

حضرت خواجہ غریب نواز رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ جو شخص حَسْبِيَ اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ نِعْمَ الْمَوْلٰى وَنِعْمَ النَّصِيْرُ کثرت سے پڑھتا ہے اسے کوئی چیز ضرر نہیں پہنچا سکتی۔

عذاب قبر سے حفاظت

حضرت خواجہ غریب نواز رحمۃ اللہ علیہ کا ارشاد ہے کہ جو شخص ان پانچ سورتوں کو ہر روز پڑھا کرے وہ عذاب قبر سے امن میں رہے گا۔ وہ پانچ سورتیں یہ ہیں۔ سورۃ واقعہ۔ سورۃ الرحمٰن۔ سورہ والشمس۔ والیل۔ اور سورہ الم نشرح۔

ترقی وافزائش رزق

جو شخص فرض نمازوں کے بعد تین مرتبہ سورہ اخلاص اور تین مرتبہ درود شریف پڑھ کر ایک مرتبہ یہ آیت پڑھے گا۔ اللہ پاک اسے اپنے غیب کے خزانے سے بے شمار رزق عطا فرمائے گا۔

وَمَنْ يَّتَّقِ اللّٰهَ يَجْعَلْ لَّهٗ مَخْرَجًا وَّيَرْزُقْهُ مِنْ حَيْثُ لَا يَحْتَسِبُ وَمَنْ يَّتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ فَهُوَ

Scanned with CamScanner

حَسْبُهٗ اِنَّ اللّٰهَ بَالِغُ اَمْرِهٖ قَدْ جَعَلَ اللّٰهُ لِكُلِّ شَیْءٍ قَدْرًا ۝ (سورۃ الطلاق)

اور آسمان کی طرف پڑھ کر پھونک دے تو حق تعالےٰ اس کو تین نعمتیں عطا فرمائے گا۔ اوّل درازئ عمر، مال و دولت کی کثرت۔ سوم بہشت میں بے حساب داخل ہوگا۔

درود شریف

جو شخص یہ درود شریف کثرت سے ہر نماز کے بعد پڑھے گا حضور نبی کریم صلے اللہ علیہ وآلہٖ وسلم قیامت کے روز اس کی شفاعت فرمائیں گے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ مَنْ صَلّٰی عَلَیْهِ وَصَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ مَنْ لَّمْ یُصَلِّ عَلَیْهِ وَصَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ كَمَا تُحِبُّ وَتَرْضٰی اَنْ تُصَلِّیَ عَلَیْهِ وَصَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ كَمَا اَمَرْتَنَا بِالصَّلٰوةِ عَلَیْهِ ۝

حضرت خواجہ غریب نواز رحمۃ اللہ علیہ کا ارشاد ہے کہ امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ یہ درود شریف پڑھا کرتے تھے۔ کسی شخص نے امام علیہ الرحمۃ کو خواب میں دیکھ کر پوچھا اللہ تعالےٰ نے آپ کے ساتھ کیسا سلوک کیا۔ فرمایا

فرمایا اس درود شریف کی برکت سے بخش دیا۔

دفعیہ افلاس

حضرت خواجہ غریب نواز رحمۃ اللہ نے فرمایا کہ فتاویٰ ظہیریہ میں ہے کہ حضور سرورِ عالم صلے اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا ہے کہ جو شخص آیت الکرسی پڑھ کر گھر سے تو اللہ ۷۰ ہزار فرشتوں کو حکم دیتا ہے کہ واپس آنے تک اس کی مغفرت کے لیے دعا کرتے رہو اور جو شخص آیت الکرسی پڑھ کر گھر میں داخل ہوگا۔ اللہ تعالےٰ اس کے گھر سے مفلسی کو دور کر دے گا

حفاظت مال از سرقہ

حضرت خواجہ غریب نواز رحمۃ اللہ نے فرمایا کہ ایک روز بغداد میں ایک درویش کے گھر میں چور گھس آئے۔ اس درویش نے آیت الکرسی پڑھ کر دم کر رکھی تھی وہ چور اندھے ہوگئے۔ درویش نے اٹھ کر ان کی حالت دیکھی انھوں نے اقرار کیا کہ ہم چوری کی نیت سے آئے تھے۔ اندھے ہوگئے دعا فرمائیے کہ ہماری آنکھوں میں روشنی آجائے ہم آج سے توبہ کرتے ہیں اور اسلام قبول کرتے ہیں۔ اس بزرگ نے مسکرا کر فرمایا۔ آنکھیں کھولو انھوں نے آنکھیں کھول دیں بینا ہوگئے۔ اس کے بعد یہ دونوں توبہ کرکے مشرف بہ اسلام ہوگئے۔

کشائش رزق

اکثر بزرگ فرماتے ہیں کہ کشائش رزق کے لیے یہ دعا نہایت مؤثر ہے۔

Scanned with CamScanner

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ یَا دَائِمَ الۡعِزِّ وَ
الۡمُلۡکِ وَالۡبَقَا یَا ذَا الۡمَجۡدِ وَالۡعَطَا یَا وَدُوۡدُ ذُوا
الۡعَرۡشِ الۡمَجِیۡدُ فَعَّالٌ لِّمَا یُرِیۡدُ۔

حل مشکلات

حضرت خواجہ غریب نوازرح کا ارشاد ہے کہ جو شخص ان اسماء کو ہزار بار پڑھے گا۔ مشکل سے مشکل مہم ضرور بالضرور سرانجام ہوگی

اَقۡوٰی مُعِیۡنٌ وَّاَہۡدٰی دَلِیۡلٌ بِحَقِّ اِیَّاکَ نَعۡبُدُ
وَاِیَّاکَ نَسۡتَعِیۡنُ ۝

دشمنوں پر فتح یابی

حضور خواجہ غریب نواز رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ ہر کام میں ثابت قدم رہنے اور دشمنوں پر فتح یابی کے لیے

رَبَّنَا اَفۡرِغۡ عَلَیۡنَا صَبۡرًا وَّثَبِّتۡ اَقۡدَامَنَا وَ
انۡصُرۡنَا عَلَی الۡقَوۡمِ الۡکٰفِرِیۡنَ ۝ پڑھنا چاہیئے۔

اللہ کے دوستوں سے ملاقات

جو شخص اللہ کے دوستوں سے ملنے کا آرزومند ہو۔ یہ آیت بکثرت پڑھنا چاہیئے۔

اِنَّکَ جَامِعُ النَّاسِ لِیَوۡمٍ لَّا رَیۡبَ فِیۡہِ اِنَّ اللّٰہَ
لَا یُخۡلِفُ الۡمِیۡعَادَ ۝ (سورہ آل عمران)

انجام امور مہم

حضرت خواجہ غریب نواز رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے اگر کسی شخص کو کوئی مہم درپیش ہو یا نیک بخت فرزند کا آرزومند ہو۔ یا کسی کا لڑکا بھاگ گیا ہو اس کو "رَبِّ ہَبۡ لِیۡ مِنۡ لَّدُنۡکَ ذُرِّیَّۃً طَیِّبَۃً اِنَّکَ سَمِیۡعُ الدُّعَآءِ" پڑھنا چاہیئے۔ (سورہ آل عمران)

ظالموں کی صحبت سے نجات

ظالموں کی صحبت سے نجات حاصل کرنے کے لیے یہ آیات بہ کثرت پڑھنی چاہیئے۔

رَبَّنَا اَخۡرِجۡنَا مِنۡ ہٰذِہِ الۡقَرۡیَۃِ الظَّالِمِ
اَہۡلُہَا وَاجۡعَلۡ لَّنَا مِنۡ لَّدُنۡکَ وَلِیًّا وَّاجۡعَلۡ لَّنَا
مِنۡ لَّدُنۡکَ نَصِیۡرًا ۝

برکت اور روزی میں فراخی

جو شخص اس بات کا خواستگار ہو کہ اس پر برکت اور رحمت خداوندی نازل ہو۔ روزی فراخ ہو اور کسی کا محتاج نہ ہو تو یہ آیت پڑھا کرے۔

Scanned with CamScanner

رَبَّنَآ اَنْزِلْ عَلَيْنَا مَآئِدَةً مِّنَ السَّمَآءِ تَكُوْنُ لَنَا عِيْدًا لِّاَوَّلِنَا وَاٰخِرِنَا وَاٰيَةً مِّنْكَ وَارْزُقْنَا وَاَنْتَ خَيْرُ الرّٰزِقِيْنَ ۝ سورہ المائدہ

سلامتی ایمان

جو شخص چاہے کہ اس کی زندگی خیر سلامتی اور ایمان کے ساتھ گزرے تو یہ آیت بہ کثرت پڑھنی چاہیئے۔

رَبَّنَآ اَفْرِغْ عَلَيْنَا صَبْرًا وَّثَبِّتْ اَقْدَامَنَا وَانْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ۝

ظالم کے پنجے سے رہائی

اگر کوئی شخص ظالم کے پنجے میں گرفتار ہو تو اس آیت کو پڑھنا چاہیئے۔

رَبَّنَا لَا تَجْعَلْنَا فِتْنَةً لِّلْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ وَنَجِّنَا بِرَحْمَتِكَ مِنَ الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ۝

دیو پری کے شر سے حفاظت

حضرت خواجہ غریب نواز رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ اگر کوئی شخص

دیو پری اور دشمنوں کے شر سے امن میں رہنا چاہے تو یہ آیت بہ کثرت پڑھنی چاہیے۔

"رَبِّ اجْعَلْ هٰذَا الْبَلَدَ اٰمِنًا وَّاجْنُبْنِيْ وَبَنِيَّ اَنْ نَّعْبُدَ الْاَصْنَامَ۔"

کفّار پر غلبہ حاصل کرنا

جو شخص کافروں سے مغلوب نہ ہونا چاہے۔ وہ یہ آیت پڑھے

"لَا تَجْعَلْنَا فِتْنَةً لِّلَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَاغْفِرْ لَنَا رَبَّنَا اِنَّكَ اَنْتَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۝"

اور اگر چاہے کہ نور ایمانی سے دل لبریز ہو جائے تو یہ آیت بکثرت پڑھے۔

"رَبَّنَآ اَتْمِمْ لَنَا نُوْرَنَا وَاغْفِرْ لَنَا اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝"

بہشت میں جانے کا عمل

حضرت خواجہ غریب نواز رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ حضور سرور عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہے کہ جو شخص اس دعا کو معنی سمجھ کر ایک مرتبہ پڑھے اور اسی دن مر جائے تو بہشتی ہوگا اور اگر رات کو مرا تب بھی بہشتی

بہشتی ہوگا۔

"بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ خَلَقْتَنِيْ وَاَنَا عَبْدُكَ وَاَنَا عَلٰى عَهْدِكَ وَوَعْدِكَ مَا اسْتَطَعْتُ اَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّ مَا صَنَعْتُ اَبُوْءُ لَكَ بِنِعْمَتِكَ عَلَيَّ وَاَبُوْءُ لَكَ بِذَنْبِيْ فَاغْفِرْلِيْ فَاِنَّهٗ لَا يَغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّا اَنْتَ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ"

زہر اثر نہیں کریگا

اس دعا کی خاصیت یہ ہے کہ اس دعا کے پڑھنے والے پر زہر کا اثر نہیں ہوگا۔ اور تمام بلاؤں سے محفوظ رہتا ہے۔

"بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ بِسْمِ اللّٰهِ خَيْرِ الْاَسْمَآءِ بِسْمِ اللّٰهِ رَبِّ الْاَرْضِ وَرَبِّ السَّمَآءِ بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِيْ لَا يَضُرُّ مَعَ اسْمِهٖ شَيْءٌ فِي الْاَرْضِ وَلَا فِي السَّمَآءِ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ"

حاجت روائی

خواجہ غریب نواز رحمۃ اللہ فرماتے ہیں کہ درویش اللہ تعالیٰ کے

دربان ہوتے ہیں۔ جب وہ خوش ہوں گے تو حاجت پوری ہوگی۔ چنانچہ امام شافعی رح کی نسبت روایت ہے کہ آپ کو کچھ ضرورت تھی جس کے واسطے آپ بادشاہ کے پاس گئے۔ ایک درویش کو صدقہ دے کر فرمایا کہ جو شخص بادشاہ کے پاس جائے وہ پہلے دربان کو کچھ دے

ملفوظات بابا فرید گنج شکرؒ

غنا ظاہری وباطنی کیلئے

یَا مُغْنِیُّ ۱۱ سو مرتبہ اور سورہ مزمل روزانہ ۴۰ مرتبہ پڑھیں اور اگر ۴۰ مرتبہ نہ پڑھ سکیں تو ۱۱ مرتبہ پڑھنا بھی کافی ہے۔

کشائش ظاہری وباطنی

کشائش ظاہری وباطنی کے لیے درود شریف کا ورد کبریتِ احمر کا درجہ رکھتا ہے۔

واپسی غائب کیلئے

اگر کوئی شخص غائب ہو اور آپ کی خواہش ہو کہ صحیح سلامت واپس آجائے یا بیمار صحت یاب ہوجائے تو فجر کی سنت اور فرض کے درمیان ۴۱ مرتبہ سورہ فاتحہ پڑھنا چاہیئے۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ تعالےٰ عنہ سے منقول ہے کہ اگر ایک گلاس پانی پر ۴۰ مرتبہ سورہ فاتحہ پڑھ کر دم کرکے بخار کے

مریض کے منہ پر چھینٹا دیں اور مریض کو پلائیں اللہ تعالیٰ صحت فرمائے گا۔

باؤلے کتے کا علاج

اگر کسی شخص کو باؤلے کتے نے کاٹ لیا ہو تو اس آیت کو روٹی کے ۴۰ ٹکڑوں پر لکھیں اور ایک ٹکڑا روزانہ کھلائیں۔ آیت یہ ہے۔

اِنَّهُمْ يَكِيْدُوْنَ كَيْدًا وَّ اَكِيْدُ كَيْدًا ۔ فَمَهِّلِ الْكَافِرِيْنَ اَمْهِلْهُمْ رُوَيْدًا ۔

بچوں کو نظر بد اور ہر بیماری سے حفاظت کیلئے

یہ دعا لکھ کر بچے کے گلے میں ڈالیں

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ مِنْ شَرِّ كُلِّ شَيْطَانٍ وَّهَامَّةٍ وَّعَيْنٍ لَامَّةٍ تَحَصَّنْتُ بِحِصْنِ اَلْفِ اَلْفِ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ ۔

ہر آفت سے محفوظ رہنے کے لیے

یہ دعا صبح و شام پڑھا کریں۔

بِسْمِ اللّٰهِ اَنْتَ رَبِّيْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ عَلَيْكَ تَوَكَّلْتُ وَاَنْتَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا

بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ مَا شَآءَ اللّٰهُ كَانَ وَمَا لَمْ يَشَأْ لَمْ يَكُنْ اَشْهَدُ اَنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ وَّاَنَّ اللّٰهَ قَدْ اَحَاطَ بِكُلِّ شَيْءٍ عِلْمًا وَّاَحْصٰى كُلَّ شَيْءٍ عَدَدًا اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّ نَفْسِيْ وَمِنْ شَرِّ كُلِّ دَآبَّةٍ اَنْتَ اٰخِذٌ بِنَاصِيَتِهَا اِنَّ رَبِّيْ عَلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ وَّاَنْتَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ حَفِيْظٌ اِنَّ وَلِيِّيَ اللّٰهُ الَّذِيْ نَزَّلَ الْكِتَابَ وَهُوَ يَتَوَلَّى الصَّالِحِيْنَ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ حَسْبِيَ اللّٰهُ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ ۔

چیچک کا گنڈا

نیلا ڈورا لے کر اس پر سورۂ رحمٰن پڑھیں اور ہر فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ۔ پر گرہ لگا کر پھونک ماریں اور بچے کے گلے میں باندھیں۔ اس گنڈے کی برکت سے حق تعالیٰ مریض کو شفاء فرمائے گا۔

اسماء اصحاب کہف

ان اسماء کی برکت سے انسان اور مال غرق ہونے، آگ میں جلنے اور لوٹ مار - چوری سے محفوظ رہتا ہے۔

اِلٰہِی بِحُرمَتِ یملیخا، بکسلمینا، کشفوطط، کشافطیوس اذرفطیونس۔ یوانس۔ بوس۔ وکلبھم قطمیر۔ وَعَلَی اللّٰہِ قَصدُ السَّبِیلِ وَمِنہَا جَائِرٌ۔ فَاللّٰہُ خَیرٌ حَافِظًا وَّھُوَ اَرحَمُ الرّٰحِمِینَ ہ

حاجت پوری ہو جائیگی

یَا بَدِیعَ العَجَائِبِ بِالخَیرِ یَا بَدِیعُ ۱۲۰۰ مرتبہ پڑھا کریں۔ انشاءاللہ تعالےٰ حاجت پوری ہو جائے گی۔

عمل آسیب زدہ

جس شخص پر آسیب کا اثر ہو اس کے بائیں کان میں وَلَقَد فَتَنَّا سُلَیمٰنَ وَاَلقَینَا عَلٰی کُرسِیِّہٖ جَسَدًا ثُمَّ اَنَابَ ۷ بار پڑھ کر دم کریں۔

آسیب کو جلانے کا عمل

مریض کے کان میں ۷ مرتبہ اذان پڑھیں اور سورۂ فاتحہ معوذتین، آیۃ الکرسی اور سورۂ طٰہٰ اور آخر سورہ حشر اور پوری سورہ والصافات پڑھیں۔ آسیب جل کر خاک ہو جائے گا۔

آسیب زدہ کو ہوش میں لانا

پانی پر سورہ فاتحہ آیت الکرسی اور پانچ شروع کی آیتیں سورۂ جن کی پڑھ کر مریض کے منہ پر چھینٹے ماریں اور اگر کسی مکان میں جن کا شبہ ہو تو مکان کے چاروں کونوں میں یہ پڑھا ہوا پانی ڈال دیں جن فوراً بھاگ جائے گا۔

اگر جن کسی کے مکان میں پتھر پھینکے

تو چار لوہے کی کیلوں پر ہر ایک کیل پر ۲۵، ۲۵ مرتبہ یہ آیت پڑھ کر دم کر کے مکان کے چاروں کونوں میں دفن کر دیں۔ آیت یہ ہے

اِنَّھُم یَکِیدُونَ کَیدًا وَّ اَکِیدُ کَیدًا ہ فَمَھِّلِ الکٰفِرِینَ اَمھِلھُم رُوَیدًا ہ

اور اسماء اصحاب کہف لکھ کر مکان کی دیواروں پر کیل سے گاڑ دیں یا دیوار پر لکھ دیں۔

مُسبّعاتِ عشر

یہ وہ دس چیزیں ہیں جو حضرت خضر علیہ السلام نے حضرت ابراہیم تیمی رحمۃ اللہ علیہ کو بطور تحفہ تعلیم کیں۔ اور ان کو وصیّت کی کہ ہر صبح شام سات سات بار پڑھا کرنا۔ حضرت ابراہیم بیان فرماتے ہیں کہ میں صحن کعبہ میں بیٹھا تھا اور تسبیح اور تحمید میں مشغول تھا کہ اس اثناء میں ایک شخص نے میرے پاس آکر سلام کیا اور میری داہنی طرف بیٹھ گیا میں نے اپنی زندگی میں اس سے زیادہ خوبصورت کوئی نہ دیکھا تھا۔ اور اس کے کپڑوں سے عمدہ کپڑے اور نہ اسقدر سفید اور خوشبودار دیکھے تھے۔ میں نے اس سے پوچھا کہ اے بندۂ خدا! تم کون ہو اور کہاں سے تشریف لائے ہو۔ انہوں نے فرمایا! میں خضر ہوں، میں نے پوچھا کہ آپ میرے پاس کس غرض سے آئے ہیں۔ فرمایا! تجھ کو سلام علیک کرنے آیا ہوں اور تجھ سے مجھ کو محبتِ فی اللہ ہے۔ اور میرے پاس ایک تحفہ ہے اس کو میں تجھے دینا چاہتا ہوں۔ میں نے پوچھا۔ وہ کیا ہے فرمایا کہ آفتاب نکلنے سے پیشتر صُبح کے وقت اور غروب سے پہلے شام کے وقت (بعد از نماز فجر اور بعد نماز عصر) ان آیات کو سات سات دفعہ پڑھے اور خبردار ان کو کسی صبح و شام میں ترک نہ کرنا میں نے کہا، میں یہ چاہتا ہوں کہ آپ مجھ کو بتا دیں یہ عطا آپ کو کس نے بخشی آپ نے فرمایا کہ مجھ کو آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مرحمت فرمائی ہے۔ میں نے کہا کہ مجھ کو اس کے ثواب سے مطلع فرمائیے فرمایا جب تم کو زیارت حضور نبی کریم صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم ہو تو اس کا ثواب پوچھ لینا کہ وہ ارشاد فرمائیں

گے۔ ابراہیم تیمی رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں کہ ایک رات میں نے خواب میں دیکھا کہ گویا فرشتے میرے پاس آئے اور مجھ کو اٹھا کر لے گئے ہیں۔ یہاں تک کہ جنت میں داخل کیا۔ وہاں عجیب و غریب اشیاء دیکھیں پھر میں نے فرشتوں سے پوچھا کہ یہ سب سامان کس لیے ہے انہوں نے کہا، جو کوئی تجھ جیسا عمل کرے اس کے لیے ہے اور ابراہیم تیمیؒ نے بہت سی چیزیں جو جنت میں دیکھیں تھیں ان کا بیان بھی کیا اور یہ بھی کہا کہ میں نے وہاں کا میوہ کھایا اور پانی پیا پھر میرے پاس آنحضرت صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم تشریف لائے آپ کے ساتھ ستر پیغمبر اور ستر صفیں فرشتوں کی تھیں۔ یہ صف اس قدر تھی جیسے مشرق اور مغرب کا فاصلہ۔ آپؐ نے مجھ کو سلام سے مشرف فرمایا اور میرا ہاتھ پکڑ لیا۔ اور میں نے عرض کیا یا رسول اللہ صلے اللہ علیہ و آلہ وسلم مجھ سے خضر علیہ السلام نے کہا ہے کہ انہوں نے یہ حدیث آپؐ سے سُنی ہے۔ آپ نے فرمایا خضر علیہ السلام نے سچ کہا اور جو کچھ وہ کہتے ہیں سب حق ہوتا ہے۔ میں نے عرض کیا یا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم جو شخص یہ عمل کرے (یعنی مسبعات عشر) اور جیسا میں نے اپنے خواب میں دیکھا ہے وہ نہ دیکھے تو جو چیزیں مجھے ملیں ہیں ان میں سے اس کو بھی کچھ مرحمت ہوگا کہ نہیں آپؐ نے فرمایا! قسم ہے مجھ کو اس ذات کی جس نے مجھ کو نبی برحق بھیجا ہے کہ اس کا عامل اگرچہ مجھ کو نہ دیکھے اور نہ جنّت کو دیکھے مگر اتنا ثواب اسکو ضرور ملے گا کہ اس کے تمام گناہ کبیرہ جو اس نے کیے ہوں گے بخشے جاویں گے۔ اور اللہ تعالےٰ اس پر سے اپنا غصّہ اور خفگی اٹھالے گا۔ اور بائیں طرف والے فرشتے کو حکم فرمائے گا۔ کہ سال بھر تک اس کی کوئی برائی نہ لکھے اور قسم ہے مجھ کو اس

Scanned with CamScanner

ذات کی جس نے مجھ کو نبی ؐ برحق بھیجا ہے اس پر وہی عمل کرے گا جس کو اللہ تعالےٰ نے سعید پیدا کیا ہے۔ مسبعات عشر یہ ہیں۔

۱۔ سورۃ فاتحہ
۲۔ سورۃ الناس
۳۔ سورۃ اخلاص
۴۔ سورۃ فلق
۵ سورۃ کافرون
۶۔ سورۃ آیتہ الکرسی
۷۔ تیسرا کلمہ تمجید
۸۔ درود شریف چاہے نماز والا، چاہے یہ پڑھے

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَرَسُوْلِكَ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ وَاٰلِهٖ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ۔

۹۔ اَللّٰھُمَّ اغْفِرْلِيْ وَلِوَالِدَيَّ وَلِجَمِيْعِ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ وَالْمُسْلِمِيْنَ وَالْمُسْلِمَاتِ الْاَحْيَاءِ مِنْهُمْ وَالْاَمْوَاتِ اِنَّكَ سَمِيْعٌ مُّجِيْبُ الدَّعْوَاتِ

۱۰۔ اَللّٰھُمَّ يَا رَبِّ افْعَلْ بِيْ وَلِهِمْ عَاجِلًا وَّاٰجِلًا فِي الدِّيْنِ وَالدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ مَا اَنْتَ لَهٗ اَهْلٌ

وَلَا تَفْعَلْ بِنَا يَا مَوْلَانَا مَا نَحْنُ لَهٗ اَهْلٌ اِنَّكَ غَفُوْرٌ حَلِيْمٌ جَوَّادٌ كَرِيْمٌ مَلِكٌ بَرٌّ رَّءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ہر سورت کے شروع میں ہر دفعہ بسم اللہ شریف پڑھیں۔

پسندیدہ تین چیزیں

رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا، تمہاری دنیا سے مجھے تین چیزیں پسند ہیں۔

۱۔ خوشبو ۲۔ منکوحہ عورتیں ۳۔ اور نماز میں میری آنکھوں کی ٹھنڈک ہے۔

حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالےٰ عنہ نے عرض کی۔ یا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم آپ نے سچ فرمایا۔ اور مجھے بھی دنیا سے تین چیزیں پسند ہیں۔

۱۔ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے چہرۂ انور کو دیکھتا رہوں۔
۲۔ اور رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم پر اپنا مال خرچ کرتا رہوں۔
۳۔ اور تیسرے یہ کہ میری بیٹی (عائشہ) رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے نکاح میں ہو۔

حضرت عمر رضی اللہ تعالےٰ عنہ نے کہا! اے عمر رضی اللہ تعالےٰ عنہ، آپ نے سچ فرمایا، اور مجھے بھی دنیا سے تین چیزیں پسند ہیں۔

١- بھوکوں کو کھانا کھلانا۔

٢- ننگوں کو کپڑا پہنانا۔

٣- اور قرآن مجید کی تلاوت کرنا۔

حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کہا۔ اے عثمان رضؓ! آپ نے سچ فرمایا اور مجھے بھی دنیا کی تین چیزیں پسند ہیں۔

١- مہمان کی خدمت کرنا۔

٢- گرمیوں میں روزہ رکھنا

٣- اور تلوار سے جہاد کرنا۔

اتنے میں جبرائیل علیہ السلام بھی تشریف لے آئے اور حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام سے کہنے لگے یا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم آپؐ کی گفتگو سن کر اللہ تعالیٰ نے مجھے آپ کی طرف بھیجا ہے تاکہ آپؐ مجھ سے دریافت فرمائیں کہ اگر میں (جبرائیل) اہل دنیا سے ہوتا تو مجھ کو کون سی تین چیزیں پسند ہوتیں۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے کہا۔ اچھا بتاؤ اگر تم اہل دنیا سے ہوتے تو تمہیں کونسی چیزیں پسند ہوتیں۔ جبرائیل علیہ السلام نے کہا۔

١- گمراہوں کو راستہ بتانا

٢- اللہ کی عبادت کرنیوالے غریبوں سے محبت کرنا۔

٣- تنگ دست عیال داروں کی مدد کرنا۔

اس کے بعد جبرائیل امین نے کہا۔ اللہ تعالیٰ کو بھی اپنے بندوں کی تین خصلتیں پسند ہیں۔

١- ہمت و طاقت کا خرچ کرنا۔

٢- شرم و ندامت کے وقت رونا۔

٣- اور فاقہ کے وقت صبر کرنا۔

پریشانی کے موقعہ پر

پریشانی کے موقعہ پر یہ الفاظ کہنے چاہئیں۔

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْحَكِيْمُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَرَبُّ الْعَرْشِ الْكَرِيْمِ۔ (بخاری شریف)

جب کبھی مجھے کوئی پریشانی پیش آئی تو جبرائیل نے آکر مجھ سے کہا اے محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! تم یہ کلمات کہو۔

تَوَكَّلْتُ عَلَى الْحَيِّ الَّذِيْ لَا يَمُوْتُ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ لَمْ يَتَّخِذْ وَلَدًا وَّلَمْ يَكُنْ لَّهٗ شَرِيْكٌ فِي الْمُلْكِ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ وَلِيٌّ مِّنَ الذُّلِّ وَكَبِّرْهُ تَكْبِيْرًا۔

اللہ کے ذکر کی فضیلت کا بیان

۱۔ حدیثِ قدسی میں آیا ہے، کہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں۔

"میں اپنے بندہ کے گمان کے ساتھ ہوں (جیسا وہ میرے متعلق گمان رکھتا ہے۔ میں ویسا ہوتا ہوں۔) اور میں اس کے ساتھ ہوتا ہوں جب وہ میرا ذکر کرتا ہے۔ چنانچہ اگر وہ اپنے دل میں میرا ذکر کرتا ہے۔ تو میں بھی اپنی تنہائی میں اسے یاد کرتا ہوں۔ اور اگر وہ کسی مجمع میں میرا ذکر کرتا ہے۔ تو میں بھی اس کے مجمع سے بہتر مجمع میں (فرشتوں کے مجمع میں) اس کا ذکر کرتا ہوں۔"

۲۔ ایک حدیث میں آیا ہے، کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

"کیا میں تمہیں وہ عمل نہ بتلاؤں؟ جو تمہارے اعمال میں سب سے بہتر ہے اور تمہارے مالک (پروردگار) کے نزدیک سب سے زیادہ پاکیزہ ہے۔ اور تمہارے درجات کو سب سے زیادہ بلند کرنے والا ہے۔ اور سونے چاندی کے (اللہ کی راہ میں) خرچ کرنے سے بھی بہتر ہے۔ اور اس سے بھی بہتر ہے، کہ تم اپنے دشمن سے (میدان جہاد میں) مقابلہ کرو اور پھر تم ان کی گردنیں کاٹو۔ اور وہ تمہاری گردنیں کاٹیں؟ (صحابہؓ نے عرض کیا) کیوں نہیں یا رسول اللہ ضرور بتلایئے۔ آپؐ نے ارشاد فرمایا۔ (وہ عمل) اللہ کا ذکر ہے۔"

۳۔ ایک اور حدیث میں آیا ہے، کہ

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کوئی صدقہ (عمل خیر) اللہ کے ذکر سے افضل نہیں ہے۔"

۴۔ ایک اور حدیث میں آیا ہے، کہ۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بتلایا کہ اللہ تعالیٰ کے کچھ فرشتے (اس پر مامور) ہیں کہ راستوں میں گھوم پھر کر اللہ کا ذکر کرنے والوں کو تلاش کرتے رہتے ہیں۔ پس جب وہ کسی جماعت کو اللہ جل شانہٗ کا ذکر کرتے ہوئے پاتے ہیں۔ تو آپس میں ایک دوسرے کو آواز دیتے ہیں، کہ آؤ اپنے مقصود (ذکر اللہ) کی طرف آجاؤ۔ تو وہ سب فرشتے مل کر آسمانِ دنیا تک ان ذکر کرنے والوں کو اپنے بازوؤں کے سایہ میں لے لیتے ہیں۔ آخر حدیث تک۔

۵۔ ایک اور حدیث میں آیا ہے، کہ

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اس شخص کی مثال جو اپنے پروردگار کا ذکر کرتا ہے۔ اور اس شخص کی جو اپنے پروردگار کا ذکر نہیں کرتا "زندہ" اور "مردے" کی سی مثال ہے۔

۶۔ ایک اور حدیث میں آیا ہے، کہ

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بتلایا جب بھی کوئی جماعت اللہ تعالیٰ کا ذکر کرنے کے لیے بیٹھتی ہے۔ تو فوراً رحمت کے (فرشتے ان کو (چاروں طرف سے) گھیر لیتے ہیں۔ اور (اللہ کی) رحمت ان کو ڈھانپ لیتی ہے سکون واطمینان ان پر برسنے لگتا ہے۔ اور اللہ تعالیٰ ان (فرشتوں) سے ان ذکر کرنے والوں کا تذکرہ کرتے ہیں۔ جو ان کے پاس (موجود رہتے) ہیں۔"

۷۔ ایک اور حدیث میں آیا ہے، کہ

ایک صحابی نے عرض کیا۔ یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم "اسلام" کے (موجب اجر و ثواب) احکام تو بہت ہو گئے۔ آپ تو مجھے کوئی ایسی چیز بتلا دیجیے۔ جس کو میں مضبوط پکڑ لوں۔ (اور برابر کرتا رہوں۔) آپ نے فرمایا۔ تمہاری زبان برابر اللہ کے ذکر سے تر و تازہ رہنی چاہیئے۔

Scanned with CamScanner

۸۔ ایک اور حدیث میں آیا ہے، کہ

ایک صحابی (معاذ بن جبل) کہتے ہیں، کہ آخری بات جس پر میں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے جدا ہوا ہوں، وہ یہ ہے، کہ میں نے آپ سے! ارشاد فرمایا، (وہ عمل یہ ہے) کہ تمہیں اس حالت میں موت آئے، کہ تمہاری زبان "اللہ کے ذکر سے تر ہو،

۹۔ ایک اور حدیث میں آیا ہے، کہ

انہی صحابی (معاذ) نے عرض کیا، یا رسول اللہ آپ مجھے (کچھ) وصیت کیجئے، آپ نے فرمایا: اپنے مقدور بھر اللہ کے تقوی (خوف و خشیت) کو اپنے اوپر لازم کر لو۔ اور ہر حجر و شجر کے پاس (یعنی ہر جگہ) اللہ کا ذکر کیا کرو۔ اور جو بھی کوئی برا کام کر بیٹھو، فوراً اللہ تعالےٰ کے سامنے اس سے از سر نو توبہ کرو، پوشیدہ گناہ کی پوشیدہ توبہ، اور علانیہ گناہ کی علانیہ توبہ"

۱۰۔ ایک اور حدیث میں آیا ہے، کہ،

رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ، کسی بھی آدمی نے کوئی عمل ایسا نہیں کیا، جو اللہ کے ذکر سے زیادہ اس کو اللہ کے عذاب سے نجات دلانے والا ہو"

۱۱۔ اسی روایت میں آیا ہے، کہ

"صحابہ نے عرض کیا، (یا رسول اللہ) نہ اللہ کی راہ میں جہاد؟ آپؐ نے فرمایا، (ہاں) نہ اللہ کی راہ میں جہاد، بجز اس شخص کے جو اپنی تلوار سے دشمنوں کی گردنیں اس قدر کاٹے، کہ وہ ٹوٹ جائے، (آخری جملہ آپؐ نے تین مرتبہ فرمایا،"

۱۲۔ ایک اور حدیث میں آیا ہے، کہ:

"اگر ایک آدمی کی گود میں درہم (روپے بھرے) ہوں اور وہ ان کو (برابر) تقسیم کر رہا ہو اور دوسرا آدمی برابر اللہ کا ذکر کر رہا ہو تو اللہ کا ذکر کرنے والا اس (درہم تقسیم کرنے والے) سے افضل و اعلیٰ ہو گا"

۱۳۔ ایک اور حدیث شریف میں آیا ہے، کہ:

رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، جب تم بہشت کے سبزہ زاروں میں گذارہ کرو، تو سیر ہو کر چر لیا کرو۔ (یعنی ذکر اللہ کی نعمت خوب اچھی طرح حاصل کر لیا کرو) صحابہ نے عرض کیا، بہشت کے باغ کیا ہیں؟ آپ نے فرمایا، ذکر کے حلقے" (مجمع)

۱۴۔ ایک اور حدیث قدسی میں ہے، کہ:

"اللہ تعالیٰ فرمائیں گے، آج تمام محشر کو معلوم ہو جائے گا، کہ کرم (عزت و احترام) کے لائق کون لوگ ہیں، تو رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے دریافت کیا گیا، یا رسول اللہ یہ عزت اور احترام کے لائق کون لوگ ہیں؟ آپؐ نے فرمایا، وہ مسجدوں میں ذکر کی مجلسیں (منعقد کرنے والے (ذاکرین) ہیں،"

۱۵۔ ایک اور حدیث میں آیا ہے، کہ"

ہر ایک کے دل کی دو کوٹھڑیاں ہوتی ہیں، ایک میں فرشتہ (رہتا ہے) اور دوسری میں شیطان، پس جب وہ شخص اللہ کے ذکر میں مصروف ہو جاتا ہے، تو شیطان پیچھے ہٹ جاتا ہے، اور جب اللہ کا ذکر نہیں کرتا، تو شیطان اپنی چونچ اس کے دل میں رکھ دیتا ہے (یعنی اس کے دل پر مسلط ہو جاتا ہے) اور (طرح طرح کے) وسوسے ڈالتا

رہتا ہے۔"

۱۶۔ ایک اور حدیث میں آیا ہے، کہ،

جس شخص نے فجر کی نماز جماعت کے ساتھ ادا کی، اور پھر سورج نکلنے تک (وہیں) بیٹھا ہوا اللہ کا ذکر کرتا رہا، پھر دو رکعتیں (اشراق کی) پڑھیں، (پھر مسجد سے واپس آیا) تو اس کو ایک "حج" اور ایک "عمرہ" کی مانند اجر ملے گا، پورے (حج اور عمرہ) کا، پورے حج اور عمرہ کا پورے حج اور عمرہ کا۔

اسی روایت کے دوسرے الفاظ ہیں، وہ ایک حج اور ایک عمرہ کا اجر لے کر (مسجد سے) واپس ہوگا۔"

۱۷۔ ایک اور حدیث میں آیا ہے۔

(ذکر اللہ سے) غافل لوگوں (کے ماحول) میں اللہ کا ذکر کرنے والا اس مجاہد کی مثل ہے، جو (میدان جنگ سے) بھاگنے والوں (کی جماعت) میں ثابت قدم رہا۔

۱۸۔ ایک اور حدیث میں آیا ہے، کہ

جو کوئی جماعت کسی بھی مجلس میں جمع ہوئی، اور اللہ کا ذکر کیے بغیر وہاں سے منتشر ہو گئی، تو یوں سمجھو کہ وہ ایک مردار گدھے کی نعش (پر جمع ہوئے تھے اور اسے کھا کر) منتشر ہو گئے۔ اور ان کی یہ مجلس! قیامت کے دن ان کے لیے بڑی حسرت و افسوس کا موجب ہوگی۔

۱۹۔ ایک اور حدیث میں آیا ہے، کہ:

جو شخص بھی کسی راستہ پر (کسی کام کے لیے) چلا اور اس (اثنا) میں اللہ کا ذکر نہیں کیا تو یہ (غفلت) اس کے لیے حسرت و حرمان کا موجب

ہوگی، اور جو شخص بھی اپنے بستر پر لیٹا، اور اس نے اللہ کا ذکر نہیں کیا تو یہ (غفلت) اس کے لیے حسرت و حرمان کا موجب ہوگی۔

۲۰۔ ایک اور حدیث میں آیا ہے، کہ:

ایک پہاڑ دوسرے پہاڑ کو اس کا نام لے کر آواز دیتا ہے۔ کہ اے فلاں (پہاڑ) کیا تیرے پاس سے کوئی ایسا آدمی گذرا ہے جس نے (گذرتے وقت) اللہ کا ذکر کیا ہو تو جب وہ (جواب میں) کہتا ہے "ہاں" تو وہ خوش ہوتا ہے، (اور اس کو) مبارکباد دیتا ہے۔ آخر حدیث تک۔

۲۱۔ ایک اور حدیث میں آیا ہے، کہ:

"اللہ کے نیک بندے وہ ہیں جو اللہ کے ذکر کے لیے سورج، چاند، ہلال اور ستاروں اور سایوں کی دیکھ بھال رکھتے ہیں۔

(اور ہر وقت اور موقعہ کے مناسب اللہ کا ذکر کرتے ہیں۔)

۲۲۔ ایک اور حدیث میں آیا ہے، کہ:

(قیامت کے دن) جنت والے کسی چیز پر افسوس نہ کریں گے، بجز اس ساعت کے جو ان پر گذر گئی، اور اس میں انھوں نے اللہ کا ذکر نہیں کیا۔ (کاش اس ساعت میں بھی ہم اللہ کا ذکر کرتے، اور اس کا بھی اجر و ثواب پاتے۔)

۲۳۔ ایک اور حدیث میں آیا ہے، کہ:

تم اتنی کثرت سے اللہ کا ذکر کیا کرو، کہ لوگ تم کو دیوانہ کہنے لگیں۔

۲۴۔ ایک اور حدیث میں آیا ہے، کہ:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم صحابہ کو حکم فرمایا کرتے تھے، کہ وہ تکبیر

(اللہ اکبر) تقدیس (سُبْحَانَ الْمَلِکِ الْقُدُّوْس) اور تہلیل (لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ) کی تعداد کا خیال رکھا کریں، اور انھیں انگلیوں پر شمار کیا کریں، فرمایا اس لیے کہ قیامت کے دن ان انگلیوں سے دریافت کیا جائے گا۔ اور انھیں (قوت گویائی دے کر) بلوایا جائے گا۔ (اور وہ بتلائیں گی۔ کہ کتنی تعداد میں تکبیر و تقدیس و تہلیل کی تھی)

۲۵۔ ایک اور حدیث میں آیا ہے، کہ:

رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے عورتوں سے خطاب کرکے فرمایا، تم تسبیح (سُبْحَانَ اللّٰہ) تقدیس (سُبْحَانَ الْمَلِکِ الْقُدُّوْس) اور تہلیل (لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ) کو اپنے اوپر لازم کرلو۔ اور (کبھی) ان سے غفلت نہ کرو، کہ تم اللہ کی رحمت سے فراموش (محروم) کر دی جاؤ۔

۲۶۔ ایک اور حدیث میں آیا ہے۔

حضرت عبد اللہ بن عمرؓ فرماتے ہیں۔ کہ میں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو سیدھے ہاتھ کی انگلیوں پر تسبیح پڑھتے ہوئے دیکھا ہے۔

۲۷۔ ایک اور حدیث میں آیا ہے کہ:

رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، کہ: مجھے صبح کی نماز کے بعد سے سورج نکلنے تک اللہ کا ذکر کرنے والے لوگوں کے ساتھ بیٹھنا اس سے زیادہ پسندیدہ ہے۔ کہ میں حضرت اسمٰعیلؑ کی نسل کے چار غلاموں کو آزاد کردوں اور (اسی طرح) میں ان لوگوں کے ساتھ بیٹھوں، جو عصر کی نماز کے بعد سے سورج ڈوبنے تک اللہ کا ذکر کرتے رہتے ہیں۔ یہ مجھے اس سے زیادہ محبوب ہے۔ کہ میں چار غلام (اولاد اسماعیل کے) آزاد کروں۔"

۲۸۔ ایک اور حدیث میں آیا ہے، کہ:

(رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا) تنہا سفر کرنے والے سبقت لے گئے۔ صحابہ نے عرض کیا۔ (یا رسول اللہ) یہ تنہا سفر کرنے والے کون لوگ ہیں؟ آپ نے فرمایا کثرت سے اللہ کا ذکر کرنے والے مرد اور عورتیں۔

اسی روایت کے دوسرے الفاظ میں ہے۔ اللہ کے ذکر کے شیدائی، یہ اللہ کا ذکر ان کے (گناہوں کے) بوجھ ہلکے کرتا رہتا ہے، چنانچہ وہ قیامت کے دن (اللہ کے دربار میں) ہلکے پھلکے ہو کر آئیں گے۔

۲۹۔ ایک اور حدیث میں آیا ہے۔

رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے بتلایا کہ اللہ تعالےٰ نے حضرت یحیٰی بن زکریا (علیہما السلام) کو پانچ باتوں کا حکم دیا کہ وہ خود بھی ان پر عمل کریں۔ اور بنی اسرائیل کو بھی حکم دیں، کہ وہ بھی ان پر عمل کریں۔ (راوی نے) پوری حدیث کی یہاں تک کہ حضرت یحیٰی نے کہا کہ میں تم کو حکم دیتا ہوں، کہ تم (کثرت سے) اللہ کا ذکر کیا کرو۔ اس لیے کہ اس ذکر کرنے والے کی مثال اس شخص کی سی ہے۔ جس کے تعاقب میں انتہائی تیز رفتاری کے ساتھ نکلا ہو۔ اور وہ (شخص بھاگتے بھاگتے) ایک محفوظ قلعے تک پہنچ گیا ہو۔ اور اس میں پناہ گزیں ہو کر دشمن سے اپنی جان بچالی ہو۔ بالکل اسی طرح اللہ کا بندہ (اپنے دشمن) شیطان سے اللہ تعالےٰ کے ذکر کے سوا اور کسی چیز سے اپنے کو نہیں بچا سکتا۔

۳۰۔ ایک اور حدیث میں آیا ہے۔ کہ:

رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔ خدا کی قسم دنیا میں

Scanned with CamScanner

کچھ لوگ نرم و گداز بستروں پر لیٹ کر بھی (سونے کے بجائے) اللہ تعالیٰ کا ذکر کیا کرتے ہیں، انھیں اللہ تعالیٰ جنت کے اعلیٰ درجات میں داخل فرمائے گا۔

۲۱۔ ایک اور حدیث میں آیا ہے کہ:

رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ بے شک وہ لوگ جن کی زبانیں ہمیشہ اللہ تعالیٰ کے ذکر سے تر (وتازہ) رہتی ہیں، وہ ہنستے ہوئے جنت میں جائیں گے۔

ذکر اللہ کے آداب کا بیان

۱۔ ذاکر جس جگہ ذکر کرے۔ وہ جگہ (ان تمام چیزوں سے جو توجہ کو ہٹانے اور خیالات کو پراگندہ کرنے والی ہوں،) خالی اور پاک وصاف ہونی چاہیئے۔

۲۔ اور ذکر کرنے والا (دعا کے آداب میں) مذکورہ بالا صفات (مثلاً اخلاص خشوع وخضوع، ظاہری وباطنی طہارت ونظافت وغیرہ) سے موصوف ہونا چاہیئے۔ (اس لیے کہ ذکر اللہ سب سے افضل عبادت ہے۔ اس لیے اس میں دعا سے بدرجہا زیادہ تعظیم واحترام اور احتیاط واہتمام کی ضرورت ہے۔)

۳۔ اور ذاکر کا منہ اور زبان بالکل پاک وصاف ہونی چاہیئے۔ اگر کسی چیز کی بُو منہ میں ہو تو مسواک کرکے اس کو ضرور دُور کر لینا چاہیئے۔

۴۔ اگر کسی جگہ بیٹھ کر ذکر کر رہا ہو تو رُخ قبلہ کی طرف ہونا چاہیئے۔

۵۔ اور عاجزی وانکساری، سکون واطمینان، وقار واہتمام اور دل کی پوری توجہ کے ساتھ ذکر کے لیے بیٹھے۔

۶۔ اور جو بھی ذکر کرے۔ اس کے معنی ومفہوم کو اچھی طرح سمجھے، اور ان میں غور وفکر کرے۔

۷۔ اور اگر کسی ذکر کے معنی نہ جانتا ہو تو (کسی عالم سے) دریافت کرے اور سمجھ لے۔

۸۔ اور تعداد زیادہ کرنے کے خیال سے جلد بازی نہ کرے۔ اسی لیے

Scanned with CamScanner

علماء نے کلمہ طیبہ کے ذکر میں لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ میں لا کے مد کو خوب اچھی طرح کھینچنے (اور اِلَّا اللّٰہ پر زور دینے) کو مستحب فرمایا ہے۔

۹۔ اور جو بھی ذکر شارع علیہ الصلوٰۃ والسلام سے ثابت ہے۔ خواہ واجب ہو خواہ مستحب، جب تک اس کو زبان سے اس طرح ادا نہ کرے۔ کہ خود سن لے۔ اس وقت تک اس کا کچھ اعتبار نہیں۔ (یعنی دل ہی دل میں سوچنا ذکر نہیں کہلاتا)۔

۱۰۔ اور سب سے زیادہ فضیلت والا ذکر قرآن عظیم ہے بجز ان اذکار کے جو شارع علیہ الصلوٰۃ والسلام سے خصوصیت کے ساتھ ثابت ہیں۔ (کہ اس جگہ وہی ذکر کرنا چاہیئے۔ جو آپ نے بتلایا ہے۔ مثلاً رکوع میں آپ نے سُبحَانَ رَبِّیَ العَظِیمُ بتلایا ہے۔ اور سجدہ میں سُبحَانَ رَبِّیَ الاَعلٰی لہٰذا رکوع اور سجدہ میں یہی پڑھنا چاہیئے۔ قرآن نہیں پڑھنا چاہیئے۔! اسی لیے آپ نے رکوع اور سجدہ میں قرآن پڑھنے سے منع فرمایا ہے۔)

۱۱۔ اور ذکر اللہ کی فضیلت تہلیل (لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ) تسبیح (سُبحَانَ اللّٰہُ) تکبیر (اللہ اکبر) میں منحصر نہیں ہے۔ بلکہ کسی بھی عمل (قول یا فعل) میں اللہ تعالیٰ کی اطاعت کرنے والا، اللہ کا ذکر کرنے والا ہے۔ (اور وہ عمل ذکر ہے۔)

۱۲۔ اور جب بندہ رسُولُ اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے منقول مختلف اذکار مختلف حالات اور مختلف اوقات میں رات دن صبح شام پابندی کے ساتھ پڑھتا رہے گا۔ تو اللہ تعالیٰ کے ہاں کثرت سے اللہ کا ذکر کرنے والے مردوں اور عورتوں میں" شامل ہو جائے گا۔ (جن کا ذکر قرآن عظیم میں آیا ہے)۔

۱۳۔ اور جس شخص کا کوئی وظیفہ رات یا دن کے کسی حصہ میں یا کسی نماز کے

بعد یا ان کے علاوہ اور کسی بھی وقت اور حالت میں مقرر ہو۔ (اور وہ پابندی کے ساتھ اس کو پڑھا کرتا ہو) اگر کسی دن وہ چھوٹ جائے۔ تو اس کا تدارک (قضا) ضرور کر لینا چاہیئے۔ اور جس وقت بھی ممکن ہو۔ اس کو پڑھ لینا اور پورا کر لینا چاہیئے۔ اور اسے اس دن بالکل ہی نہ چھوڑ دینا چاہیئے۔ تاکہ وہ پابندی کی عادت برقرار رہے۔ اس کی قضا میں سستی ہرگز نہ برتنی چاہیئے۔ (کہ سخت مضر ہے)

دُعا مانگنے کی فضیلت کا بیان

۱۔ حدیث شریف میں آیا ہے، کہ رسُولُ اللہ صلّے اللہ علیہ وسلّم نے ارشاد فرمایا۔ [illegible]

دعا مانگنا بعینہ عبادت کرنا ہے۔ پھر آپ نے (بطور دلیل) قرآن کریم کی یہ آیت تلاوت فرمائی۔

وَقَالَ رَبُّكُمُ ادْعُونِي أَسْتَجِبْ لَكُمْ ۚ إِنَّ الَّذِينَ يَسْتَكْبِرُونَ عَنْ عِبَادَتِي سَيَدْخُلُونَ جَهَنَّمَ دَاخِرِينَ ۝

ترجمہ:۔ اور تمہارے رب نے فرمایا ہے۔ مجھ سے دعا مانگا کرو۔ میں تمہاری دُعا قبول کروں گا۔ بے شک جو لوگ (از راہ تکبر) میری عبادت سے سرتابی کرتے ہیں۔ وہ ضرور جہنم میں داخل ہوں گے۔ ذلیل وخوار ہوکر۔

۲۔ ایک اور حدیث میں آیا ہے کہ۔

رسُولُ اللہ صلّے اللہ علیہ وسلّم نے ارشاد فرمایا۔ تم میں سے جس شخص کے لیے دعا کا دروازہ کھول دیا گیا (یعنی دعا مانگنے کی توفیق دے دی گئی) اس کے لیے رحمت کے دروازے کھول دیئے گئے۔ اللہ تعالیٰ سے جو دعائیں مانگی جاتی ہیں۔ اُن میں اللہ کو سب سے زیادہ پسند یہ ہے، کہ اس سے (دنیا اور آخرت میں) عافیت کی دُعا مانگی جائے۔ اسی حدیث کے بعض طرق میں فُتِحَتْ لَهُ أَبْوَابُ الْجَنَّةِ (اس کے لیے جنت کے دروازے کھول دیئے گئے۔) آیا ہے اور بعض طرق میں فُتِحَتْ لَهُ أَبْوَابُ الْإِجَابَةِ (اس کے لیے قبولیت کے دروازے کھول دیئے گئے) آیا ہے،

(تینوں الفاظ کا مطلب ایک ہی ہے)۔

۳۔ ایک اور حدیث میں آیا ہے۔ کہ:

رسُولُ اللہ صلّے اللہ علیہ وسلّم نے ارشاد فرمایا۔ دُعا کے سوا کوئی چیز قضا (تقدیر کے فیصلہ) کو رد نہیں کر سکتی۔ اور نیکی (عملِ خیر) کے سوا کوئی چیز عمر کو نہیں بڑھا سکتی۔

۴۔ ایک اور حدیث میں آیا ہے کہ

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ (قضاء) قدر سے بچنے کی کوئی تدبیر فائدہ نہیں دیتی، (ہاں) اللہ سے دعا مانگنا اس (آفت اور مصیبت) میں بھی نفع پہنچاتا ہے جو نازل ہو چکی اور اس (مصیبت) میں بھی جو ابھی تک نازل نہیں ہوئی اور بے شک بلا نازل ہونے کو ہوتی ہے کہ اتنے میں دعا اس سے جا ملتی ہے پس قیامت تک ان دونوں میں کشمکش ہوتی رہتی ہے (اور انسان دعا کی بدولت اس بلا سے بچ جاتا ہے)

۵۔ ایک اور حدیث میں آیا ہے کہ

رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ اللہ تعالے کے ہاں دُعا سے زیادہ اور کسی چیز کی وقعت نہیں۔

۶۔ ایک اور حدیث میں آیا ہے کہ

رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جو شخص اللہ تعالےٰ سے کوئی سوال نہیں کرتا اللہ تعالےٰ اس شخص سے ناراض ہو جاتے ہیں۔ اسی حدیث کے بعض طرق میں مَنْ لَمْ يَدْعُ اللهَ غَضِبَ عَلَيْهِ (جو اللہ تعالےٰ سے دعا نہیں

مانگتا اللہ اس سے ناراض ہو جاتا ہے) آیا ہے (دونوں کا مطلب ایک ہی ہے)

٧۔ ایک اور حدیث میں آیا ہے کہ

رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے صحابہؓ سے خطاب کر کے فرمایا تم اللہ سے دعا مانگنے میں عاجز نہ بنو (اور کوتاہی نہ کرو) اس لیے کہ دُعا (کرتے رہنا) کی صورت میں ہرگز کوئی شخص (کسی ناگہانی آفت سے) ہلاک نہ ہوگا۔

٨۔ ایک اور حدیث شریف میں آیا ہے کہ؛

آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو شخص یہ چاہے کہ اللہ تعالےٰ اس کی دعا سختیوں اور مصیبتوں کے وقت قبول فرمائیں اس کو چاہیئے کہ وہ فراخی اور خوشحالی میں بھی کثرت سے دعا مانگا کرے۔

٩۔ ایک اور حدیث میں آیا ہے کہ:

رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ دعا مومن کا ہتھیار ہے، دین کا ستون ہے اور آسمان و زمین کا نور ہے۔

١٠۔ ایک حدیث شریف میں آیا ہے کہ،

ایک مرتبہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم ایک ایسی قوم کے پاس سے گذرے جو (کسی مصیبت میں) گرفتار تھی تو (ان کی حالت دیکھ کر) آپؐ نے فرمایا: کیا یہ لوگ اللہ سے عافیت کی دُعا نہیں مانگا کرتے تھے۔

١١۔ ایک اور حدیث میں آیا ہے کہ:

رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جو بھی مسلمان (کسی چیز کے) مانگنے کے لیے اللہ تعالےٰ کی جانب اپنا مُنہ اٹھاتا ہے (اور دعا مانگتا ہے) اللہ تعالےٰ اس کو وہ چیز ضرور دیتے ہیں۔ یا وہی چیز اس کو فی الفور دے دیتے ہیں یا اس کے واسطے (دنیا یا آخرت میں) اس کو ذخیرہ کر دیتے ہیں۔

دُعا مانگنے کے آداب

دُعا مانگنے کے بعض آداب تو رکنیت کے درجہ کو پہنچتے ہیں اور بعض شرط کے درجے کو پہنچتے ہیں (یعنی بعض رکن ہیں اور بعض شرط) اور کچھ مامورات ہیں (جن کے اختیار کرنے کا حکم دیا گیا ہے) اور کچھ منہیات ہیں (جن سے منع کیا گیا ہے) وہ آداب یہ ہیں۔

۱۔ کھانے، پینے، پہننے اور کمانے (روزی کمانے کے ذرائع) میں حرام سے بچنا۔ (شرط)

۲۔ اللہ جل شانہٗ کے لیے اخلاص۔ (رکن)

۳۔ دعا مانگنے سے پہلے کوئی نیک کام کرنا (مثلاً صدقہ دینا، یا نماز پڑھنا وغیرہ) سختیوں اور مصیبتوں کے وقت خاص طور پر اپنے نیک اعمال کا ذکر کرنا (یعنی ان کے واسطے سے دُعا مانگنا (مستحب)

۴۔ (ناپاکی اور نجاست، گندگی اور غلاظت سے) پاک اور (میل کچیل سے) صاف ہونا۔ (مستحب)

۵۔ وضو کرنا۔ (مستحب)

۶۔ قبلہ کی طرف رُخ کرنا۔ (مستحب)

۷۔ (دعا مانگنے سے پہلے) نماز (حاجت) پڑھنا۔ (مستحب)

۸۔ (دعا مانگنے کے لیے) دو زانو بیٹھنا (مستحب)

۹۔ (دعا مانگنے سے) پہلے اور بعد میں اللہ تعالےٰ کی حمد و ثنا کرنا۔ (مستحب)

۱۰۔ اسی طرح (دعا کے) اول و آخر میں نبی علیہ الصلوٰۃ والسلام پر درود و سلام بھیجنا۔ (مستحب)

۱۱۔ دونوں ہاتھ پھیلا کر دعا مانگنا۔ (مستحب)

۱۲۔ (سائل کی طرح) دونوں ہاتھ اوپر اٹھانا (مستحب)

۱۳۔ دونوں ہاتھوں کو مونڈھوں تک اٹھانا۔ (مستحب)

۱۴۔ دونوں ہاتھوں کو کھلا رکھنا۔ (مستحب)

۱۵۔ (دعا کے وقت قولاً اور عملاً) اللہ تعالےٰ کے شایانِ شان آداب و احترام کو اختیار کرنا۔ (مستحب)

۱۶۔ (دعا مانگنے میں) عاجزی اور انکساری اختیار کرنا۔ (مستحب)

۱۷۔ گڑگڑانا۔ (مستحب)

۱۸۔ دعا مانگنے کے وقت آسمان کی جانب نگاہ نہ اٹھانا (مکروہ)

۱۹۔ اللہ جل سبحانہٗ کے "اسمارِ حسنیٰ" اور اعلیٰ صفات کا واسطہ دے کر دعا مانگنا۔ (مستحب)

۲۰۔ دعا میں تبکلف قافیہ بندی سے پرہیز کرنا۔ (مکروہ)

۲۱۔ دعا میں بالقصد نغمہ سرائی اور تبکلف خوش الحانی اختیار کرنا۔ (مکروہ)

۲۲۔ انبیاء علیہم السلام کے وسیلہ سے دعا مانگنا (مستحب)

۲۳۔ اللہ کے نیک بندوں (اولیاء اللہ) کے وسیلے سے دعا مانگنا۔ (مستحب)

۲۴۔ دعا میں آواز کو پست رکھنا (نیچی آواز میں دعا مانگنا) (مستحب)

۲۵۔ اپنے گناہوں کا اقرار کرنا۔ (مستحب)

Scanned with CamScanner

۲۶ - رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم سے جو دعائیں صحیح احادیث میں منقول ہیں انہی کو اختیار کرنا کیوں کہ آپ نے کسی دوسرے کو بتلانے کی ضرورت ہی نہیں چھوڑی ہے (یعنی وہ تمام ضروریات و حوائج جن کے لیے انسان دعا مانگتا ہے آپ نے ان سب کے لیے دعائیں تبلادی ہیں) (مستحب)

۲۷ - جامع (تمام ضروریات (حوائج پر حاوی) دعائیں اختیار کرنا۔ (مستحب)

۲۸ - اپنی ذات سے دعا شروع کرے اور پھر اپنے ماں باپ اور تمام مومن بھائیوں کے لیے دعا کرے (یعنی پہلے اپنے لیے پھر درجہ بدرجہ اوروں کے لیے دعا مانگے) (مستحب)

۲۹ - اگر امام ہو تو تنہا اپنے لیے دعا نہ مانگے بلکہ اپنے اور تمام مقتدیوں کے لیے دعا مانگے۔ مثلاً "میری" کی بجائے "ہماری" یا "میں" کے بجائے "ہم" کے الفاظ استعمال کرے) (مستحب)

۳۰ - پورے یقین کے ساتھ اور قطعی طور پہ دُعا مانگنا (کہ اللہ تعالیٰ دعا یقیناً قبول کرتے ہیں اور میں بغیر کسی تذبذب و تردد کے دعا مانگتا ہوں۔ نیز دعا کو اپنی طرف سے کسی چیز پر موقوف بھی نہ کرے مثلاً یہ نہ کہے کہ اگر تو چاہے تو میرا قرض ادا کر دے، بلکہ اس طرح دعا مانگے - الٰہی میرا قرض ادا کر دے)" رکن

۳۱ - انتہائی رغبت و شوق کے ساتھ دعا مانگے (بے دلی سے دعا نہ مانگے) (مستحب)

۳۲ - دل (کی گہرائیوں) سے پوری کوشش و محنت سے دعا مانگے اور

دل (دعا کی طرف) پوری طرح متوجہ ہو اور اللہ سے حسن ظن رکھے (رکن)

۳۳ - ایک ہی دعا بار بار مانگنے کا کم سے کم درجہ تین مرتبہ ہے (یعنی ہر دعا کم سے کم تین مرتبہ مانگے (مستحب)

۳۴ - کسی دعا پر اصرار نہ کرے اکہ میری یہ دعا تجھے قبول کرنی ہی ہو گی۔ (مکروہ)

۳۵ - کسی گناہ کی یا قطع رحمی کی دعا نہ کرے (شرط)

۳۶ - جو چیز روز ازل سے ہو چکی ہے۔ اس (کے خلاف) دعا نہ مانگے (مثلاً الٰہی تو مجھے عورت سے مرد یا عورت بنا دے۔)

۳۷ - اللہ کی رحمت میں تنگی نہ کرے (مثلاً الٰہی تو میری ہی مغفرت کر اور کسی کی نہ کر) (مکروہ)

۳۸ - دعا مانگنے والا اور سننے والا دونوں آمین کہیں۔ مستحب

۳۹ - دعا سے فارغ ہو کر دونوں ہاتھ منہ پر پھیرے (مستحب)

۴۰ - دعا میں حد سے تجاوز نہ کرے کہ کسی محال اور ناممکن امر کی دعا مانگے (شرط)

بے نمازی کے پندرہ عذاب

دنیا کے چھ عذاب

۱- عمر میں برکت کم ہو جائے گی۔

۲- نیکیوں کی چمک چہرے سے چھین لی جائے گی۔

۳- کسی بھی عمل کا ثواب نہیں ملے گا۔

۴- اس کی دعائیں نامقبول ہوں گی۔

۵- لوگوں کے سامنے ذلیل ہوگا۔

۶- نیک بندوں کی دعائیں اس کے حق میں قبول نہ ہوں گی۔

موت کے وقت کے تین عذاب

۱- ذلت کے ساتھ۔ ۲- بھوکا ۳- شدید پیاسا مرے گا

قبر کے تین عذاب

۱- قبر شدت سے دبائے گی۔ جس سے پسلیاں ٹوٹ کر ایک دوسرے میں پیوست ہو جائیں گی۔

۲- قبر میں آگ ہوگی۔

۳- ایک بہت ہی زبردست اور خوفناک سانپ قیامت تک روزانہ پانچ مرتبہ مارے گا۔ جس سے ہر بار بے نمازی ستر ۷۰ گز زمین میں دھنس جائے گا۔

قیامت کے تین عذاب

۱- جہنم کی آگ کا بادل جہنم کی طرف ہانک کر لے جائے گا۔

۲- بوقت حساب اللہ عزوجل چشم غضب سے دیکھے گا تو چہرے کا گوشت جھڑ جائے گا۔ شدت کے ساتھ حساب ہوگا۔

۳- اور جہنم کا حکم سنایا جائے گا۔

وَالْعِيَاذُ بِاللهِ التَّوْفِيْق۔ (قُرَّةُ الْعُيُوْنِ بِطُوْلِهٖ)

ہر ماہ کے علیحدہ علیحدہ

اوقات نماز۔ نفل نماز، روزہ اور وظائف

محرّم الحرام

جب چاند دیکھے تو یہ دُعا پڑھے

اَللّٰھُمَّ اَھِلَّہٗ عَلَیْنَا بِالْیُمْنِ وَالْاِیْمَانِ وَالسَّلَامَۃِ وَالْاِسْلَامِ وَالتَّوْفِیْقِ لِمَا تُحِبُّ وَتَرْضٰی رَبِّیْ وَرَبُّكَ اللّٰہُ ط

سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ ماہ محرم الحرام بہت ہی بابرکت مہینہ ہے اور شب عاشورہ نیز یوم عاشورہ کی عبادت کے بے حد فضائل ہیں۔

حضور اقدس صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ محرم کا چاند دیکھ کر چار مرتبہ سورہ اخلاص پڑھ کر اپنے اوپر دم کرنا بہت افضل ہے اوّل شب بعد نماز عشاء آٹھ رکعت نماز چا سلام سے پڑھے اور ہر رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد سورہ اخلاص گیارہ گیارہ دفعہ پڑھو۔ انشاء اللہ تعالےٰ

اس نماز کی برکت سے روز حشر اللہ پاک اس نماز پڑھنے والے اور اس کے گھر والوں کی شفاعت فرمائے گا۔

اوّل شب بعد نماز عشاء ماہ محرم چار رکعت نماز دو سلام سے پڑھے اور سورہ فاتحہ کے بعد ہر رکعت میں سورہ اخلاص گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھنی ہے پھر بعد سلام کے یہ دُعا گیارہ مرتبہ پڑھے۔

سُبُّوْحٌ قُدُّوْسٌ رَبُّنَا وَرَبُّ الْمَلٰٓئِكَةِ وَالرُّوْحِ ط

اس نماز کے پڑھنے سے بے شمار عبادات کا ثواب درگاہ رب العزت سے عطا کیا جائے گا۔

محرم کی پہلی شب سے شب عاشورہ تک روزانہ بعد نماز عشاء ایک سو مرتبہ کلمہ توحید پڑھنا واسطے بخشش گناہ بہت افضل ہے۔

پہلی شب محرم الحرام سے شب عاشورہ تک بعد نماز عشاء اوّل آخر معہ درود شریف کے ایک سو دفعہ یہ دعا بھی پڑھنی افضل ہے

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ہ

اَللّٰھُمَّ لَا مَانِعَ لِمَآ اَعْطَیْتَ وَلَا مُعْطِیَ لِمَا مَنَعْتَ وَلَا رَآدَّ لِمَا قَضَیْتَ وَلَا یَنْفَعُ ذَا الْجَدِّ مِنْكَ الْجَدُّ۔

نفل نماز پہلی تاریخ محرم الحرام

پہلی تاریخ بعد نماز ظہر دو رکعت نماز پڑھے اول رکعت میں سورہ فاتحہ کے سورہ اخلاص تیرہ بار۔ دوسری رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد سورہ اخلاص بارہ مرتبہ پڑھے۔ پھر بعد سلام کے یہ دعائے مکرم ایک مرتبہ پڑھے۔

اَللّٰهُمَّ اَنْتَ اللّٰهُ الْاَبَدُ الْقَدِيْمُ هٰذِهٖ سَنَةٌ جَدِيْدَةٌ اَسْئَلُكَ فِيْهَا الْعِصْمَةَ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ وَالْاَمَانَ مِنَ السُّلْطَانِ الْجَابِرِ وَمِنْ شَرِّ كُلِّ ذِيْ شَرٍّ وَمِنَ الْبَلَاءِ وَالْاٰفَاتِ وَاَسْئَلُكَ الْعَوْنَ وَالْعَدْلَ عَلٰى هٰذِهِ النَّفْسِ الْاَمَّارَةِ بِالسُّوْٓءِ وَالْاِشْتِغَالَ بِمَا يُقَرِّبُنِيْ اِلَيْكَ يَا بَرُّ يَا رَءُوْفُ يَا رَحِيْمُ يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ

ترجمہ:۔ اے اللہ تو ایسا ہے جس کی نہ ابتداء ہے نہ انتہا۔ یہ نیا برس ہے تجھ سے پناہ مانگتا ہوں اس برس میں نگہبانی شیطان راندے گئے سے اور امان ظالم بادشاہ سے اور ہر شریر کے شر سے اور بلاؤں اور آفتوں سے اور پناہ مانگتا ہوں تجھ سے مدد اور انصاف اس نفس پر جو برائی سکھاتا ہے اور مانگتا ہوں مشغول اس چیز کی جو مجھ کو نزدیک کرے

تیری طرف، اے نیک کار اے مہربان اے رحم کرنے والے اے صاحب بزرگی اور انعام کے۔

اللہ پاک اس نماز اور دعا کے پڑھنے والے کے تمام گناہ معاف فرمائے گا اور انشاء اللہ تعالیٰ وہ دنیا سے با ایمان اٹھے گا۔

نفل نماز شب عاشورہ

عاشورہ کی شب بعد نماز عشاء چار رکعت نماز دو سلام سے پڑھے۔ ہر رکعت میں بعد سورہ فاتحہ کے آیۃ الکرسی تین تین دفعہ سورہ اخلاص دس دس دفعہ پڑھے۔ بعد سلام کے سورہ اخلاص ایک سو مرتبہ پڑھ کر اپنے گناہوں کی توبہ کرے اور اللہ پاک سے بخشش طلب کرے انشاء اللہ تعالیٰ خداوند کریم اپنی رحمت کاملہ سے اس نماز کے پڑھنے والوں کے تمام گناہ معاف فرمائیں گے۔

شب عاشورہ۔ بعد نماز عشاء آٹھ رکعت نماز چار سلام سے پڑھے ہر رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد سورہ اخلاص پچیس پچیس مرتبہ پڑھنی ہے پھر بعد سلام کے درود پاک ستر مرتبہ۔ استغفار ستر دفعہ پڑھ کر دعائے مغفرت کرے۔ اللہ رب العزت اس نماز پڑھنے والوں کی قبر کو روشن کرکے عذاب قبر سے محفوظ رکھے گا اور بروز حشر اسے مغفرت عطا ہوگی۔ انشاء اللہ تعالیٰ

شب عاشورہ عشاء کی نماز کے بعد چار رکعت نماز دو سلام سے پڑھے ہر رکعت میں بعد سورۂ فاتحہ کے سورہ اخلاص پانچ پانچ

مرتبہ پڑھے۔

یہ نماز واسطے بخشش گناہ کے لیے افضل ہے۔ پروردگار عالم اس نماز پڑھنے والے کے تمام گناہ معاف فرما کر مغفرت فرمائے گا۔ انشاء اللہ

عاشورہ کی شب نماز عشاء کے بعد چار رکعت نماز دو سلام سے پڑھے اور بعد سورۂ فاتحہ کے ہر رکعت میں آیۃ الکرسی تین تین مرتبہ پڑھے۔ بعد سلام کے سورۂ اخلاص ایک سو مرتبہ پڑھے۔

انشاء اللہ تعالےٰ اللہ پاک اس نماز کے پڑھنے والے کو بہشت میں ہر قسم کی نعمت عطا فرمائے گا۔

یوم عاشورہ

عاشورہ کے دن بعد نماز فجر برآمد ہونے آفتاب کے دو رکعت نماز پڑھے ہر رکعت میں بعد سورۂ فاتحہ کے جو بھی سورۃ یاد ہو پڑھ لے اور بعد سلام کے ایک مرتبہ اس دعا کو پڑھے۔

یوم عاشورہ کسی وقت با وضو ہو کر ستر مرتبہ پڑھے۔

حَسْبِیَ اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ ط

مغفرت گناہ کے لیے یہ وظیفہ پڑھنا بھی بہت افضل ہے

یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ بِرَحْمَتِکَ اَسْتَغِیْثُ ط

یہ بھی وظیفہ بخشش کے لیے ہے۔

دُعَاءُ عَاشُوْرَآءَ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

یَا قَابِلَ تَوْبَۃِ اٰدَمَ یَوْمَ عَاشُوْرَآءَ

یَا فَارِجَ کَرْبِ ذِی النُّوْنِ یَوْمَ عَاشُوْرَآءَ

یَا جَامِعَ شَمْلِ یَعْقُوْبَ یَوْمَ عَاشُوْرَآءَ

یَا سَامِعَ دَعْوَۃِ مُوْسٰی ھٰرُوْنَ یَوْمَ عَاشُوْرَآءَ

یَا مُغِیْثَ اِبْرَاھِیْمَ مِنَ النَّارِ یَوْمَ عَاشُوْرَآءَ

یَا رَافِعَ اِدْرِیْسَ اِلَی السَّمَآءِ یَوْمَ عَاشُوْرَآءَ

یَا مُجِیْبَ دَعْوَۃِ صَالِحٍ فِی النَّاقَۃِ یَوْمَ عَاشُوْرَآءَ

یَا نَاصِرَ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی وَسَلَّمَ یَوْمَ عَاشُوْرَآءَ

یَا رَحْمٰنَ الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَۃِ وَرَحِیْمَھُمَا صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّصَلِّ عَلٰی جَمِیْعِ الْاَنْبِیَآءِ

وَالْمُرْسَلِيْنَ وَاقْضِ حَاجَاتِنَا فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ وَاَطِلْ عُمْرَنَا فِيْ طَاعَتِكَ وَمَحَبَّتِكَ وَرِضَاكَ وَاَحْيِنَا حَيٰوةً طَيِّبَةً وَّتَوَفَّنَا عَلَى الْاِيْمَانِ وَالْاِسْلَامِ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ ط

اَللّٰهُمَّ بِعِزِّ الْحَسَنِ وَاَخِيْهِ وَاُمِّهٖ وَاَبِيْهِ وَجَدِّهٖ وَبَنِيْهِ فَرِّجْ عَنَّا مَا نَحْنُ فِيْهِ ط پھر سات بار پڑھے

سُبْحَانَ اللّٰهِ مِلْءَ الْمِيْزَانِ وَمُنْتَهَى الْعِلْمِ وَمَبْلَغَ الرِّضٰى وَزِنَةَ الْعَرْشِ لَا مَلْجَاَ وَلَا مَنْجَاَ مِنَ اللّٰهِ اِلَّا اِلَيْهِ ہ سُبْحَانَ اللّٰهِ عَدَدَ الشَّفْعِ وَالْوَتْرِ وَعَدَدَ كَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّاتِ كُلِّهَا نَسْئَلُكَ السَّلَامَةَ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ ط وَهُوَ حَسْبُنَا وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ ہ نِعْمَ الْمَوْلٰى وَنِعْمَ النَّصِيْرُ ط وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ ط وَصَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَعَلَى

الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ وَالْمُسْلِمِيْنَ وَالْمُسْلِمَاتِ عَدَدَ ذَرَّاتِ الْوُجُوْدِ وَعَدَدَ مَعْلُوْمَاتِ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ط

درگاہ رب العزت سے اس نماز اور دُعا کے پڑھنے والے کو بے شمار عبادت کا ثواب عطا ہوگا۔

عاشورہ کے دن چار رکعت نماز ظہر سے پہلے پڑھے، ہر رکعت میں بعد سورہ فاتحہ کے سورۂ زلزال ایک بار۔ سورہ کافرون ایک بار سورۂ اخلاص ایک بار بعد سلام کے ستر مرتبہ درُود پاک پڑھ کر اپنے گناہوں سے توبہ کرے۔

انشاءاللہ تعالےٰ خداوند قدوس اس نماز کے پڑھنے والے کے تمام گناہ معاف فرما کر مغفرت فرمائے گا۔

نماز ظہر سے پہلے یوم عاشورہ چھ رکعت نماز تین سلام اس ترکیب سے پڑھے کہ ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ تو پڑھنی ہے بعد سورہ فاتحہ کے پہلی رکعت میں سورہ شمس ایک بار۔ دوسری میں سورۂ قدر ایک بار تیسری میں سورۂ زلزال ایک بار۔ چوتھی میں سورۂ اخلاص ایک بار، پانچویں میں سورۂ فلق ایک بار چھٹی میں سورۂ ناس ایک بار پڑھے۔ بعد سلام کے سر سجدہ میں رکھ کر سورہ کافرون ایک مرتبہ پڑھ کر حسب مراد کے لیے دعا کریں انشاءاللہ تعالےٰ دربار خداوندی میں قبول ہوگی۔

نماز ظہر سے پہلے یوم عاشورہ چار رکعت نماز دو سلام سے اس ترکیب سے پڑھے کہ ہر رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد ۵ امرتبہ سورہ اخلاص ہر چار

رکعتوں میں پڑھے اور یہ نماز حضرت امام حسن علیہ السلام اور حضرت امام حسین علیہ السلام کو بخش دیں۔

نفل روزہ

محرم الحرام میں روزہ رکھنے کی بہت فضیلت ہے۔
پہلی تاریخ سے دس تاریخ تک روزہ رکھے یا پہلی تاریخ کا اور نویں دسویں کا روزہ رکھنا افضل ہے۔

صَفَرُالمُظَفّر

حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں کہ ماہ صفر بڑی صعوبت والا مہینہ ہے آپؐ اس ماہ کے شروع ہونے پر افسردہ اور ختم ہونے پر مسرت کا اظہار فرماتے تھے۔ فرمایا ماہ صفر میں ایک لاکھ بیس ہزار بلائیں آسمان سے نازل ہوتی ہیں۔ لیکن جو لوگ اس ماہ میں عبادت الٰہی میں اپنا وقت گزاریں گے ان پر ان بلاؤں کا اثر نہ ہوگا اور اللہ پاک اس کے گناہوں کو معاف فرمائے گا۔

نفل نماز

ماہ صفر کا چاند دیکھ کر نماز مغرب اور نماز عشاء کے درمیان چار رکعت نماز

دو سلام سے پڑھے ہر رکعت میں بعد سورۂ فاتحہ کے سورہ اخلاص گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھنی ہے پھر بعد سلام پھیرنے کے ایک ہزار مرتبہ اس درود پاک کو پڑھے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِ نِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَرَحْمَةُ اللّٰہِ وَبَرَکَاتُہٗ۔

اللہ تعالیٰ اس نماز اور درود پاک پڑھنے والے کے تمام گناہ معاف فرما کر انشاء اللہ تعالیٰ مغفرت فرمائے گا۔

اوّل شب بعد نماز عشا چار رکعات نماز پڑھے۔ پہلی رکعت میں بعد سورہ فاتحہ کے سورہ کافرون پندرہ بار۔ دوسری میں بعد سورہ فاتحہ کے سورہ اخلاص پندرہ بار تیسری میں سورہ فاتحہ کے بعد سورہ فلق پندرہ بار۔ چوتھی رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد سورۂ ناس پندرہ بار پڑھے۔ یہ نماز بعد نماز عشاء پڑھنی چاہیئے۔ پھر سلام کے بعد ایک سو مرتبہ پڑھے

اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُؕ پھر ستر مرتبہ درود پاک پڑھ لے نماز عشاء کے وتر اور نفل اس نماز کے بعد پڑھنے چاہئیں۔ اس نماز کے پڑھنے والے کو اللہ پاک تمام بلاؤں آفتوں سے محفوظ رکھے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

نفل آخری چار رکعت

ماہ صفر کے آخری بدھ جسے آخری چہار شنبہ کہتے ہیں بوقت چاشت

غسل کرکے دو رکعت نماز پڑھے۔ ہر رکعت میں گیارہ گیارہ مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھے بعد سورہ فاتحہ کے پھر بعد سلام کے ستر مرتبہ یہ درود پاک پڑھے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِ ِالنَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَعَلٰی اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ ؕ

پھر ایک مرتبہ یہ دعا پڑھنی ہے۔

اَللّٰهُمَّ صَرِّفْ عَنِّیْ سُوْٓءَ هٰذَا الْیَوْمِ وَاَعْصِمْنِیْ مِنْ شُوْمِهٖ وَنَجِّنِیْ عَمَّا اَصَابَ فِیْهِ مِنْ نُحُوْسَاتِهٖ وَكُرُبَاتِهٖ بِفَضْلِكَ یَا دَافِعَ الشُّرُوْرِ یَا مَالِكَ النُّشُوْرِ یَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ وَصَلَّی اللّٰهُ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهِ الْاَمْجَادِ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ ؕ

انشاء اللہ تعالیٰ اس نماز اور دعا کی برکت سے اللہ پاک اسے تمام بلاؤں اور صعوبتوں سے محفوظ رکھے گا۔

آخری چہارشنبہ کو بعد نماز ظہر دو رکعت نماز پڑھے ہر رکعت میں بعد سورۂ فاتحہ کے سورہ اخلاص تین تین مرتبہ پڑھے بعد سلام کے

سورہ نشرح اسّی بار سورہ والتین اسّی مرتبہ سورہ نصر اسّی مرتبہ اور سورۂ اخلاص ۸۰ مرتبہ پڑھے۔ یہ نماز ترقی رزق کے لیے بہت افضل ہے۔

چہارشنبہ قبل نماز عصر چار رکعت نماز دو سلام سے پڑھے اور ہر رکعت میں بعد سورہ فاتحہ کے سورہ کوثر ستّر مرتبہ۔ سورہ اخلاص پانچ پانچ دفعہ پڑھے۔ بعد سلام کے یہ دعائے مکرمہ ایک مرتبہ پڑھنی ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ؕ یَا شَدِیْدُ الْقَوِیِّ یَا شَدِیْدُ الْمِحَالِ یَا مُفَضِّلُ یَا مُكَرِّمُ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ بِرَحْمَتِكَ یَآ اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ ؕ

اس نماز اور دعا کے پڑھنے والے کو اس دن کی تمام آفات بلیات سے اللہ تعالیٰ محفوظ رکھے گا۔

دُعاء

آخری چہارشنبہ کو نماز فجر تا عشاء ہر نماز کے بعد یہ آیات قرآنی ایک مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کرکے خود بھی پیئے اور سب کو بھی پلائے۔

سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِیْمٍ ؕ سَلٰمٌ عَلٰی نُوْحٍ فِی الْعٰلَمِیْنَ ؕ سَلٰمٌ عَلٰٓی اِبْرٰهِیْمَ ؕ سَلٰمٌ عَلٰی مُوْسٰی

وَهٰرُوْنَ ط سَلٰمٌ عَلٰٓى اِلْيَاسِيْنَ ط سَلٰمٌ عَلَيْكُمْ طِبْتُمْ فَادْخُلُوْهَا خٰلِدِيْنَ ط سَلٰمٌ هِيَ حَتّٰى مَطْلَعِ الْفَجْرِ ط ۔

یہ سات آیاتِ قرآنی درازیٔ عمر حفاظت جان و مال کے لیے بہت افضل ہیں۔

ربیع الاوّل

ماہ ربیع الاوّل بے حد متبرک اور فضیلت والا مہینہ ہے اور اسی برگزیدہ مہینہ میں شاہ دو عالم حضورِ اقدس صلے اللہ علیہ وآلہٖ وسلم دنیا میں جلوہ افروز ہوئے اس لیے یہ بڑی رحمت و برکت کا مہینہ ہے۔

نفل نماز

پہلی تاریخ ماہ ربیع الاوّل بعد نماز عشاء سولہ رکعت نماز آٹھ سلام سے پڑھے ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد سورۂ اخلاص تین تین مرتبہ پڑھنی ہے۔ پھر سلام کے بعد ایک ہزار مرتبہ یہ درود پاک پڑھنا ہے اگلے صفحہ پر ملاحظہ فرمائیں۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدِنِ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ۔

اس نماز کی بہت فضیلت ہے اور انشاء اللہ تعالےٰ اس نماز اور درود شریف پڑھنے والے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی زیارت سے فیضیاب ہوں گے۔ لیکن باوضو سونا ضروری ہے۔

ماہ مبارک کی بارہ تاریخ بعد نماز ظہر بہ نیت ہدیہ بروح اقدس صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم بیس رکعت نماز دس سلام سے پڑھے ہر رکعت میں بعد سورہ فاتحہ کے سورہ اخلاص اکیس اکیس مرتبہ پڑھے۔

انشاء اللہ تعالےٰ اس نماز کے پڑھنے والے کو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت نصیب ہوگی۔ اس نماز کے پڑھنے والے توحید پر قائم ہوں اور شرک سے بیزار ہوں نیز باوضو سوئے۔

ربیع الاوّل کی بارہویں۔ تیرہویں۔ چودھویں شب کو بعد نماز عشاء اس دعا کو سات ہزار سات سو اکتالیس مرتبہ پڑھے۔ مذکورہ دعا یہ ہے۔

يَا بَدِيْعَ الْعَجَائِبِ بِالْخَيْرِ يَا بَدِيْعُ

یہ دعا ترقی رزق کے لیے بہت افضل ہے۔ مگر یہ خیال رہے کہ بارہ تاریخ پیر یا جمعرات یا جمعہ کی ہو۔

ماہ ربیع الاوّل میں سب مہینوں سے زیادہ درود پاک پڑھنے کی بہت فضیلت ہے کثرت کے ساتھ اس ماہ میں درود شریف پڑھنا چاہیئے

Scanned with CamScanner

ربیع الثانی

ماہِ ربیع الثانی بھی نہایت افضل ترین مہینہ ہے اور اس ماہ میں بھی زیادہ درُود پاک پڑھنا چاہیئے ۔

نفل نماز :-

پہلی سب بعد نماز مغرب اور قبل نماز عشاء آٹھ رکعت نماز چار سلام سے پڑھے اور پہلی رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد سورہ کوثر تین بار دوسری میں بعد سورہ فاتحہ کے سورہ کافرون تین بار ۔ پھر تیسری ۔ چوتھی ۔ پانچویں چھٹی ۔ ساتویں آٹھویں رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد سورہ اخلاص تین تین مرتبہ ہر رکعت میں پڑھنی ہے ۔ انشاءاللہ تعالےٰ اس نماز پڑھنے والے کو بے شمار نمازوں کا ثواب عطا ہوگا ۔

ماہ ربیع الثانی کی پہلی ۔ پندرہویں ۔ انیتسویں شب بعد نماز عشاء چار رکعت نماز دو سلام سے پڑھے ۔ ہر رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد سورہ اخلاص پانچ پانچ دفعہ پڑھنی ہے ۔ انشاءاللہ تعالیٰ اس نماز پڑھنے والے کی پروردگار عالم روز حشر میں مغفرت فرمائے گا ۔

جمادی الاوّل

ماہ جمادی الاوّل نہایت بزرگ اور فضیلت کا مہینہ ہے اور اس کی عبادت کا بہت ثواب ہے ۔

نفل نماز

پہلی تاریخ بعد نماز مغرب آٹھ رکعت نماز چار سلام سے پڑھنی ہے ۔ ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد سورۂ اخلاص گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھے یہ نماز بہت افضل ہے اور اس کے پڑھنے سے انشاءاللہ تعالیٰ بے شمار عبادت کا ثواب پاک پروردگار کی طرف سے عطا کیا جائے گا ۔

پہلی تاریخ بعد نماز عشاء بیس رکعت نماز دس سلام سے پڑھے ہر رکعت میں بعد سورہ فاتحہ کے بعد سورہ اخلاص ایک ایک بار پڑھنی ہے ۔ بعد سلام کے ایک سو مرتبہ درُود شریف پڑھے ۔ انشاءاللہ تعالےٰ اس نماز کی برکت سے اللہ پاک اسے بے شمار نمازوں کا ثواب عطا کرے گا ۔

Scanned with CamScanner

جمادی الثانی

ماہ جمادی الثانی بڑی خیر و برکت کا مہینہ ہے اور اس ماہ کی عبادت بہت افضل ترین ہے۔ یہ مہینہ استقبال ماہ رجب ہے اور اس کی عبادت کا مقصد ماہِ رجب کی حرمت ہے۔

نفل نماز

پہلی تاریخ بعد نماز عشاء بارہ رکعت نماز چھ سلام سے پڑھے ہر رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد سورہ اخلاص ایک ایک دفعہ پڑھنی ہے۔

انشاء اللہ العظیم اس نماز کے پڑھنے والے کو پروردگار عالم بہت بڑی عبادت کا ثواب عطا فرمائے گا۔

جمادی الثانی کی اکیس شب سے آخری تاریخ تک روزانہ ہر شب کو بعد نماز عشاء بیس رکعت نماز دس سلام سے پڑھنی ہے۔ ہر رکعت میں بعد سورہ فاتحہ کے سورہ اخلاص ایک ایک بار پڑھے۔ اللہ تعالےٰ اس نماز کے پڑھنے والے کو حرمت رجب المرجب کا ثواب عطا کرے گا۔ یعنی اس نماز کا مقصد ہے کہ ماہ رجب کے مبارک مہینہ کا استقبال عبادت الٰہی سے کیا، اس لیے اس نماز کی بڑی فضیلت ہے۔

نفل روزہ - جمادی الثانی کی آخری تاریخ روزہ رکھنا افضل ہے

رَجَبُ المُرَجَّب

رسول مقبول صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم فرماتے ہیں کہ ماہ رجب کی بےشمار فضیلت ہے اس ماہ مبارک کی عبادت بہت افضل ہے۔ حضور اکرم صلے اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کا ارشاد گرامی ہے کہ جب ماہ رجب کا چاند دیکھو تو پہلے ایک مرتبہ یہ دعا پڑھو۔

اَللّٰهُمَّ بَارِكْ لَنَا فِيْ رَجَبَ وَشَعْبَانَ وَبَلِّغْنَا اِلٰى شَهْرِ رَمَضَانَ ط

نفل نماز

ماہ رجب کی پہلی شب نماز عشاء کے بعد دس رکعت نماز پانچ سلام سے پڑھے ہر رکعت میں بعد سورہ فاتحہ کے سورہ کافرون تین تین مرتبہ اور سورہ اخلاص تین دفعہ پڑھے۔ انشاءاللہ تعالےٰ اس نماز پڑھنے والے کو اللہ پاک قیامت کے دن شہیدوں میں شامل کرے گا۔ اور ہزار درجہ اس کے بلند کرے گا۔

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ لَهُ
الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ يُحْيِيْ وَيُمِيْتُ وَهُوَ حَيٌّ

Scanned with CamScanner

لَا يَمُوْتُ بِيَدِهِ الْخَيْرُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ۔
اَللّٰهُمَّ لَا مَانِعَ لِمَا اَعْطَيْتَ وَلَا مُعْطِيَ لِمَا
مَنَعْتَ وَلَا يَنْفَعُ ذَا الْجَدِّ مِنْكَ الْجَدُّ۔

پہلی شب بعد نماز عشاء چار رکعت نماز دو سلام سے پڑھے ہر رکعت میں بعد سورۂ فاتحہ کے سورہ نشرح ایک بار۔ سورہ اخلاص ایک بار سورہ فلق ایک بار۔ سورۂ ناس ایک بار پڑھے جب دو رکعت کا سلام پھیرے تو کلمہ توحید تنتیس ۳۳ بار اور درود شریف تنتیس ۳۳ بار مرتبہ پڑھے۔ پھر دو رکعت کی نیت باندھ کر پہلی دو رکعت کی طرح پڑھے پھر بعد سلام کے کلمۂ توحید تنتیس ۳۳ دفعہ درود شریف ۳۳ دفعہ پڑھ کر جو بھی حاجت ہو اللہ پاک سے طلب کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ہر حاجت قبول ہوگی۔

ماہ رجب میں پہلی تاریخ سے ہر نماز کے بعد تین مرتبہ اس دعا کو پڑھنے کی بہت فضیلت ہے۔

اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ الْعَظِيْمَ الَّذِيْ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَيُّ
الْقَيُّوْمُ ۙ اِلَيْهِ تَوْبَةَ عَبْدٍ ظَالِمٍ لَا يَمْلِكُ
نَفْسِهٖ ضَرًّا وَّلَا نَفْعًا وَّلَا مِتًّا وَّلَا حَيٰوةً وَّ
لَا نُشُوْرًا ۝

ماہ رجب کی پہلی تاریخ بعد نماز ظہر دو رکعت نماز پڑھے۔ ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے سورہ اخلاص پانچ پانچ مرتبہ پڑھنی ہے۔ بعد سلام کے اپنے پچھلے گناہوں سے توبہ کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ درگاہ رب العزت سے اس نماز پڑھنے والے کے تمام گناہ معاف ہو کر مغفرت ہوگی۔

ماہ رجب کی ہر شب جمعہ بعد نماز عشاء دو رکعت نماز پڑھے۔ پہلی رکعت میں بعد سورۂ فاتحہ کے سورہ بقر کا آخری رکوع اٰمَنَ الرَّسُوْلُ سے كٰفِرِيْنَ ؁ تک سات مرتبہ پڑھے پھر دو رکعت میں بعد سورۂ فاتحہ کے سورہ حشر کی آخری آیات هُوَ اللّٰهُ الَّذِيْ تا الْحَكِيْمُ ؁ تک سات مرتبہ پڑھے۔ بعد سلام کے بارگاہ الٰہی میں جو بھی حاجت ہو طلب کرے انشاء اللہ تعالیٰ جو دعا مانگے گا قبول ہوگی۔ ہر مراد کے لیے یہ نماز بہت افضل ہے۔

لیلۃ الرغائب اسی مہینہ میں ہوتی اور اس مہینہ کے پہلے جمعہ کی رات کا نام لیلۃ الرغائب ہے اس رات میں بعد مغرب کے بارہ رکعت نفل چھ سلام سے ادا کی جاتی ہیں۔ ہر رکعت میں بعد الحمد کے انا انزلنا تین بار اور اخلاص بارہ مرتبہ پڑھے بعد فراغ ستر بار پڑھے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدِ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ وَعَلٰى اٰلِهٖ
وَسَلِّمْ۔

پھر سجدہ میں جاکر ستر بار پڑھے۔

سُبُّوْحٌ قُدُّوْسٌ رَبُّ الْمَلٰٓئِكَةِ وَالرُّوْحِ اور

Scanned with CamScanner

پھر سر اٹھائے اور کہے

رَبِّ اغْفِرْ وَارْحَمْ وَتَجَاوَزْ عَمَّا تَعْلَمُ اِنَّكَ اَنْتَ الْعَزِيْزُ الْاَعْظَمُ ۔ ستر مرتبہ پھر دوسرا سجدہ اسی طرح کرے پھر جو دعا مانگے گا قبول ہوگی۔ انشاء اللہ تعالےٰ

ماہ رجب کے پہلے جمعہ کو ظہر اور عصر کے درمیان چار رکعت نماز ایک سلام سے پڑھے ہر رکعت میں بعد سورۂ فاتحہ کے آیۃ الکرسی سات بار سورہ اخلاص اخلاص پانچ مرتبہ پڑھے۔ بعد سلام کے پچیس مرتبہ یہ پڑھے۔

لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْكَبِيْرِ الْمُتَعَالِ ۔

پھر ایک سو مرتبہ یہ استغفار پڑھے۔

اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ الَّذِيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ غَفَّارُ الذُّنُوْبِ وَسَتَّارُ الْعُيُوْبِ وَاَتُوْبُ اِلَيْهِ ۔

بعد ازاں ایک سو مرتبہ درود شریف پڑھ کر جو بھی دعا کرے خواہ دنیاوی یا دینی انشاء اللہ تعالےٰ درگاہ الٰہی میں ضرور قبول ہوگی۔

پندرھویں شب کو بعد نماز عشاء دس رکعت نماز پانچ سلام سے پڑھے ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد سورہ اخلاص تین تین دفعہ پڑھے۔

بعد نماز کے یہ دعا پڑھے۔

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ لَهُ الْمُلْكُ

وَلَهُ الْحَمْدُ يُحْيِيْ وَيُمِيْتُ وَهُوَ حَيٌّ لَّا يَمُوْتُ بِيَدِهِ الْخَيْرُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۔ اِلٰهًا وَّاحِدًا اَحَدًا صَمَدًا فَرْدًا وِّتْرًا لَّمْ يَتَّخِذْ صَاحِبَةً وَّلَا وَلَدًا ۔

اس نماز کے پڑھنے والے کے گناہ ایسے جھڑیں گے جیسے درخت کے سوکھے پتے جھڑ جاتے ہیں۔

ماہ رجب کے کسی جمعہ کی شب کو بعد نماز عشاء دو رکعت نماز پڑھے ہر دو رکعت میں بعد سورہ فاتحہ کے آیۃ الکرسی گیارہ مرتبہ۔ سورہ زلزال گیارہ مرتبہ۔ سورہ تکاثر گیارہ مرتبہ پڑھے بعد سلام کے درگاہ الٰہی میں اپنے گناہوں کی مغفرت طلب کرے۔ انشاء اللہ تعالےٰ اس نماز پڑھنے والے کے تمام گناہ معاف فرما کر اللہ پاک اس کی بخشش فرمائے گا۔

ماہ رجب المرجب کی پندرہ تاریخ کسی نماز کے بعد ایک مرتبہ یہ استغفار پڑھنی بہت افضل ہے اس دعا کے پڑھنے والے کی تمام برائیاں مٹا کر اللہ پاک اسے نیکیوں میں بدل دے گا۔

اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ الَّذِيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ غَفَّارُ الذُّنُوْبِ وَسَتَّارُ الْعُيُوْبِ وَاَتُوْبُ اِلَيْهِ ۔

ماہ رجب کی کسی تاریخ کو نماز ظہر یا مغرب یا عشاء کی نماز کے بعد سورۂ کہف ایک بار سورۂ یٰسٓ ایک بار۔ سورہ حٰمٓ ایک بار۔ سورہ

دخان ایک بار سورہ معارعہ ایک بار پڑھے پھر سورۂ اخلاص ایک ہزار مرتبہ پڑھے۔

اللہ پاک ان سورتوں کے پڑھنے والے پر خاص رحمت و برکت عطا فرمائے گا۔

نفل نماز شب معراج:

ماہ رجب کی ستائیسویں شب کو بارہ رکعت نماز تین سلام سے پڑھے پہلی چار رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد سورہ قدر تین تین مرتبہ ہر رکعت میں بعد سلام کے ستر مرتبہ بیٹھ کر یہ پڑھے

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْمَلِكُ الْحَقُّ الْمُبِیْنُ۔

دوسری چار رکعت میں بعد سورہ فاتحہ کے سورہ نصر تین تین مرتبہ ہر رکعت میں بعد سلام کے بیٹھ کر ستر ۷۰ مرتبہ پڑھے۔

اِنَّكَ قَوِیٌّ مُعِیْنٌ وَاحِدٌ دَلِیْلٌ بِحَقِّ اِیَّاكَ نَعْبُدُ وَاِیَّاكَ نَسْتَعِیْنُ۔

تیسری چار رکعت میں بعد سورۂ فاتحہ کے سورہ اخلاص تین تین مرتبہ ہر رکعت میں بعد سلام کے بیٹھ کر ستر مرتبہ سورہ الم نشرح پڑھے۔ پھر رب العزت میں دعا مانگے۔ انشاءاللہ تعالے جو حاجت ہوگی وہ پوری ہوگی۔

ماہ رجب کی ستائیس ۲۷ تاریخ بعد نماز ظہر چار رکعت نماز ایک سلام سے پڑھے پہلی رکعت میں بعد سورہ فاتحہ کے سورہ قدر تین مرتبہ۔ دوسری میں بعد سورۂ فاتحہ کے سورہ اخلاص تین دفعہ تیسری میں بعد سورۂ فاتحہ کے سورہ فلق تین مرتبہ چوتھی میں بعد سورہ فاتحہ کے سورۂ ناس تین دفعہ پڑھے۔ بعد سلام کے درود پاک ایک سو مرتبہ پڑھے۔ یہ نماز ہر مراد کے لیے انشاءاللہ تعالے بہت افضل ہے۔

آخر ماہ رجب میں دس رکعتیں پانچ سلام سے پڑھے۔ ہر رکعت میں سورۂ الحمد کے بعد سورہ کافرون تین بار اور سورہ اخلاص تین بار پڑھے۔ پھر بعد نماز کے ہاتھ اٹھائے اور یہ دعا مقدسہ پڑھے۔

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِیْكَ لَهٗ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ یُحْیِیْ وَیُمِیْتُ وَهُوَ حَیٌّ لَّا یَمُوْتُ بِیَدِهِ الْخَیْرُ وَهُوَ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ وَصَلَّی اللّٰهُ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِهِ الطَّاهِرِیْنَ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ۔

پھر مانگ تو اپنے رب سے حاجت اپنی قبول کی جاوے گی۔ اللہ تعالی درمیان تیرے اور دوزخ کے ستر خندق ہر ایک خندق کی چوڑائی پانچ سو برس کی راہ ہوگی اور لکھے گا اللہ تعالے تیرے واسطے بدلے ہر رکعت کے

ثواب ہزار رکعت کا۔ جب حضرت سلمانؓ نے یہ حدیث سُنی تو روتے ہوئے خدا کے شکر کے لیے اس کثیر ثواب کے انعام پر سجدہ میں گر پڑے۔

نفل روزہ

حضورؐ نبی کریم صلے اللہ علیہ وآلہٖ وسلم فرماتے ہیں کہ ماہ رجب کے روزوں کی بہت بڑی فضیلت ہے اور سب سے زیادہ ستائیس تاریخ کے روزہ کا بہت بڑا ثواب ہے اس روزہ سے عذاب قبر اور نار دوزخ سے محفوظ رہے گا۔

ماہ رجب کے ایک روزہ کا ثواب ہزار روزوں کے برابر ہے۔

شعبانُ المُعظّم

رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کا ارشاد ہے کہ ماہ شعبان المعظم بہت ہی برگزیدہ مہینہ ہے اور اس ماہ مبارک کی عبادت کا بے حد ثواب اللہ تعالیٰ عطا فرماتا ہے۔

نفل نماز

ماہ شعبان کی پہلی شب بعد نماز عشاء بارہ رکعت نماز چھ سلام سے پڑھے۔ ہر رکعت میں بعد سورہ فاتحہ کے سورۂ اخلاص پندرہ پندرہ مرتبہ پڑھنی ہے۔ بعد سلام کے ستر مرتبہ درود پاک پڑھ کر اپنے گناہوں سے توبہ کرے انشاء اللہ تعالیٰ اس نماز کی برکت سے اللہ تعالیٰ اس کے گناہ معاف فرما کر جنت میں داخل فرمائے گا۔

ماہ شعبان میں روزانہ ہر نماز کے بعد اس دعا کو پڑھنا مغفرت کے واسطے بہت افضل ہے۔

اَسْتَغْفِرُ اللهَ الْعَظِيْمَ الَّذِيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ اِلَيْهِ تَوْبَةَ عَبْدٍ ظَالِمٍ لَا يَمْلِكُ نَفْسِهٖ ضَرًّا وَّلَا نَفْعًا وَّلَا مَوْتًا وَّلَا حَيَاةً وَّلَا نُشُوْرًا ۰

رسول اکرم صلے اللہ علیہ وآلہٖ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ ماہ شعبان المعظم میں جو کوئی تین ہزار مرتبہ درود شریف پڑھ کر مجھ کو بخشے گا حشر کے روز اس کی شفاعت کرنی مجھ پر واجب ہو جائے گی۔

ماہ شعبان کے پہلے جمعہ کی شب بعد نماز عشاء آٹھ رکعت نماز ایک سلام سے پڑھے اور ہر رکعت میں بعد سورہ فاتحہ کے سورہ اخلاص گیارہ گیارہ دفعہ پڑھے اور اس کا ثواب خاتونِ جنت حضرت فاطمہ رضی اللہ تعالٰی عنہا کو بخشے خاتونِ جنت فرماتی ہیں کہ میں ہرگز بہشت میں قدم نہ رکھوں گی جب تک کہ اس نماز کے پڑھنے والے کو اپنے ہمراہ داخل بہشت نہ کر لوں۔

ماہ شعبان پہلے جمعہ کی شب نماز عشاء کے بعد چار رکعت نماز ایک سلام سے پڑھے اور ہر رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد سورۂ اخلاص تین تین بار پڑھنی ہے اس نماز کی بہت فضیلت ہے اور اللہ تعالٰی کی طرف سے انسے عمرے کا ثواب ہوگا۔

شعبان کے پہلے جمعہ کو بعد نماز مغرب اور قبل نماز عشاء دو رکعت نماز ادا کرے ہر رکعت میں بعد سورۂ فاتحہ کے ایک بار آیۃ الکرسی۔ دس بار سورۂ اخلاص ایک بار سورۂ فلق، ایک بار سورہ ناس پڑھنی ہے۔ انشاء اللہ تعالٰی یہ نماز ترقی ایمان کے لیے بہت افضل رہے گی۔

چودہ شعبان المعظم

شعبان کی چودہ تاریخ بعد نماز مغرب دو رکعت نماز پڑھے ہر رکعت میں بعد سورہ فاتحہ کے سورۂ حشر کی آخری تین آیات ایک ایک مرتبہ اور

سورہ اخلاص تین تین دفعہ پڑھے۔

انشاء اللہ تعالٰی یہ نماز واسطے مغفرت گناہ بہت افضل ہے

شعبان المعظم کی چودہ تاریخ کو بعد نماز عصر آفتاب غروب ہونے کے وقت باوضو چالیس مرتبہ یہ کلمات پڑھے۔

لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ

اللہ پاک اس دعا کے پڑھنے والے کے چالیس سال کے گناہ معاف فرما دے گا۔

پندرہویں شب کو سورۂ بقر کا آخری رکوع (اٰمَنَ الرَّسُوْلُ) سے کَافِرِیْنَ تک اکیس مرتبہ پڑھنا واسطے امن وسلامتی حفاظت جان ومال افضل ہے۔

شب پندرہویں سورۂ یٰس تین دفعہ پڑھتے سے حسب ذیل فائدے ہیں۔

ترقی رزق۔ درازی عمر۔ ناگہانی آفتوں سے محفوظ رہنا۔

شعبان کی پندرہویں شب سورہ دخان سات مرتبہ پڑھنی بہت افضل ہے انشاء اللہ تعالٰی پروردگار عالم ستر حاجت دنیا کی اور ستر حاجات عقبیٰ کی قبول فرمائے گا۔

شب قدر:-

آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ شعبان المعظم کی پندرہویں شب کی عبادت بہت افضل ہے ۔ فرمایا اس شب کو اللہ پاک اپنے بندوں کے لیے بے شمار رحمت کے دروازے کھول دیتا ہے۔ اور فرمایا ہے کہ کوئی ہے جو آج کی رات مجھ سے بخشش طلب کرے اور میں اس کو دوزخ کے عذاب سے نجات دے کر اس کی مغفرت کروں ۔

آپؐ نے فرمایا کہ اس شب کی عبادت کرنے والے پر دوزخ کی آگ اللہ پاک حرام کر دیتا ہے۔

شعبان کی پندرہویں شب کو غسل کرے ۔ اگر کسی تکلیف کے سبب غسل نہ کرے تو صرف باوضو ہو کر دو رکعت تحیۃ الوضو پڑھے ہر رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد آیۃ الکرسی ایک بار ۔ سورہ اخلاص تین تین بار پڑھنی ہے ۔ یہ نماز بہت افضل ہے ۔

شعبان کی پندرہویں شب دو رکعت نماز پڑھنی ہے ۔ ہر رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد آیۃ الکرسی ایک بار ۔ سورہ اخلاص پندرہ پندرہ مرتبہ بعد سلام کے درود شریف ایک سو دفعہ پڑھ کر ترقی رزق کی دعا کرے ۔ انشاء اللہ تعالےٰ اس نماز کے صدقے رزق میں ترقی ہو جائے گی ۔

پندرہویں شب ماہ شعبان آٹھ رکعت نماز چار سلام سے پڑھے ہر رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد سورۂ قدر ایک ایک بار ۔ سورہ اخلاص

پچیس مرتبہ پڑھنی ہے ۔ مغفرت کیلئے یہ نماز بہت افضل ہے انشاء اللہ تعالےٰ اس نماز کے پڑھنے والے کی اللہ پاک بخشش فرمائے گا ۔

پندرہویں شب کو آٹھ رکعت نماز دو سلام سے پڑھے ۔ ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد سورۂ اخلاص دس دس مرتبہ پڑھنی ہے اللہ پاک اس نماز کے پڑھنے والے کے لیے بے شمار فرشتے مقرر کرے گا ۔ جو اسے عذاب قبر سے نجات کی اور داخل بہشت ہونے کی خوشخبری دیں گے ۔

شب پندرہویں چودہ رکعت نماز سات سلام سے پڑھے اور ہر رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد سورہ کافرون ایک بار ۔ سورہ اخلاص ایک بار سورہ فلق ایک بار ۔ سورہ ناس ایک بار پڑھنی ہے ۔ بعد سلام کے آیۃ الکرسی ایک دفعہ پھر سورہ توبہ کی آخری آیات **لقد جاءکم رسول** تا عظیم تک ایک بار پڑھے واسطے قبولیت دعا خواہ دنیاوی ہو یا دینی یہ دعا بہت افضل ہے ۔

شب پندرہویں بعد نماز مغرب کے چھ رکعتیں دو دو رکعت کر کے پڑھے ۔ پہلی[۱] بار درازی عمر بالخیر، دوسری[۲] بار دفع بلا ۔ تیسری[۳] بار مخلوق کا محتاج نہ ہونے کی نیت سے ۔ ہر دوگانہ کے بعد سورہ یٰسؔ ایک بار یا سورہ اخلاص اکیس[۲۱] بار اور اس کے بعد دعا نصف شعبان المعظم پڑھے

دعا اگلے صفحہ پہ ملاحظہ فرمائیں

دُعاءِ نصفِ شعبانُ المعظّم

اَللّٰهُمَّ يَاذَا الْمَنِّ وَلَا يُمَنُّ عَلَيْهِ ط يَا
ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ ط يَاذَا الطَّوْلِ
وَالْاِنْعَامِ ط لَآ اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ ظَهْرَ
اللَّاجِيْنَ ط وَجَارَ الْمُسْتَجِيْرِيْنَ ط وَ
اَمَانَ الْخَآئِفِيْنَ ط اَللّٰهُمَّ اِنْ كُنْتَ
كَتَبْتَنِيْ عِنْدَكَ فِيْٓ اُمِّ الْكِتٰبِ شَقِيًّا
اَوْ مَحْرُوْمًا اَوْ مَطْرُوْدًا اَوْ مُقَتَّرًا
عَلَيَّ فِي الرِّزْقِ فَامْحُ ط اَللّٰهُمَّ بِفَضْلِكَ
شَقَاوَتِيْ وَحِرْمَانِيْ وَطَرْدِيْ وَاقْتِتَارَ
رِزْقِيْ ط وَاَثْبِتْنِيْ عِنْدَكَ فِيْٓ اُمِّ الْكِتٰبِ

سَعِيْدًا مَّرْزُوْقًا مُّوَفَّقًا لِّلْخَيْرَاتِ ط فَاِنَّكَ
قُلْتَ وَقَوْلُكَ الْحَقُّ م فِيْ كِتَابِكَ الْمُنْزَلِ
عَلٰى لِسَانِ نَبِيِّكَ الْمُرْسَلِ ط يَمْحُوا
اللّٰهُ مَا يَشَآءُ وَيُثْبِتُ صلے وَعِنْدَهٗٓ اُمُّ
الْكِتٰبِ ○ اِلٰهِيْ بِالتَّجَلِّي الْاَعْظَمِ ط فِيْ لَيْلَةِ
النِّصْفِ مِنْ شَهْرِ شَعْبَانَ الْمُكَرَّمِ م الَّتِيْ
يُفْرَقُ فِيْهَا كُلُّ اَمْرٍ حَكِيْمٍ وَّيُبْرَمُ ط
اَنْ تَكْشِفَ عَنَّا مِنَ الْبَلَآءِ وَالْبَلْوَآءِ
مَا نَعْلَمُ وَمَا لَا نَعْلَمُ ط وَاَنْتَ بِهٖٓ اَعْلَمُ ط
اِنَّكَ اَنْتَ الْاَعَزُّ الْاَعَزُّ الْاَكْرَمُ ط
وَصَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ
عَلٰى اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَسَلَّمَ ط وَالْحَمْدُ
لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ○

Scanned with CamScanner

نفل نماز پندرہ تاریخ

شعبان کی پندرہ تاریخ بعد نماز ظہر چار رکعت نماز دو سلام سے پڑھے پہلی رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد سورۂ زلزال ایک بار۔ سورۂ اخلاص دس بار۔ دوسری رکعت میں بعد سورہ فاتحہ کے سورہ التکاثر ایک بار، سورہ اخلاص دس دفعہ۔ تیسری رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد سورہ کافرون تین بار۔ سورہ اخلاص دس مرتبہ۔ چوتھی رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد۔ آیتہ الکرسی تین بار۔ سورہ اخلاص پچیس مرتبہ پڑھے۔ اس نماز کی بے حد فضیلت ہے۔ اللہ پاک اس نماز پڑھنے والے پر خاص نظر کرم قیامت کے دن فرمائے گا۔ اور انشاء اللہ تعالےٰ اس نماز کی برکت سے دین دنیا کی بھلائی حاصل ہوگی۔

شب میں قرآن شریف درود شریف۔ صلوٰۃ التسبیح اور وظائف پڑھیں۔

حضرت علی رضی اللہ تعالےٰ عنہ فرماتے ہیں جو شب قدر میں بعد نماز عشاء سات مرتبہ انا انزلنا پڑھے ہر مصیبت سے نجات ملے۔ ہزار فرشتے اس کے لیے جنت کی دعا کرتے ہیں۔

شب قدر کی دُعا

اَللّٰهُمَّ اِنَّكَ عَفُوٌّ كَرِيْمٌ تُحِبُّ الْعَفْوَ

فَاعْفُ عَنِّیْ یَا غَفُوْرُ یَا غَفُوْرُ یَا غَفُوْرُ ط

صلوٰۃ التسبیح کی فضیلت

حدیث شریف میں آیا ہے کہ جو یہ نماز پڑھتا ہے اس کے اگلے پچھلے ظاہر، پوشیدہ، پرانے نئے، عمداً سہواً۔ چھوٹے بڑے تمام گناہ بخشے جاتے ہیں۔ یہ نماز بعد زوال قبل نماز ظہر ادا کرنی چاہیئے یا دوسرے وقت میں خواہ روزانہ یا ہر آٹھویں روز یا سال میں ایک مرتبہ ورنہ کم ازکم تمام عمر میں ایک مرتبہ ضرور پڑھے۔

طریقہ ادائیگی

چار رکعت نفل صلوٰۃ التسبیح کی نیت باندھیں اوّل سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ پورا پڑھے۔ پھر پندرہ مرتبہ سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ پڑھیں اگر اس کے ساتھ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ پڑھیں تو زیادہ ثواب ہے پھر اَلْحَمْدُ اور سورۃ پڑھیں پھر دس بار رکوع میں دس بار پھر قومہ میں دس بار پھر اوّل سجدہ میں دس بار پھر جلسہ میں دس بار پھر دوسرے سجدہ میں دس بار پڑھیں اسی طرح چاروں رکعتیں

Scanned with CamScanner

پڑھیں یہ یاد رہے کہ شروع میں قرأت سے پہلے پندرہ مرتبہ پڑھنی ہے پھر دس دس بار پڑھنی ہے۔

(مشکوٰۃ۔ عالمگیری۔ شامی)

نیز پہلی میں سورہ اَلْهٰكُمُ التَّكَاثُرُ دوسری میں وَالْعَصْرِ اور تیسری میں قل یایها الکفرون چوتھی میں قل هو الله پڑھیں۔

اگر کسی کو یہ سورتیں یاد نہ ہوں تو کوئی اور سورتیں پڑھ لیں۔

نفل روزہ

ماہ شعبان کی پندرہ تاریخ کے روزے کی بڑی فضیلت ہے جو کوئی یہ روزہ رکھے گا۔ باری تعالےٰ اس کے پچاس سال کے گناہ معاف کر دے گا۔

رمضان المبارک

حضرت رسول اکرم صلے اللہ علیہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ ماہ رمضان بہت ہی بابرکت اور فضیلت والا مہینہ ہے اور یہ صبر و شکر اور عبادت کا مہینہ ہے اور اس ماہ مبارک کی عبادت کا ثواب ستر درجہ عطا ہوتا ہے جو کوئی اپنے پروردگار کی عبادت کر کے اس کی خوشنودی حاصل کرے گا اس کی بہت بڑی جزا خداوند تعالےٰ عطا فرمائے گا۔

ماہ رمضان کی پہلی شب بعد نماز عشا، تین مرتبہ سورۂ فتح پڑھنا بہت افضل ہے۔

ماہ رمضان کی پہلی شب بعد نماز تہجد آسمان کی طرف منہ کر کے بارہ مرتبہ یہ دعا پڑھنی بہت افضل ہے۔

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ الْقَآئِمُ عَلٰى كُلِّ نَفْسٍ بِمَا كَسَبَتْ۔

اس کے پڑھنے والے کو بے شمار نعمتیں اللہ تعالےٰ کی طرف سے عطا کی جائیں گی۔

ماہ رمضان المبارک میں روزانہ ہر نماز کے بعد اس دعائے مغفرت کو تین مرتبہ پڑھنا بہت افضل ہے۔

Scanned with CamScanner

اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ الْعَظِيْمَ الَّذِیْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَیُّ
الْقَیُّوْمُ ۙ اِلَیْهِ تَوْبَةَ عَبْدٍ ظَالِمٍ لَّا یَمْلِكُ نَفْسِهٖ
ضَرًّا وَّلَا نَفْعًا وَّلَا مَوْتًا وَّلَا حَیَاةً وَّلَا نُشُوْرًا ط

رمضان شریف میں ہر نماز عشاء و تراویح کے بعد روزانہ تین مرتبہ کلمہ طیّب پڑھنے کی بہت فضیلت ہے۔ اوّل مرتبہ پڑھنے سے گناہوں کی مغفرت ہوگی۔ دوسری دفعہ پڑھنے سے دوزخ سے آزاد ہونا۔ تیسری بار پڑھنے سے جنت کا مستحق ہوگا۔

پہلی شب قدر

حضور اکرم صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ میری امت میں سے جو مرد یا عورت یہ خواہش کرے کہ میری قبر نور کی روشنی سے منوّر ہو تو اسے چاہیئے کہ ماہ رمضان کی شب قدروں میں کثرت سے عبادت الٰہی بجالائے تاکہ ان مبارک اور متبرک راتوں کی عبادت سے اللہ پاک اس کے نامۂ اعمال سے برائیاں مٹا کر نیکیوں کا ثواب عطا فرمائے گا۔

شب قدر کی عبادت ستر ہزار شب کی عبادتوں سے افضل ہے۔

اکیسویں (۲۱) شب کو چار رکعت نماز دو سلام سے پڑھے ہر رکعت میں بعد سورہ فاتحہ کے سورہ قدر ایک ایک بار۔ سورہ اخلاص

ایک ایک مرتبہ پڑھے۔ بعد سلام کے ستر مرتبہ درود پاک پڑھے۔

انشاء اللہ تعالےٰ اس نماز کے پڑھنے والے کے حق میں فرشتے دعائے مغفرت کریں گے۔

اکیسویں شب کو دو رکعت نماز پڑھے۔ ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد سورۂ قدر ایک ایک بار۔ سورہ اخلاص تین تین مرتبہ پڑھنی ہے بعد سلام کے نماز ختم کر کے ستر مرتبہ استغفار پڑھے۔

ماہ رمضان المبارک کی اکیسویں شب کو اکیس مرتبہ سورۂ قدر پڑھنا بھی بہت افضل ہے۔

انشاء اللہ تعالیٰ اس نماز اور شب قدر کی برکت سے اللہ پاک اس کی بخشش فرمائے گا۔

دوسری شب قدر

ماہ مبارک کی تیئسویں شب کو چار رکعت نماز دو سلام سے پڑھے اور ہر رکعت میں بعد سورۂ فاتحہ کے سورۂ قدر ایک ایک بار۔ سورۂ اخلاص تین تین بار پڑھے۔

انشاء اللہ تعالےٰ واسطے مغفرت گناہ کے یہ نماز بہت افضل ہے

تیئسویں شب قدر کو آٹھ رکعت نماز چار سلام سے پڑھنی ہے۔ ہر رکعت میں بعد سورۂ فاتحہ کے سورۂ قدر ایک ایک دفعہ سورۂ اخلاص ایک ایک بار پڑھے۔ بعد سلام کے ستر مرتبہ کلمۂ تمجید پڑھے اور اللہ تعالےٰ سے اپنے گناہوں کی بخشش طلب کرے۔

اللہ تعالےٰ اس کے گناہ معاف فرماکر انشاء اللہ تعالےٰ مغفرت فرمائے گا۔

تیئسویں شب کو سورۂ یٰسٓ ایک مرتبہ۔ سورہ رحمٰن ایک مرتبہ پڑھنی بہت افضل ہے۔

تیسری شب قدر

ماہ رمضان کی پچیس ۲۵ تاریخ کی شب کو چار رکعت نماز دو سلام سے پڑھے۔ بعد سورہ فاتحہ کے سورۂ قدر ایک ایک بار۔ سورۂ اخلاص پانچ پانچ مرتبہ ہر رکعت میں پڑھنی ہے۔ بعد سلام کے کلمۂ طیب ایک سو دفعہ پڑھنا ہے۔ درگاہ رب العزت سے انشاء اللہ تعالےٰ بے شمار عبادت کا ثواب عطا ہوگا۔

پچیسویں شب کو چار رکعت نماز دو سلام سے پڑھے۔ ہر رکعت میں بعد سورۂ فاتحہ کے سورۂ قدر تین تین مرتبہ۔ سورہ اخلاص تین مرتبہ پڑھے۔ بعد سلام کے ستر دفعہ استغفار پڑھے۔ یہ نماز بخشش گناہ کے لیے بہت افضل ہے۔

پچیسویں شب قدر کو دو رکعت نماز پڑھنی ہے۔ ہر رکعت میں بعد سورۂ فاتحہ کے سورۂ قدر ایک ایک مرتبہ۔ سورۂ اخلاص پندرہ پندرہ مرتبہ پڑھے بعد سلام کے ستر دفعہ کلمات شہادت پڑھنا ہے۔

یہ نماز واسطے نجات عذابِ قبر بہت افضل ہے۔

پچیسویں شب کو سات مرتبہ سورہ دخان پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اللہ پاک اس سورۃ کے پڑھنے کے باعث عذاب قبر سے محفوظ رکھے گا۔

پچیسویں شب کو سات مرتبہ سورۂ فتح پڑھنا واسطے ہر مراد کے بہت افضل ہے۔

چوتھی شب قدر

ستائیس شب قدر کو بارہ رکعت نماز تین سلام سے پڑھے۔ ہر رکعت میں بعد سورۂ فاتحہ کے سورۂ قدر ایک ایک مرتبہ۔ سورہ اخلاص پندرہ پندرہ مرتبہ پڑھنی ہے۔ بعد سلام کے ستر مرتبہ استغفار پڑھے انشاء تعالےٰ اس نماز پڑھنے والے کو نبیوں کی عبادت کا ثواب عطا فرمائے گا۔ انشاء اللہ العظیم۔

ستائیسویں شب کو دو رکعت نماز پڑھے۔ ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد سورۂ قدر تین تین دفعہ۔ سورۂ اخلاص ستائیس مرتبہ پڑھ کر گناہوں کی مغفرت طلب کرے۔ انشاء اللہ تعالےٰ اس کے تمام پچھلے گناہ اللہ پاک معاف فرمائے گا۔

ستائیسویں شب کو چار رکعت نماز دو سلام سے پڑھنی ہے ہر رکعت میں بعد سورۂ فاتحہ کے سورہ تکاثر ایک ایک بار۔ سورۂ اخلاص تین تین بار پڑھے۔ اس نماز پڑھنے والے پر سے اللہ پاک موت کی سختی آسان کرے گا۔ انشاء اللہ تعالےٰ اس پر سے عذاب قبر بھی معاف

ہو جائے گا۔

ستائیسویں شب کو دو رکعت نماز پڑھے۔ ہر رکعت میں بعد سورۂ فاتحہ کے سورہ قدر تین تین دفعہ۔ سورۂ اخلاص ستائیس مرتبہ پڑھ کر گناہوں کی مغفرت طلب کرے۔ انشاءاللہ تعالےٰ اس کے تمام پچھلے گناہ اللہ پاک معاف فرمائے گا۔

ستائیسویں شب کو چار رکعت نماز دو سلام سے پڑھنی ہے ہر رکعت میں بعد سورہ فاتحہ کے سورہ تکاثر ایک ایک بار۔ سورۂ اخلاص تین تین بار پڑھے۔ اس نماز پڑھنے والے پر سے اللہ پاک موت کی سختی آسان کرے گا۔ انشاءاللہ تعالےٰ اس پر سے عذاب قبر بھی معاف ہو جائے گا۔

اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ الْعَظِيْمَ الَّذِىْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَىُّ الْقَيُّوْمُ وَاَتُوْبُ اِلَيْهِ ۔

ستائیس شب قدر کو دو رکعت نماز پڑھے۔ ہر رکعت میں بعد سورہ فاتحہ کے سورہ الم نشرح ایک ایک بار۔ سورۂ اخلاص تین تین مرتبہ پڑھے بعد سلام ستائیس مرتبہ سورۂ قدر پڑھے۔

انشاءاللہ العظیم واسطے ثواب بے شمار عبادت کے یہ نماز بہت افضل ہے۔

ستائیسویں شب کو چار رکعت نماز پڑھے۔ ہر رکعت میں بعد سورۂ فاتحہ کے سورۂ قدر تین تین دفعہ۔ سورہ اخلاص پچاس پچاس مرتبہ پڑھے۔ بعد سلام سجدہ میں سر رکھ کر ایک مرتبہ یہ کلمات پڑھے۔

سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ ۔

اس کے بعد جو حاجت دنیاوی یا دینوی طلب کرے وہ انشاءاللہ تعالےٰ درگاہ باری تعالےٰ میں قبول ہو گی۔

ستائیسویں شب کو سورۂ ملک سات مرتبہ پڑھنی واسطے مغفرت گناہ بہت فضیلت والی ہے۔

پانچویں شب قدر

انتیسویں شب کو چار رکعت نماز دو سلام سے پڑھے۔ ہر رکعت میں بعد سورہ فاتحہ کے سورۂ قدر ایک ایک بار۔ سورۂ اخلاص تین تین مرتبہ پڑھے بعد سلام کے سورۂ الم نشرح ستر مرتبہ پڑھے۔ یہ نماز واسطے کامل ایمان کے بہت افضل ہے

انشاءاللہ تعالےٰ اللہ پاک اس نماز کے پڑھنے والے کو دنیا سے مکمل ایمان کے ساتھ اٹھائے گا۔

ماہ رمضان کی انتیسویں شب کو چار رکعت نماز دو سلام سے پڑھے ہر رکعت میں بعد سورہ فاتحہ کے سورۂ قدر ایک ایک بار۔ سورۂ اخلاص پانچ پانچ مرتبہ پڑھے۔ بعد سلام کے درود شریف ایک سو دفعہ پڑھے۔

انشاءاللہ تعالےٰ اس نماز کے پڑھنے والے کو دربار خداوندی

Scanned with CamScanner

سے بخشش اور مغفرت عطا کی جائے گی۔

ماہ رمضان المبارک کی انتیس شب کو سات مرتبہ سورۂ واقعہ پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ ترقی رزق کے لیے بہت افضل ہے

ماہ رمضان کی کسی شب میں بعد نماز عشاء سات مرتبہ سورۂ قدر پڑھنی بہت افضل ہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس کے پڑھنے سے ہر مصیبت سے نجات حاصل ہوگی۔

دِلی مراد پوری ہوگی

جو شخص ستائیسویں رمضان المبارک عصر نماز کے بعد یہ پڑھے گا اس کی دلی مراد پوری ہوگی۔ ایک سو انیس مرتبہ ہر روز پڑھے

اَلْيَوْمَ نَخْتِمُ عَلٰۤى اَفْوَاهِهِمْ وَتُكَلِّمُنَاۤ اَيْدِيْهِمْ وَتَشْهَدُ اَرْجُلُهُمْ بِمَا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ۝ وَلَوْ نَشَآءُ لَطَمَسْنَا عَلٰۤى اَعْيُنِهِمْ فَاسْتَبَقُوا الصِّرَاطَ فَاَنّٰى يُبْصِرُوْنَ ۝ وَلَوْ نَشَآءُ لَمَسَخْنٰهُمْ عَلٰى مَكَانَتِهِمْ فَمَا اسْتَطَاعُوْا مُضِيًّا وَّلَا يَرْجِعُوْنَ ۝ یہ عمل رمضان شریف کے علاوہ بھی کر سکتا ہے عصر

کی نماز کے بعد ۱۱۹ بار ہر روز پڑھے۔ اور دلی دُعا مانگے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ضرور دلی مراد پوری ہوگی۔

جُمعۃ الوَداع

رمضان المبارک کے آخری جمعہ کو بعد نماز ظہر دو رکعت نماز پڑھے پہلی رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد سورۂ زلزال ایک بار، سورہ اخلاص دس مرتبہ دوسری میں بعد سورۂ فاتحہ کے سورۂ کافرون تین مرتبہ پڑھے بعد سلام کے دس مرتبہ درُود شریف پڑھے۔ پھر دو رکعت نماز پڑھے پہلی رکعت میں بعد سورہ فاتحہ کے سورہ تکاثر ایک ایک بار سورہ اخلاص دس دفعہ، دوسری رکعت میں بعد سورہ فاتحہ کے آیۃ الکرسی تین مرتبہ سورہ اخلاص پچیس مرتبہ۔ بعد سلام کے درُود شریف دس مرتبہ پڑھے۔

اس نماز کے بے شمار فضائل ہیں اور اس نماز کے پڑھنے والے کو اللہ پاک قیامت تک بے انتہا عبادت کا ثواب عطا فرمائے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

شوال المکرّم

سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ شوال المکرم بڑی عظمت و بزرگی والا مہینہ ہے اور اس ماہ کی عبادت کا بہت زیادہ ثواب ہے۔

نفل نماز

پہلی شب ماہِ شوال بعد نماز عشاء چار رکعت نماز عشاء چار رکعت نماز دو سلام سے پڑھے۔ ہر رکعت میں سُورہ فاتحہ کے بعد سورہ اخلاص ۲۱ ۲۱ مرتبہ پڑھنی ہے۔ انشاء اللہ تعالےٰ اس نماز پڑھنے والے کے لیے اللہ پاک جنت کے دروازے کھول دے گا۔ اور دوزخ کے دروازے بند کر دے گا۔

شوال کی پہلی شب بعد نماز عشاء چار رکعت نماز دو سلام سے پڑھیں ہر رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد سورۂ اخلاص تین تین دفعہ۔ سورہ فلق تین تین دفعہ۔ سورہ ناس تین تین دفعہ پڑھے۔ بعد سلام کے کلمہ تمجید ستر مرتبہ پڑھ کر اپنے گناہوں سے توبہ کرے۔ اللہ پاک اس نماز کی برکت سے انشاء اللہ تعالیٰ اس کے گناہ معاف فرما کر اس کی دعا قبول فرمائے گا۔

عید الفطر

شوال کی پہلی تاریخ بعد نماز ظہر آٹھ رکعت نماز چار سلام سے پڑھے ہر رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد سورہ اخلاص پچیس ۲۵ پچیس ۲۵ مرتبہ پڑھنی ہے۔ بعد سلام کے ستر مرتبہ سُبْحَانَ اللّٰہِ۔ ستر مرتبہ استغفار اور ستر مرتبہ یہ درُود شریف پڑھنا ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِنِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ ؕ

انشاء اللہ العظیم اس نماز پڑھنے والے کی اللہ پاک ستر حاجت دنیا کی اور ستر حاجت آخرت کی قبول فرمائے گا اور اس کے بے شمار دروازے اپنی رحمت کے کھول دے گا۔

نفل روزہ

ماہ شوال المکرم کی دوسری تاریخ سے چھ روزے رکھنے کی بڑی فضیلت ہے۔ فرمایا رسول اقدس صلے اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے جو شوال کے چھ روزے رکھے گا تو اللہ تعالےٰ اُسے ہزار روزے کا ثواب دے گا اور اس پر دوزخ کی آگ حرام کر دے گا اور اس کے نامۂ اعمال میں بے شمار نیکیاں اور ثواب عطا کرے گا۔ یہ روزے برابر کے رکھے

ذیقعدہ

جنابِ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہٖ وسلم فرماتے ہیں کہ ماہ ذی قعدہ بہت بزرگی والا مہینہ ہے اور اس ماہ کی عبادت بہت افضل ہے۔

نفل نماز

ماہ ذی قعدہ کی پہلی شب بعد نماز عشاء چار رکعت نماز دو سلام سے پڑھے۔ ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد سورۂ اخلاص تیئس تیئس مرتبہ پڑھنی ہے۔ بعد سلام کے اپنے گناہوں سے توبہ کر کے اللہ تعالےٰ سے مغفرت طلب کرے انشاء اللہ تعالےٰ اس نماز کی برکت سے اللہ پاک اس کی بخشش فرمائے گا اور حشر کے دن اس کی پیشانی آفتاب سے زیادہ روشن ہوگی۔

ماہ ذی قعدہ کی ہر رات کو بعد نماز عشاء دو رکعت نماز پڑھے ہر رکعت میں بعد سورہ فاتحہ کے سورہ اخلاص تین تین بار پڑھنی ہے انشاء اللہ تعالےٰ اس نماز کے پڑھنے والے کو اللہ پاک کی طرف سے ہر رات عمرے کا ثواب عطا ہوگا۔

ذی قعدہ کے مہینے میں ہر جمعہ بعد نماز ظہر چار رکعت نماز دو سلام سے پڑھے۔ ہر رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد سورۂ اخلاص اکیس۲۱ اکیس۲۱ مرتبہ پڑھنی ہیں۔

اس نماز پڑھنے والے کو انشاء اللہ تعالےٰ حج وعمرہ کا ثواب اللہ پاک عطا فرمائے گا۔

نفل روزہ

ماہ ذی قعدہ میں جو کوئی کسی دن ایک روزہ رکھے۔ اللہ پاک اس کو ثواب عمرے کا عطا فرمائے گا۔

اس ماہ میں پیر کے روز جو کوئی روزہ رکھے بے شمار عبادت کا ثواب ملے گا۔

ذِی الحجّہ

اَللّٰہُ اَکْبَرُ۔ اَللّٰہُ اَکْبَرُ۔ لَآ اِلٰـہَ اِلَّا اللّٰہُ
وَاللّٰہُ اَکْبَرُ۔ اَللّٰہُ اَکْبَرُ وَلِلّٰہِ الْحَمْدُ ط

قربانی عید سے پہلے والے دن عصر کی نماز کے بعد سے شروع کرنا ہے اور عید کے تیسرے دن کی عشاء تک پڑھنا ہے اور ہر نماز کے بعد کم از کم تین بار، سات بار، نو بار اور گیارہ بار پڑھے۔

حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم فرماتے ہیں کہ اللہ تعالےٰ نے ماہ ذی الحجہ کو بڑی بزرگی اور فضیلت کا مہینہ فرمایا ہے۔

Scanned with CamScanner

آپ نے فرمایا کہ اس ماہ کے دس دن بہت متبرک ہیں اور اس کی عبادت کا بہت ثواب ہے اور فرمایا کہ دس دن میں تین دن یوم ترویہ۔ یعنی آٹھ تاریخ یوم عرفہ یعنی ۹ تاریخ یوم نحر ذی الحجہ کی دس تاریخ ہیں۔ یہ تین دن تمام دنوں سے زیادہ مبارک ہیں اور اس کی عبادت کا بے انتہا ثواب بھی ہے۔

ماہ ذی الحجہ کی پہلی شب بعد نماز عشاء چار رکعت نماز نفل دو سلام سے پڑھے ہر رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد سورۂ اخلاص پچیس پچیس مرتبہ پڑھنی ہے اللہ پاک اس نماز پڑھنے والے کو بے شمار نمازوں کا ثواب عطا فرمائے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ

ذی الحجہ کی پہلی تاریخ اور چھٹی تاریخ کو بعد نماز فجر یا ظہر حسب ذیل کلمات ایک سو مرتبہ پڑھیں۔

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَا شَرِیْکَ لَہٗ لَہُ الْمُلْکُ وَلَہُ الْحَمْدُ یُحْیِیْ وَیُمِیْتُ وَھُوَ حَیٌّ لَّا یَمُوْتُ بِیَدِہِ الْخَیْرُ وَھُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ۝

ذی الحجہ کی دوسری اور ساتویں تاریخ بعد نماز فجر یا ظہر مندرجہ ذیل کلمات ایک سو مرتبہ پڑھنا ہیں۔

اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَا شَرِیْکَ لَہٗ اِلٰھًا وَّاحِدًا اَحَدًا صَمَدًا فَرْدًا وِتْرًا وَّلَمْ

یَتَّخِذْ صَاحِبًا وَّلَا وَلَدًا ۝

ذی الحجہ کی تیسری اور آٹھویں تاریخ کو بعد نماز فجر یا ظہر مندرجہ ذیل کلمات ایک سو دفعہ پڑھتے ہیں۔

اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَا شَرِیْکَ لَہٗ اَحَدًا صَمَدًا لَمْ یَلِدْ وَلَمْ یُوْلَدْ وَلَمْ یَکُنْ لَّہٗ کُفُوًا اَحَدٌ ۝

ذی الحجہ کی چوتھی اور نویں تاریخ بعد نماز فجر یا ظہر ایک سو مرتبہ حسب ذیل کلمات پڑھنا ہیں۔

اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَا شَرِیْکَ لَہٗ لَہُ الْمُلْکُ وَلَہُ الْحَمْدُ یُحْیِیْ وَیُمِیْتُ بِیَدِہِ الْخَیْرُ وَھُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ۝

پہلی شب سے دسویں شب تک روزانہ بعد نماز عشاء دو رکعت نماز پڑھے ہر رکعت میں بعد سورہ فاتحہ کے سورہ کوثر تین تین بار سورہ اخلاص تین تین بار پڑھنی ہے۔

انشاء اللہ تعالیٰ اس نماز کی عظمت کے سبب اللہ پاک اس کے نامہ اعمال میں بے شمار نیکیاں عطا فرما کر بے شمار برائیاں مٹا دے گا۔ اور اللہ پاک مغفرت فرمائے گا۔

Scanned with CamScanner

ماہ ذالحجہ کی پہلی شب سے دسویں شب تک روزانہ بعد نماز عشاء دو رکعت نماز پڑھے۔ پہلی رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد آیۃ الکرسی ایک بار سورۂ اخلاص پندرہ بار۔ دوسری رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد سورۂ بقر کا آخری رکوع ایک بار سورۂ اخلاص پندرہ دفعہ پڑھے۔ اس نماز پڑھنے والے کے گناہ اگر ریت کے ذرّوں کے برابر بھی ہوں گے تب بھی پروردگار عالم اپنی قدرت کاملہ سے اس کے گناہ معاف فرما کر انشاء اللہ تعالیٰ مغفرت فرمائے گا۔

ذی الحجہ کی دوسری شب بعد نماز عشاء چار رکعت نماز دو سلام سے پڑھے اور ہر رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد آیۃ الکرسی تین بار سورۂ اخلاص تین بار سورۂ فلق تین بار۔ سورۂ الناس تین بار پڑھنی ہیں۔

بعد سلام کے گیارہ مرتبہ درود پاک پڑھ کر دعا کے لیے ہاتھ اٹھا کر مندرجہ ذیل دعا پڑھیں۔

سُبْحَانَ ذِی الْعِزَّتِ وَالْجَبَرُوْتِ سُبْحَانَ ذِالْقُدْرَةِ وَالْمَلَكُوْتِ سُبْحَانَ ذِی الْحَیِّ الَّذِیْ لَا یَمُوْتُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ هُوَ یُحْیِیْ وَیُمِیْتُ وَهُوَ حَیٌّ لَّا یَمُوْتُ سُبْحَانَ اللّٰهِ رَبِّ الْعِبَادِ وَالْبِلَادِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ كَثِیْرًا طَیِّبًا مُّبَارَكًا عَلٰی كُلِّ حَالٍ ط اَللّٰهُ اَكْبَرُ كَبِیْرًا رَبَّنَا جَلَّ جَلَالُهٗ وَقُدْرَتُهٗ بِكُلِّ مَكَانٍ ط اس دعا کے بعد گیارہ مرتبہ درود شریف

پڑھ کر بارگاہ رب العزت میں جو بھی دعا مانگے انشاء اللہ تعالیٰ ضرور قبول ہو گی۔

ذی الحجہ کی پہلی جمعرات کی شب بعد نماز عشاء دو رکعت نماز پڑھے ہر رکعت میں بعد سورۂ فاتحہ کے سورۂ کوثر ایک بار سورہ اخلاص ایک بار پڑھے۔ صدق دل سے اس نماز کا پڑھنے والا اپنی زندگی میں ہی اپنا مقام بہشت بریں میں دیکھ لے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ

ذی الحجہ کے پہلے جمعہ کو بعد نماز ظہر چھ رکعت نماز تین سلام سے پڑھنی ہے ہر رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد سورۂ اخلاص پندرہ پندرہ مرتبہ پڑھیں پھر بعد سلام کے دس مرتبہ مندرجہ ذیل کلمات پڑھے۔

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْمَلِكُ الْحَقُّ الْمُبِیْنُ ط

اوّل آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر نماز کی قبولیت اور بخشش گناہ کے لیے خداوند تعالیٰ سے دعا مانگے انشاء اللہ تعالیٰ اللہ پاک اپنی قدرت کاملہ سے ضرور قبول فرمائے گا۔ اور اس کے تمام گناہ معاف فرما کر بہشت میں داخل فرمائے گا۔

عشرہ ذی الحجہ میں روزانہ باوضو کسی وقت بھی سورہ فجر کا پڑھنا بہت افضل ہے۔

حضور نبی کریم صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جو کوئی ان مبارک ایام حرمت کو مدنظر رکھتے ہوئے سورہ فجر کا ورد کرے گا حق تعالیٰ یوم حساب اس کی بخشش فرمائے گا۔ اور اس کے لیے اس دن کا کوئی خوف نہ ہو گا۔

Scanned with CamScanner

ذالحجہ کے دس دن برابر بکثرت سورۂ والضحیٰ پڑھنے کی بڑی فضیلت ہے آپ نے ارشاد فرمایا کہ اللہ تعالےٰ اس سورۃ کے پڑھنے والے کو انشاء اللہ تعالےٰ آتش دوزخ سے نجات عطا فرمائے گا۔

عید الاضحیٰ کے دن کسی وقت باوضو قرآن کریم کی کم ازکم سو آیات تلاوت کرے اللہ پاک اسے بہشت کی بے شمار نعمتیں انشاء اللہ تعالےٰ عطا فرمائے گا۔

نفل روزہ

ماہ ذی الحجہ کی پہلی سے نو تاریخ تک کے روزوں کی بڑی فضیلت ہے اور سب سے زیادہ سات۔ آٹھ۔ نو تاریخ کے روزے رکھنے کے بہت فضائل ہیں اللہ پاک ان روزوں کا بہت ثواب عطا فرمائے گا۔

نوافل شب و روز

نماز شنبہ (ہفتہ)

ہفتہ کی شب بعد نماز عشاء بارہ رکعت نماز چھ سلام سے پڑھیں ہر رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد قرآن پاک سے جو بھی سورت یاد ہو پڑھی جا سکتی ہے۔ انشاء اللہ تعالےٰ اس نماز پڑھنے والے کو اللہ پاک اپنی رحمت سے اس گناہ معاف کرکے مغفرت فرماتا ہے اور اس کے لیے بہشت میں اعلیٰ مقام عطا کرے گا۔

نماز یکشنبہ (اتوار)

بروز اتوار نماز ظہر کے بعد چار رکعت نماز دو سلام سے پڑھیں ہر رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد سورہ بقر کا آخری رکوع امن الرسول تا کافرین تک۔ ایک ایک بار پڑھیں خداوند کریم اس نماز پڑھنے والے کو ہر رکعت کے عوض ہزار رکعت کا ثواب عطا کرے گا اور انشاء اللہ تعالےٰ اس کی تمام دنیا و آخرت کی دعا قبول کرے گا۔ اور ہر مشکل کو آسان فرمائے گا۔

مغفرت فرمائے گا۔ اور درجات بلند فرمائے گا۔

نماز دوشنبہ

پیر کی شب بعد نماز عشاء دو رکعت نماز پڑھے اور ہر رکعت نماز پڑھے اور رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد سورہ اخلاص پندرہ پندرہ مرتبہ پڑھنی ہے بعد سلام کے آیۃ الکرسی پندرہ بار اور استغفار پندرہ مرتبہ پڑھیں۔ اللہ تعالےٰ اس نماز پڑھنے والے کے تمام ظاہر و باطن گناہ معاف فرما کر انشاء اللہ مغفرت فرمائے گا۔

نماز سہ شنبہ

منگل کی شب بعد نماز عشاء بارہ رکعت نماز چھ سلام سے پڑھیں ہر رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد سورہ نصر پانچ بار پڑھیں۔ انشاء اللہ تعالےٰ اس نماز پڑھنے والے کو خداوند کریم مغفرت فرما کر بہشت بریں میں اعلیٰ درجہ کا محل عطا فرمائے گا۔

نماز چہار شنبہ

بروز بدھ صبح دس گیارہ کے درمیان یا بعد نماز ظہر بارہ رکعت نماز چھ سلام سے پڑھنی ہے اور ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد سورہ اخلاص تین بار۔ سورہ فلق تین بار۔ سورہ ناس تین بار پڑھیں۔ اللہ تعالےٰ اس نماز پڑھنے والے کے گناہ معاف فرما کر مغفرت فرمائے گا اور انشاء اللہ تعالےٰ اس پر سے عذاب قبر ہٹا دے گا۔ اور بروز حساب اسے صدیقوں میں شامل کرے گا۔

نماز پنجشنبہ

جمعرات کی شب بعد نماز عشاء دو رکعت نماز پڑھے ہر رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد آیۃ الکرسی پانچ مرتبہ۔ سورہ اخلاص پانچ مرتبہ سورۂ فلق پانچ مرتبہ۔ سورہ ناس پانچ مرتبہ پڑھیں۔ بعد سلام کے استغفار پندرہ مرتبہ پڑھنی ہے۔

اللہ تبارک تعالےٰ اس نماز پڑھنے والے کو انشاء اللہ تعالےٰ بروز حساب صدیقوں اور شہیدوں میں اٹھائے گا۔ اس نماز کو پڑھ کر اپنے ماں باپ کو بخشنے کا بے حد ثواب ہے۔

نماز جمعہ

بروز جمعہ صبح دس گیارہ بجے کے درمیان چار رکعت نماز دو سلام سے پڑھیں۔ پہلی رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد سورۂ اعلیٰ ایک بار سورہ اخلاص پندرہ بار دوسری رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد سورہ کوثر ایک بار۔ سورۂ اخلاص پندرہ بار پڑھے۔ پھر اسی ترکیب سے دو رکعت اور پڑھنی ہیں۔

اللہ تعالےٰ اس نماز پڑھنے والے کی ہر دعا قبول فرمائے گا۔ دوزخ سے نجات پاکر بہشت میں داخل ہوگا۔

Scanned with CamScanner

فتوحات اور دستِ غیب

عمل برائے دستِ غیب

اگر صبح کی نماز کی سنتوں اور فرضوں کے درمیان سورہ ویل لکل اکتالیس مرتبہ چالیس دن تک پڑھے بعد چالیس یوم چالیس روپے پائے۔

ایضاً۔ سات دن تک روزہ رکھے اور ان ایام میں بالکل جھوٹ نہ بولے نہ مذاق میں نہ واقعۃً اور روزانہ بعد نماز عشاء یہ آیت کریمہ وَعِنْدَهٗ مَفَاتِحُ الْغَيْبِ لَا يَعْلَمُهَآ اِلَّا هُوَ ـــ اِلَّا فِيْ كِتَابٍ مُّبِيْنٍ تک ایک ہزار مرتبہ اور یَا حَیُّ ایک ہزار مرتبہ یَا قَیُّوْمُ ایک سو پچاس مرتبہ۔ اوّل آخر درود شریف گیارہ مرتبہ۔ ایک ہفتہ کے بعد ایک نورانی جنّیہ (اس عمل کی مؤکلہ) حاضر ہوگی۔ اس سے پانچ درہم لے لیوے (سکہ عرب) اور جیب میں رکھ لیوے اور ہر دن خرچ کرتا رہے اس کے باوجود ایک سو پچاس روپے بچے رہیں گے۔

عمل برائے فتوحات

جو شخص سورہ واقعہ مغرب اور عشاء کے درمیان پڑھے اور درمیان میں کسی سے کلام نہ کرے۔ پھر یہ دعا پڑھے۔

اَللّٰهُمَّ يَا مُسَبِّبَ الْاَسْبَابِ وَيَا مُفَتِّحَ الْاَبْوَابِ يَسِّرْ عَلَيْنَا الْحِسَابَ اِنْ كَانَ رِزْقِيْ فِي السَّمَآءِ فَاَنْزِلْهُ وَاِنْ كَانَ فِي الْاَرْضِ فَاَخْرِجْهُ وَاِنْ كَانَ بَعِيْدًا فَقَرِّبْهُ اِلَيَّ وَاِنْ كَانَ قَرِيْبًا فَيَسِّرْهُ وَاِنْ كَانَ كَثِيْرًا فَخَلِّدْهُ وَطَيِّبْهُ وَاِنْ كَانَ طَيِّبًا فَبَارِكْ فِيْهِ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ۔ اللہ تعالیٰ اس کے لیے رزق کا ایک دروازہ کھول دیں گے۔

عمل برائے فتوحات و فراخی رزق

از حضرت مولانا حاجی قلندر قدس سرہٗ جلال آبادی اس کا طریقہ یہ ہے سورہ یاسین کو بسم اللہ کے ساتھ شروع کرے۔ جب پہلی مبین پر پہنچے داہنے ہاتھ کی خنصر کو بند کرے۔ پھر سورہ اسی طرح اوّل سے

شروع کرے۔ جب دوسری مبین پر پہنچے تو بنصر کو بند کر دے۔ پھر سرے سے شروع کرے۔ جب تیسری مبین پر وسطیٰ کا عقد کرے۔ اسی طرح چوتھی مبین پر شہادت کی انگلی کا عقد کرے (بند کر لیوے) اور پانچویں مبین پر ابہام کو چاروں بندھی انگلیوں پر رکھ کر خوب مضبوط مٹھی باندھ لیوے۔ پھر اول سے پڑھتا ہوا چھٹی مبین پر پہنچے، پہلے بائیں ہاتھ کی خنصر (کن انگلی) اسی طرح ساتویں مبین پر بنصر کو عقد کرے اور جب عقد وسبعہ سے فارغ ہو جائے پھر سورہ یٰسین شروع سے شروع کرے آخر تک پڑھتا چلا جائے اس درمیان میں جب پہلی مبین پر پہنچے بنصر بائیں ہاتھ کی کھول دے دوسری مبین پر اسی ہاتھ کی خنصر (کن انگلی) کھول دے۔ تیسری مبین پر داہنے ہاتھ کے انگوٹھے کو اسی طرح عقد اول کے خلاف کھولتا جائے۔ یہاں تک کہ ساتویں مبین پر داہنے ہاتھ کی خنصر کھول دی جائے اور سورۃ کو ختم کرے پھر ایک مرتبہ بلا عقد کے پوری سورۃ یٰسین پڑھے اور ہر مرتبہ جب سورت شروع کرے اس طرح کرے یٰسین صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم یٰسین والقرآن الحکیم۔

عمل برائے دست غیب آٹھ آنہ یومیہ

يَا دَائِمَ الْعِزِّ وَالْبَقَاءِ

يَا وَاهِبَ الْجُوْدِ وَالْعَطَاءِ

يَا وَدُوْدُ ذُوالْعَرْشِ الْمَجِيْدِ فَعَّالٌ لِّمَا يُرِيْدُ

اَللّٰهُمَّ رَبَّنَآ اَنْزِلْ عَلَيْنَا مَآئِدَةً مِّنَ السَّمَآءِ تَكُوْنُ لَنَا عِيْدًا لِّاَوَّلِنَا وَاٰخِرِنَا وَاٰيَةً مِّنْكَ وَارْزُقْنَا وَاَنْتَ خَيْرُ الرّٰزِقِيْنَ۔ بِحُرْمَةِ تَنْكَفِلُ بِحَقِّ يَا صَمَدُ الْغَفَّارُ ذَا الْمَنِّ عَلٰى جَمِيْعِ خَلْقِهٖ بِلُطْفِهٖ يَا صَمَدُ ہر روز دو سو مرتبہ پڑھے

یہ عمل عشاء کی نماز یا تہجد کے بعد پڑھے

عمل برائے فتوحات و رزق

جمعہ کے دن جمعہ کی پہلی چار سنت پڑھ کر ۳ بار درود اوّل پڑھے اور درمیان میں سات مرتبہ یہ دعا پڑھے۔

يَا مُبْدِئُ يَا مُعِيْدُ يَا رَحِيْمُ يَا وَدُوْدُ اَغْنِنِيْ بِحَلَالِكَ عَنْ حَرَامِكَ وَبِطَاعَتِكَ عَنْ مَعَاصِيْكَ وَبِفَضْلِكَ عَنْ مَّنْ سِوَاكَ پھر تین مرتبہ درود شریف پڑھے۔

عمل ادائیگی قرض

اِذَا جَآءَ نَصْرُ اللّٰہِ وَالْفَتْحُ (پوری آیت) سورت کو بعد طلوع آفتاب کے چالیس مرتبہ پڑھے۔ تمام قرض ادا ہو جائے گا۔ اور بہت آمدنی ہونے لگے گی۔

عمل تنگی معاش دُور کرنے کا

کم سے کم ایک سو مرتبہ اور زیادہ سے زیادہ جتنا ہو سکے ایک وقت مقرر کر کے پڑھا کرے۔

اَللّٰھُمَّ تُبْ عَلَیْنَا قَبْلَ الْمَوْتِ وَھَوِّنْ عَلَیْنَا شِدَّۃَ الْمَوْتِ وَارْحَمْنَا عِنْدَ الْمَوْتِ وَلَا تُعَذِّبْنَا بَعْدَ الْمَوْتِ یَا خَالِقَ الْحَیٰوۃِ وَالْمَوْتِ تَوَفَّنَا مُسْلِمِیْنَ وَ اَلْحِقْنَا بِالصّٰلِحِیْنَ ہ

دیگر:-

وقت مقرر کر کے کلمہ تمجید ۵۰۰ مرتبہ روزانہ پڑھنا چاہیئے۔ اوّل و آخر درود شریف ۱۱ مرتبہ۔ کلمہ تمجید یہ ہے۔

سُبْحَانَ اللّٰہِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ وَلَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ ط وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ ط

عمل برائے کشائش رزق

اوّل و آخر درود شریف درمیان میں پانچسو مرتبہ یہ دُعا پڑھے۔

فَلِلّٰہِ الْحَمْدُ رَبِّ السَّمٰوٰتِ وَرَبِّ الْاَرْضِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَلَہُ الْکِبْرِیَآءُ فِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَھُوَ الْعَزِیْزُ الْحَکِیْمُ ط

برائے حصول غناء اطمینانِ قلب

آیت الکرسی سہ بار سفر میں جاتے وقت اور تین بار گھر میں آنے کے وقت اور سفر میں

قل یا ایھا الکفرون اور اذا جاء اور قُل ھو اللہ احد اور قل اعوذ برب الفلق اور قل اعوذ برب الناس

بمعہ بسم اللہ شریف پوری پوری سورتیں وظیفہ بنا لینا غنا اور اطمینانِ قلب کے لیے مجرب ہے۔

فراغت ظاہر و باطن کیلئے

یہ دعا بعد نماز مغرب ۱۴ مرتبہ پڑھے جو کہ اگلے صفحہ پر درج ہے

اَللّٰهُمَّ ارْزُقْنِیْ لِسَانًا ذَاکِرًا وَّقَلْبًا حَاضِرًا
شَاهِدًا شَائِقًا لِجَمَالِكَ وَرِزْقًا حَلَالًا طَیِّبًا
وَاسِعًا بِغَیْرِ کَدٍّ وَّاسْتَجِبْ دُعَآئِیْ بِغَیْرِ رَدٍّ وَّادْفَعْ
عَنِّیَ الْفَقْرَ وَالدَّیْنَ بِحُرْمَةِ الْحَسَنِ وَالْحُسَیْنِ
وَاُمِّهِمَا وَجَدِّهِمَا عَلَیْهِ الصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ
بِرَحْمَتِكَ یَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ ط

کشائش رزق کا مجرّب عمل

یا باسطُ کے نقش روزانہ ۱۱ لکھے اور جاری پانی میں ڈال دے اگر قریب میں جاری پانی نہ ہو دے کنوئیں میں ڈال دے اور قیدی اپنی رہائی کے لیے اس نقش کو لکھ کر اپنی پشت پر داہنے مونڈھے کی جانب چپکا لیوے رہائی پائے اور بعد کسی نماز کے وقت مقرر کرے۔

۷۸۶

۱۸	۴۸	۶
۱۲	۲۴	۳۶
۴۲	یا باسط	۳۰

عمل برائے وسعتِ رزق

ہر روز پندرہ نقش باوضو لکھے ایک سال میں عامل ہو جائے گا یہ نقش حوائج ضرورت میں دے گا پوری ہوگی۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۴	۳	۸
۹	۵	۱
۲	۷	۶

دیگر:

اسی نقشِ حوّا کو ایک درویش نے جو حاجی عزیز اللہ جے پوری کے خلفاء میں سے تھے خضر خان کو دیا تھا کہ پیپل کے سات پتوں پر سات تعویذ ہر روز لکھ کر کنوئیں میں ڈال دے

دیگر:

فجر کی سنتوں اور فرضوں کے درمیان یہ آیت بتیس مرتبہ پڑھے اوّل آخر درود شریف پانچ پانچ مرتبہ آیت یہ ہے۔

اِنْ تَعُدُّوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ لَا تُحْصُوْهَا آخر آیت تک۔

حُبّ و تسخیر کے اعمال

کلام میں اثر پیدا کرنا

وَاعْتَصِمُوا بِحَبْلِ اللّٰهِ جَمِيْعًا سے مُفْلِحُوْنَ تک پیر کے دن چاند کی شروع تاریخوں میں ہرن کی جھلی پر شہتوت کے عصارہ سے لکھے اور اپنے پاس رکھے جو شخص اس سے ناراض ہوگیا ہو۔ پھر خوش ہو جائے اور جو اس کی بات سنے گا قبول کرے گا۔ اگر واعظ ہوگا اس کا کلام لوگوں کے قلوب پر موثر ہوگا۔

برائے تسخیر حکام و سلاطین

یَا رَحْمٰنُ کُلِّ شَیْءٍ وَّ رَاحِمَهٗ پانچسو مرتبہ تین یوم تک پڑھے پڑھنے سے پہلے روزانہ غسل کرے چوتھے دن ایک ہزار مرتبہ پڑھے اور ہتھیلی پر لکھ کر حاکم کے سامنے جاوے اور اس کے سامنے جاتے وقت بھی پندرہ مرتبہ پڑھے۔

انشاء اللہ تعالےٰ محبت سے پیش آئے گا۔

برائے تسخیر

یہ عمل حضرت مرشدنا شاہ ولی اللہ محدث دہلوی کے خاندان کا ہے

وَلَقَدْ فَتَنَّا سُلَيْمٰنَ وَاَلْقَيْنَا عَلٰى كُرْسِيِّهٖ جَسَدًا ثُمَّ اَنَابَ چھ سو اٹھتر مرتبہ پڑھ کر اس کی زکوٰۃ ادا کرے۔ پھر وقت ضرورت روغن چنبیلی خوشبودار کے اوپر دم کرے اور مطلوب کو سنگھائے۔ مسخر ہوگا۔

حکام و سلاطین کو راضی رکھنا

آیت کریمہ رَبِّ اِنِّیْ مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ اول آخر ۱۱-۱۱ مرتبہ درود شریف بعد عشاء تین سو ساٹھ مرتبہ پڑھے۔ نماز کے بعد عمل پڑھنے سے پہلے اور عمل پڑھنے کے بعد کسی سے کلام نہ کرے۔ حاکم مہربان ہوگا اور اس کا مقصد پورا کرے گا۔

عمل آبپاشی

اس عمل سے دشمنوں کی دشمنی دوستی سے اور حکام کا غصہ رضامندی سے بدل جاتا ہے اور بہت سے مقاصد حاصل ہوتے ہیں۔ اس کی زکوٰۃ کا طریق یہ ہے کہ تین یوم روزہ رکھے یہ بہتر ہے ورنہ بغیر روزہ کے

Scanned with CamScanner

زکوٰۃ دیوے۔ رمضان شریف میں کرے تو زیادہ مؤثر ہوگا۔ جن تین یوم میں روزہ رکھے ان میں کلمہ طیبہ اور آیت کریمہ

قُلْنَا یٰنَارُ کُوْنِیْ بَرْدًا وَّسَلٰمًا عَلٰٓی اِبْرٰھِیْمَ

کو تمام دن بکثرت پڑھے جب زکوٰۃ پوری ہو جائے وقت ضرورت اس آیت کو گیارہ مرتبہ پانی پر پڑھ کر دم کرے اور دشمن کے مکان میں پوشیدہ طور پر یا اس کے مکان کے قریب چھڑک دیوے انشاءاللہ دشمن مہربان ہوگا اگر حاکم دور ہووے۔ رومال بھگو کر پاس رکھے۔

خاوند بیوی کے معاملات کی درستگی کیلئے

یٰٓاَیُّھَا النَّاسُ اِنَّا خَلَقْنٰکُمْ مِّنْ ذَکَرٍ وَّاُنْثٰی سے عَلِیْمٌ خَبِیْرٌ تک اور یہ پڑھے اَلِّفْ بَیْنَ فلاں ابن فلانہ وفلانہ بنت فلانہ (یعنی خاوند کے نام کے ساتھ اس کی والدہ کا نام اور بیوی کے نام کے ساتھ اس کی والدہ کا نام کَمَآ اَلَّفْتَ بَیْنَ مُوْسٰی وَھَارُوْنَ وَمَثَلُ کَلِمَۃٍ طَیِّبَۃٍ کَشَجَرَۃٍ طَیِّبَۃٍ سے یَتَذَکَّرُوْنَ تک پانی یا دودھ یا اور کسی

شے خوردنی پر دم کر کے میاں بیوی کو کھلائیں۔ انشاءاللہ دونوں میں موافقت ہوگی۔

برائے تسخیر حکام

جس شخص کو کرب وسختی نے پریشان کیا ہو وہ مؤذن کی اذان کا اس طرح جواب دے جو کلمات کہے وہی کہتا رہے۔ پھر ختم اذان کے بعد اَللّٰھُمَّ رَبَّ ھٰذِہِ الدَّعْوَۃِ التَّآمَّۃِ پڑھ کر تین مرتبہ کہے۔ رَضِیْتُ بِاللّٰہِ رَبًّا وَّبِالْاِسْلَامِ دِیْنًا وَّبِمُحَمَّدٍ نَّبِیًّا رَّسُوْلًا وَّبِالْقُرْاٰنِ اِمَامًا ہ

پڑھ کر اپنے اوپر دم کرے جس ظالم حاکم کے پاس جائے گا وہ مہربانی سے پیش آوے گا۔ نیز اسی مقصد کے لیے پیشانی پر یَا مُتَکَبِّرُ لکھے سیاہی سے نہ ہو سکے تو انگلی سے لکھ دے۔

برائے بغض دفع

وَنَزَعْنَا مَا فِیْ صُدُوْرِھِمْ مِّنْ غِلٍّ اِخْوَانًا عَلٰی سُرُرٍ مُّتَقٰبِلِیْنَ۔ آیت کھانے پر جو ایک جماعت کے لیے پکا ہو بغیر سیاہی کے قلم سے لکھ دے انشاءاللہ آپس

Scanned with CamScanner

میں سے بغض وحسد دور ہو گا اور سب دوست ہو جائیں گے۔

عشق کے زوال میں

اونٹ کی چیچڑی عاشق کی آستین میں باندھی جائے عشق زائل ہو جائے گا۔

برائے تسخیر

سلیمان رحمۃ اللہ علیہ اہل علم وفضل میں سے ایک گمنام شخص تھے عوام ان کی طرف بالکل متوجہ نہ ہوتے تھے اور نہ ان سے کوئی معاملہ کرتے تھے۔ انہوں نے اس کی شکایت حضرت شیخ محی الدین ابن العربی رحمۃ اللہ علیہ سے کی۔ حضرت محی الدین رحمۃ اللہ علیہ کو کشف ہوا۔ کہ یہ نقش ان کی گمنامی کا علاج ہے، چنانچہ یہ نقش ان کو دے دیا۔ پس اللہ تعالیٰ نے سلیمان کو ایسی شہرت دی کہ جب وہ کسی جگہ جاتے تھے۔ ہزاروں آدمی ان کے پیچھے چلتے تھے اور بادشاہ وقت بھی ان کے سامنے جھکتا تھا۔ اس خوف سے کہ سلطنت پر قبضہ نہ کر لیویں

اللہ اللہ اللہ

۱۰۰۵	۱۰۱۰	۱۰۰۳
۱۰۰۴	۱۰۰۶	۱۰۰۸
۱۰۰۹	۱۰۰۲	۱۰۰۷

اہیا اہیا اہیا

عمل برائے حاضری اُمراء

فَلَمَّا رَأَيْنَهُ أَكْبَرْنَهُ سے مَلَكٌ كَرِيمٌ

تک (سورہ یوسف) ۱۱ مرتبہ پڑھ کر اپنے ہاتھ پر دم کرے، بدن وغیرہ پر ملے اور حاکم کے سامنے جائے۔ حاکم مہربان ہو گا۔

عمل برائے حُبّ

ایک برتن میں پانی لیوے اور اس میں سے ایک دو گھونٹ پی لیوے اور اس پانی میں یَا بُدُّوحُ سات مرتبہ پڑھے۔ پھر پانی برتن میں سے منہ میں لے کر اسی برتن میں کلی کر دے جو شخص پانی پیئے گا تم سے محبت کرے گا۔

دیگر:- محبوب کے جسم پر رہا ہوا کپڑا لیوے اور اس پر نیچے لکھے ہوئے نقوش تحریر کرے اور پھر اس کپڑے کو گھی کے چراغ میں جلائے اور اس وقت گلاب کے پھول چراغ کے پاس رکھے۔

نقش

۹۹۶۸۶۱-۱۱ہ لک ۱۱ ۱۱۱ وحط اساہ ہ ہ حاہ





تحفۂ قلندری

حصہ چھٹا

طبِ نبوی صلی اللہ علیہ وسلم

طِبِّ نبوی صلی اللہ علیہ وسلم

نبی اکرم صلے اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کا جسموں کا علاج فرمانا تین قسم کا تھا۔ ایک طبیؔ دواں سے جنہیں اجزائے جماداتی وحیوانی سے تعبیر کیا جاتا ہے دوسرا روحانی اور الہٰی دعاؤں سے جو کچھ ادعیہ۔ اذکار اور آیات قرآنیہ ہیں اور تیسرا ادویہ کا مرکب ہے جو ان دونوں قسموں سے مرکب ہے یعنی دواؤں سے بھی اور دعاؤں سے بھی۔

دعاؤں سے علاج

قرآن شریف سے بڑھ کر کوئی شئے اعم وانفع اور اعظم شفا نازل نہیں ہوئی جیسا کہ ارشاد باری تعالےٰ ہے۔

وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ط

ترجمہ:۔ اور ہم نے قرآن سے وہ نازل فرمایا جو مسلمانوں کے لیے شفا اور رحمت ہے بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ط سے والناس تک ایک ایک آیت سارے جہان کے مرضوں کا کامل علاج ہے۔ مگر پڑھنے والا پاک باطن ہونا مناسب ہے حضور اکرم صلے اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کا پہلا رقیہ یا دعا جو ہر ایک مرض کے لیے نہایت مفید ہے جسے ابوداؤد نے اپنے سنن میں ابی درداء رضی اللہ عنہ

نے یوں روایت فرمایا ہے کہ حضور نبی کریم صلے اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی خاص دعا نظر اور تمام بلاؤں اور مرضوں اور آفتوں کے لیے یہ تھی۔

اَذْهِبِ النَّاسَ رَبَّ النَّاسِ وَاشْفِ اَنْتَ الشَّافِيْ لَا شِفَآءَ اِلَّا شِفَآؤُكَ شِفَآءً لَّا يُغَادِرُ سَقَمًا۔ (مدارج النبوۃ)

یہ دعا بیمار کے لیے فرمائی جو یہ ہے۔

اَللّٰهُمَّ اَنْتَ رَبُّنَا اللّٰهُ الَّذِيْ فِي السَّمَآءِ تَقَدَّسَ اسْمُكَ اَمْرُكَ فِي السَّمَآءِ فَاجْعَلْ رَحْمَتَكَ فِي الْاَرْضِ وَاغْفِرْ لَنَا حَوْلَنَا وَخَطَايَانَا اَنْتَ رَبُّ الطَّيِّبِيْنَ اَنْزِلْ رَحْمَةً مِّنْ عِنْدِكَ وَشِفَآءً مِّنْ شِفَآئِكَ عَلٰى هٰذَا الْوَجَعِ ط

اس دعا کو مریض کے سینہ پر جہاں درد ہو یا زخم ہو اس جگہ ہاتھ رکھ کر تین مرتبہ یا پانچ یا سات یا گیارہ مرتبہ پڑھ کر دم کرنا انشاءاللہ مریض بہت جلد اچھا ہوگا۔ متواتر تین دن تک اس عمل کو کیا جائے۔ دوسرا روحانی رقیہ یا منتر یا دعا جو عام طور سے ہر ایک بیماری کا علاج ہے، مسلم شریف میں روایت ہے کہ ایک وقت حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم بیمار تھے۔ جناب جبرائیل علیہ السلام تشریف لائے اور حضور پر دعا پڑھ کر دم کی۔

بِسْمِ اللّٰهِ اَرْقِيْكَ مِنْ كُلِّ شَيْءٍ يُّؤْذِيْكَ مِنْ كُلِّ نَفْسٍ اَوْ عَيْنِ حَاسِدٍ اَللّٰهُ يَشْفِيْكَ بِاسْمِ اللّٰهِ اَرْقِيْكَ

وضو کرنے کے بعد سات مرتبہ اس دعا کو پڑھ کر مریض پر دم کرنا ہر ایک مرض کے لیے نہایت مفید ہے جس وقت یہ دُعا پڑھی جائے۔ تو پڑھنے والے کو مناسب ہے کہ مریض کے سینہ یا جس جگہ درد وغیرہ تکلیف ہو۔ ہاتھ رکھے۔

آفتوں سے بچنا

تمام آفتوں سے محفوظ رہنے کے لیے اَعُوْذُ بِاللہِ التَّامَّۃِ
مِنْ کُلِّ شَیْطَانٍ ھَامَّۃٍ وَّمِنْ کُلِّ عَیْنٍ لَّامَّۃٍ
اَعُوْذُ بِکَلِمَاتِ التَّامَّاتِ الَّتِیْ لَا یُجَاوِزُھُنَّ بَرٌّ
وَّلَا فَاجِرٌ مِّنْ شَرِّ مَا خَلَقَ وَمَا بَرَاَ وَذَرَاَ مِنْ شَرِّ
مَا یَنْزِلُ مِنَ السَّمَآءِ وَمِنْ شَرِّ مَا یَعْرُجُ فِیْھَا مِنْ
شَرِّ مَا یَدْخُلُ فِی الْاَرْضِ وَمِنْ شَرِّ مَا یَخْرُجُ فِیْھَا
وَمِنْ شَرِّ فِتَنِ اللَّیْلِ وَالنَّھَارِ مِنْ شَرِّ طَوَارِقِ اللَّیْلِ
وَالنَّھَارِ اِلَّا طَارِقٌ یَّطْرُقُ بِخَیْرٍ یَا رَحْمٰنُ ۰

اس دُعا کو صبح کو تین دفعہ، شام کو تین بار پڑھنا سارے جہان کی آفتوں سے خُدا کے فضل سے محفوظ رکھتا ہے۔ عمل عجیب ہے۔ چوتھا مبارک رُقیہ تمام بلاؤں سے محفوظ رہنے کے لیے حضرت انس نے حضور

نبی کریم صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم سے نقل فرمایا۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ۰ لاحول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم۔ جو شخص دس مرتبہ پڑھے گا وہ گناہوں سے ایسا پاک ہو جائے گا جیسے اپنی ماں کے پیٹ سے آج ہی پیدا ہوا ہے اور دنیا کی ستر بلاؤں سے محفوظ ہو جائے گا جن میں جذام کی بیماری برص کے داغ آسیب، بھوت، پلید کا خلل بھی شامل ہے اس مبارک دُعا کے پڑھنے سے ستر بڑی بڑی مہلک بیماریاں دُور ہو جاتی ہیں۔ حضور اکرم صلے اللہ علیہ وسلم نے ستر میں سے کل تین کا نام ظاہر کیا ہے باقی سڑسٹھ اور سخت مرض ہیں جن سے اس دُعا کے پڑھنے والے کو اللہ تعالےٰ محفوظ رکھتا ہے پانچواں رُقیہ یا دُعا سارے امراض سے دُور رہنے کے لیے جناب رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ جو شخص صبح کو تین دفعہ شام کو تین مرتبہ اس دُعا کو پڑھے گا کوئی شدید مرض اچانک بلا اُسے نہ پہنچے گی۔ دُعا یہ ہے

بِسْمِ اللہِ الَّذِیْ لَا یَضُرُّ مَعَ اسْمِہٖ شَیْءٌ
فِی الْاَرْضِ وَلَا فِی السَّمَآءِ وَھُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ

ہر ایک مسلمان پر لازم ہے کہ صبح کی نماز کے بعد اور عشاء کی نماز کے بعد ضرور تین مرتبہ اس دُعا کو پڑھے۔

فاقہ کا علاج

حضرت علیؓ بن ابی طالب سے روایت ہے کہ جو شخص ہر روز

صبح کو اور شام کو یہ کلمات طیبات سو مرتبہ پڑھے گا وہ فقر وفاقہ سے محفوظ رہے گا۔ غنا کا دروازہ اس پر کھل جائے گا۔ دُعا یہ ہے۔

لَآ اِلٰـہَ اِلَّا اللّٰہُ الْمَلِکُ الْحَقُّ الْمُبِیْنُ ۝

رُوحانی رقیہ یا منتر یا دُعا

جس کے صبح اور شام پڑھنے سے انسان ہر قسم کی بیماری سے سانپ بچھو شیر وغیرہ ایسے موذیات کی اذیت سے محفوظ رہے گا۔

بِکَلِمَاتِ اللّٰہِ التَّامَّاتِ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ یَا اَرْضُ رَبِّیْ وَرَبُّکِ اللّٰہُ اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنْ شَرِّکِ وَمِنْ شَرِّ مَا فِیْکِ وَمِنْ شَرِّ مَا یَدُبُّ عَلَیْکِ اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنْ اَسَدٍ وَّاَسْوَدٍ مِّنَ الْحَیَّۃِ وَالْعَقْرَبِ وَمِنْ سَاکِنِ الْبَلَدِ مِنْ وَّالِدٍ وَّمَا وَلَدَ ۝

اس حدیث کو مسلم اور ابوداؤد نے نقل کیا ہے اس دعا کو سات دفعہ صبح کو سات دفعہ شام کو پڑھنا ساری موذیات اور ہر ایک قسم کی بلاؤں سے خدا کے حکم سے محفوظ رکھتا ہے اور یہ وہ سچے موتی ہیں جو خاص نورانی صدف مبارک سینۂ سید المرسلین سے نکل کر آئے ہیں۔ مسلمان اس کی قدر کریں۔

جنّ بھوت آسیب کے دفع کرنا

حیوٰت الحیوان میں دلائل النبوت امام بیہقی سے منقول ہے ایک دن حضرت سماک بن خرشہ رضؓ نے حضور اکرم صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت مبارک میں حاضر ہو کر عرض کیا کہ یا رسول اللہ رات کو میرے مکان میں چکی چلنے کی آواز آئی۔ پھر یک بیک متواتر بجلی چمکتی نظر آئی جب غور سے دیکھا تو ایک کالی گھٹا سی مکان کے صحن میں معلوم ہوئی۔ اس کالی گھٹا میں سے انگارے سے میری طرف کو اڑتے ہوئے آئے حضور اکرم صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے یہ سُنکر فرمایا کہ تیرے گھر میں جنّ ہے۔ اے سماک رضی اللہ تعالےٰ عنہ تم قلم دوات کاغذ لاؤ میں اس جنّ کو نامہ لکھتا ہوں میرا نام اس جنّ کو دکھانا، حضرت سماک رضی اللہ تعالےٰ عنہ قلم دوات لائے حضور اکرم صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جنات کے نام نامہ فرمان عالی شان تحریر فرمایا۔

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا خط روئے زمین کے جنّات کے نام

حضور اکرم صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے فرمایا کہ اے علی رضؓ لکھو بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ط ھٰذَا الْکِتَابُ

مِنْ مُّحَمَّدٍ رَّسُوْلِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ۝ اِلٰی مَنْ یَّطْرُقُ
الدَّارَ مِنَ الْعُمَّارِ وَالزُّوَّارِ وَلَا طَارِقًا یَّطْرُقُ بِخَیْرٍ اَمَّا
بَعْدُ فَاِنَّ لَنَا وَلَکُمْ فِی الْحَقِّ سِعَآءً فَاِنْ کُنْتَ
عَاشِقًا مُوْلِعًا اَوْ فَاجِرًا مُقْتَحِمًا فَھٰذَا کِتَابُ اللّٰہِ یَنْطِقُ
عَلَیْنَا وَعَلَیْکُمْ بِالْحَقِّ اِنَّا کُنَّا نَسْتَنْسِخُ مَا کُنْتُمْ
تَعْلَمُوْنَ ۝ وَرُسُلُنَا یَکْتُبُوْنَ مَا تَمْکُرُوْنَ اُتْرُکُوْا
صَاحِبَ کِتَابِیْ ھٰذَا وَانْطَلِقُوْا عَلٰی عَبَدَۃِ الْاَصْنَامِ
وَاِلٰی مَنْ یَّزْعَمُ اَنَّ مَعَ اللّٰہِ اِلٰھًا اٰخَرَ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ
کُلُّ شَیْءٍ ھَالِکٌ اِلَّا وَجْھَہٗ ط لَہُ الْحُکْمُ وَاِلَیْہِ
تُرْجَعُوْنَ ۝ حٰمٓ لَا یُنْصَرُوْنَ حٰمٓ عٓسٓقٓ تَفَرَّقَ اَعْدَآءُ
اللّٰہِ وَبَلَغَتْ حُجَّۃُ اللّٰہِ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا
بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ فَسَیَکْفِیْکَھُمُ اللّٰہُ ج وَھُوَ
السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ ۝

حضور نبی کریم صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس نامہ مبارک کو حضرت

علی کرم اللہ وجہہٗ سے لکھوا کر حضرت سماک رضی اللہ تعالےٰ عنہ کو عطا فرمایا۔ سماکؓ نے رات کو حضور اکرم صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کا وہ نامہ اپنے تکیہ کے نیچے رکھ لیا۔ تھوڑی دیر کے بعد مکان کے اندر سے رونے فریاد کرنے کی آواز آئی ہائے مر گیا، ہائے مر گیا، ہائے جل گیا۔ اے سماک میں اب نہ تیرے گھر میں آؤں گا نہ تیرے ہمسایہ میں رہوں گا مجھے معاف کر دے مجھے چھوڑ دے۔ حضرت سماک نے کہا کہ میں جب تک حضور اکرم صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم سے عرض نہ کر لوں گا۔ ہرگز نہ چھوڑوں گا۔ حضرت سماک نے صبح کی نماز حضور اکرم صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پیچھے پڑھی اور رات کا واقعہ عرض کیا۔ حضور اکرم صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ اے سماک جنات کی قوم پر رحم کر، نامہ مبارک ہٹا لے، خدا کی قسم! قیامت تک جنات اسی طرح عذاب میں مبتلا رہیں گے۔ حضرت سماک نے وہ نامہ مبارک تکیہ کے نیچے سے ہٹا لیا اور وہ سارے جنات غائب ہوئے اور پھر اس مکان میں کبھی نہ آئے۔ لوگو! یہ حضورؐ کا فرمان نامہ مبارک سارے جہان کے جنات کے نام پر لکھا ہوا ہے جس کسی شخص کے مکان میں جن، بھوت، آسیب کا خلل ہو اس نامہ مبارک کو لکھ کر مکان میں رکھنا جس شخص پر جن آتا ہو۔ یہ نامہ مبارک لکھ کر آسیب زدہ کو دکھانا نہایت مفید اور بے حد مجرب ہے ہر ایک مسلمان کو اس پر عمل در آمد کرنا مناسب ہے۔ مگر اس نامہ مبارک کی زکوٰۃ دینی لازم ہے بغیر زکوٰۃ کے کامل اثر نہ ہوگا۔ کیونکہ ہماری زبانیں خراب ہیں ہمارے منہ بدبودار ہیں اس لیے اس نامہ کا کچھ زیادہ مرتبہ تلاوت کرنا اس کی زکوٰۃ ہے اور اس میں زیادہ نفع کی امید ہے زکوٰۃ کی ترکیب یہ ہے کہ رات کو آدھی رات کے

Scanned with CamScanner

بعد غسل کرے۔ غسل کے بعد بارہ رکعتیں تہجد کی پڑھے اس کے بعد ایک ہزار مرتبہ

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِنِ النَّبِیِّ الْمَبْعُوْثِ اِلَی الْاِنْسِ وَالْجِنِّ وَالْاَسْوَدِ وَالْاَحْمَرِ وَالْاَصْغَرِ وَالْاَکْبَرِ صَاحِبِ الْکَوْثَرِ وَبَارِکْ وَسَلِّمْ

اس کے بعد ایک سو اکتیس مرتبہ نامہ شریف تلاوت کرے۔ اس کے بعد اس نامہ کو سفید کاغذ پر ویسی سیاہی سے لکھ کر آسیب زدہ کو دکھلائے یا مکان میں رکھ دے انشاء اللہ اسی دن ہمسایہ تک جنات، آسیب، بھوت، پلید، سب کافور ہو جائیں گے عمل نہایت مجرب ہے اس خاکسار کاتب الحروف نے بذاتِ خاص بارہا آزمایا نہایت مجرب پایا مجھے امید ہے کہ مسلمان اس روحانی فیض سے محروم نہ رہیں گے اور جب کبھی کسی صاحب کو آرام یا نفع ہوگا۔

سفلی جادو کا علاج

مواہب لدنیہ میں کتاب مدخل سے نقل کیا ہے کہ شیخ ابو محمد مرجانی کو جناب محمد رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے خواب میں تشریف لا کر یہ علاج تلقین فرمایا۔ خدا کے فضل سے عمل نہایت تاثیر والا ہے ایک مرتبہ آیت

لَقَدْ جَآءَکُمْ رَسُوْلٌ آخر سورت تک ایک ایک مرتبہ

آیت وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ایک مرتبہ لَوْ اَنْزَلْنَا هٰذَا الْقُرْاٰنَ عَلٰی جَبَلٍ آخر سورت تک قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ۔ کاغذ یا چینی کی رکابی پر لکھ کر پھر یہ دعا لکھے۔

اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الْمُحْيِيْ وَاَنْتَ الْمُمِيْتُ وَاَنْتَ الْخَالِقُ وَاَنْتَ الْبَارِئُ وَاَنْتَ الشَّافِيْ خَلَقْتَنَا مِنْ مَّآءٍ مَّهِيْنٍ جَعَلْتَنَا فِيْ قَرَارٍ مَّكِيْنٍ اِلٰى قَدَرٍ مَّعْلُوْمٍ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ بِاَسْمَآئِكَ الْحُسْنٰى وَصِفَاتِكَ الْعُلْيَا يَا مَنْ بِيَدِهِ الْاِبْتِلَآءُ وَالْمُعَافَاتُ وَالشِّفَآءُ وَالدَّوَآءُ بِمُعْجِزَاتِ نَبِيِّكَ مُحَمَّدٍ وَّبَرَكَاتِ خَلِيْلِكَ اِبْرَاهِيْمَ وَحُرْمَةِ كَلِيْمِكَ مُوْسٰى عَلَيْهِ السَّلَامُ اَللّٰهُمَّ اشْفِهٖ ط

وہ رکابی کے نقش و حروف گھول کر مریض کو پلائے جائیں پھر متواتر سات دن تک سورج سے پہلے یہ عمل کیا جائے انشاء اللہ کیسا ہی جادو ہوگا۔ اتر جائے گا مریض تندرست ہو جائے گا۔ عمل نہایت متبرک خود فخر المرسلین صلی اللہ علیہ وسلم کا تلقین فرمایا۔

ہر ایک قسم کے حزن رنج رفع کرنا

بخاری شریف میں حضرت ابن عباس سے روایت ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو جب کسی قسم کا رنج ہوتا تب حضور اس دعا کو پڑھتے تھے

لَآ اِلٰـهَ اِلَّا اللّٰهُ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ لَآ اِلٰـهَ اِلَّا اللّٰهُ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ لَآ اِلٰـهَ اِلَّا اللّٰهُ رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَرَبُّ الْعَرْشِ الْكَرِيْمِ

اگر کسی کا عزیز قریب مرجائے یا کسی کا مال کھویا جائے یا کوئی اور صدمہ عظیم ایسا پیدا ہوجائے جس کی برداشت نہ ہوسکے ایسے سخت وقت میں اس دعا کا پڑھنا ایک قلم دل سے رنج کو دور کرتا ہے جس طرح کانٹا نکل جانے سے راحت معلوم ہوتی ہے اسی طرح دس بارہ دفعہ پڑھنے سے رنج کی کمی معلوم ہوگی بعض علماء نے اس دعا کو اسم اعظم بھی فرمایا ہے۔ بہر صورت نہایت مفید دعا ہے اور کیوں نہ ہو مولا کی تعریف اور پھر سید الاولین والآخرین کی زبان مبارک سے نُوْرٌ عَلٰی نُوْرٍ۔

فقر اور تنگی معاش کا علاج

مواہب لدنیہ میں روایت ہے کہ ایک شخص حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور یہ عرض کیا کہ حضور دنیا میری طرف سے

پیٹھ پھیر کر چلی گئی۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ ملائکہ کی تسبیح پڑھا کرو۔ عرض کیا کہ حضور ملائکہ کی تسبیح کیا ہے؟ حضور اکرم صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ صبح صادق کے بعد سورج نکلنے سے پہلے سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ سُبْحَانَ اللّٰهِ الْعَظِيْمِ سو مرتبہ پڑھ سن کر وہ شخص چلا گیا اور چند روز کے بعد آیا اور عرض کیا کہ حضور خدا نے مجھے اتنا دیا کہ میرے گھر میں رکھنے کو جگہ نہ رہی۔

بدخوابی بے چینی نیند نہ آنے کا علاج

ترمذی شریف میں حضرت بریدہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ ایک دن حضرت خالدؓ نے حضور اکرم صلے اللہ علیہ وسلم سے رات کی بے چینی نیند نہ آنے کی شکایت کی حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ اے خالدؓ! جب سونے کے لیے بستر پر لیٹو یہ دعا پڑھو

اَللّٰهُمَّ رَبَّ السَّمٰوٰتِ السَّبْعِ وَمَا اَظَلَّتْ وَرَبَّ الْاَرَضِيْنَ وَرَبَّ الشَّيَاطِيْنِ وَمَا اَضَلَّتْ كُنْ لِّيْ جَارًا مِّنْ شَرِّ خَلْقِكَ كُلِّهِمْ جَمِيْعًا اَنْ يَّفْرُطَ عَلٰى اَحَدٌ مِّنْهُمْ اَوْ يَبْغِيَ عَلَىَّ عَزَّ جَارُكَ وَجَلَّ ثَنَاؤُكَ وَلَآ اِلٰهَ غَيْرُكَ ط

سر کے درد کا علاج

مواہب لدنیہ میں جامع حمیدی سے منقول ہے کہ حضور نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم درد سے پناہ مانگتے اور درد کے وقت یہ دُعا پڑھتے تھے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الْكَبِيْرِ اَعُوْذُ بِاللّٰهِ الْعَظِيْمِ مِنْ شَرِّ كُلِّ عِرْقٍ نَعَّارٍ وَّمِنْ شَرِّ النَّارِ۔

اس دعا کو پہلے پانچ مرتبہ پھر دوبارہ سات مرتبہ پھر گیارہ مرتبہ پڑھ کر درد کو جھاڑنا بہت مفید ہے۔ ہر دفعہ درد کی جگہ پڑھنے والا یا خود مریض اپنے ہاتھ سے پکڑے، جب دم کرنے والا ایک دفعہ دم کرے ہاتھ درد کی جگہ سے ہٹا لیا جائے اگر آرام نہ ہو تو پھر اسی طرح درد کی جگہ کو پکڑ کر دُعا پڑھ کر دم کیا جائے انشاء اللہ تین مرتبہ دم کرنے کے بعد درد میں بہت سکون اور آرام آجائے گا۔ اگر آرام نہ ہو پھر چار گھنٹے کے بعد اسی طرح درد کو جھاڑا جائے۔ دن میں دو دفعہ اس عمل کو کیا جائے انشاء اللہ تعالےٰ بالکل آرام ہو جائے گا۔

درد اور ورم کا علاج

مواہب لدنیہ میں ابن انس سے منقول ہے کہ حضرت اسماء بنت ابی بکر الصدیق رضی اللہ تعالےٰ عنہما نے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت

میں سر کے درد اور ورم کی شکایت کی۔ حضور اکرم صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنا ہاتھ حضرت اسماء کے سر کے دوپٹہ پر اوپر سر پر رکھا اور یہ کلمات پڑھ کر درد اور ورم جھاڑا

بِسْمِ اللّٰهِ اَذْهَبْ عَنْهَا سُوْءَهٗ وَفُحْشَهٗ بِدَعْوَةِ نَبِيِّكَ الطَّيِّبِ الْمُبَارَكِ الْمَتِيْنِ عِنْدَكَ بِسْمِ اللّٰهِ۔

تین مرتبہ اسے پڑھ کر جھاڑا پھر حضرت اسما کو حکم دیا کہ تم خود اسی طرح جھاڑا۔ حضرت اسماء نے تین روز تک اسی طرح پڑھ کر جھاڑا خدا کے فضل سے درد بھی جاتا رہا اور ورم بھی دُور ہو گیا۔

نکسیر بند کرنیکا عمل

جس شخص کی نکسیر جاری ہو اس کے ماتھے پر مشک زعفران سے اس آیت کا لکھنا نہایت مفید ہے۔

وَقِيْلَ يَا اَرْضُ ابْلَعِيْ مَآءَكِ وَيَا سَمَآءُ اَقْلِعِيْ وَغِيْضَ الْمَآءُ وَقُضِيَ الْاَمْرُ۔

تین گھنٹے کے بعد ان آیات کو دھو کر پانی سر میں ڈال لیا جائے اور اس جگہ سورۃ فاتحہ ماتھے پر لکھی جائے انشاء اللہ اسی دن نکسیر بند ہو جائے گی۔

Scanned with CamScanner

داڑھ کے درد کا علاج

مواہب حمیدی سے منقول ہے کہ ایک دن بی بی فاطمۃ الزہرا رضی اللہ تعالےٰ عنہا اپنے داڑھ دانتوں کے درد کی شکایت لے کر حضور اکرم صلے اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں آئیں حضور اکرم صلے اللہ علیہ وسلم نے اپنی انگلی بی بی فاطمہ کے درد دانت پر رکھ کر فرمایا۔

بِسْمِ اللّٰهِ وَبِاللّٰهِ اَسْئَلُكَ بِعِزِّكَ وَجَلَالِكَ وَقُدْرَتِكَ عَلٰى كُلِّ فَاِنَّ مَرْيَمَ تَلِدُ عِيْسٰى مِنْ رُوْحِكَ وَكَلِمَتِكَ اَنْ تَشْفِيَ مَا بِفَاطِمَةَ بِنْتِ خَدِيْجَةَ مِنَ الضُّرِّ كُلِّهَا.

دیگر

بیہقی عبد اللہ بن رواحہ سے نقل کرتے ہیں کہ انہوں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم سے درد دانت کی شکایت کی تو حضور نبی کریم صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنا دست مبارک ان کے اس رخسار پر جس میں درد تھا رکھ کر سات مرتبہ پڑھا۔

اَللّٰهُمَّ اَذْهِبْ عَنْهُ مَا يَجِدُ وَفُحْشَهُ بِدَعْوَةِ نَبِيِّكَ الْمُسْكِيْنِ الْمُبَارَكِ عِنْدَكَ ط

دست مبارک اٹھانے سے پہلے اللہ تعالےٰ نے ان کے درد کو رفع فرما دیا۔ (مدارج النبوۃ)

مرض میں دودھ کا استعمال

حضرت عائشہ رضی اللہ تعالےٰ عنہا سے منقول ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہے کہ دودھ کا ثرید (دودھ میں روٹی بھیگی ہوئی یا اور کوئی غذا) مریض کے قلب کو قوت دیتا ہے اور غم دور کرتا ہے۔

جب کبھی آپؐ سے عرض کیا جاتا کہ فلاں کو درد ہے اور وہ کھانا نہیں کھاتا تو آپ فرماتے تلبینہ، (دودھ آمیز غذا) بنا کر اسے پلانا چاہیے اور فرماتے قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضہ میں میری جان ہے۔ یہ تمہارے پیٹ کو اس طرح دھو دیتا ہے کہ جیسے تو اپنے چہروں کو میل سے معاف کر دو۔ (زاد المعاد)

شہد کی تاثیر

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالےٰ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جو شخص ہر مہینہ میں تین دن صبح کے وقت شہد چاٹ لے پھر وہ کسی بڑی مصیبت و بلا میں مبتلا نہیں ہوتا۔

(ابن ماجہ۔ بیہقی۔ مشکوٰۃ)

کلونجی کی تاثیر

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالےٰ عنہ فرماتے ہیں کہ انہوں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے سنا ہے کہ کلونجی سے ہر بیماری سے شفا ہے مگر موت سے نہیں۔ (بخاری و مسلم۔ مشکوٰۃ)

Scanned with CamScanner

قرآن و شہد میں شفا

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالے عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا کہ دو شفا دینے والی چیزوں کو اپنے اوپر لازم کر لو (یعنی ان کا استعمال ضرور کیا کرو) ایک تو شہد دوسرے قرآن (یعنی آیات قرآن) (ابن ماجہ۔ بیہقی۔ مشکوٰۃ)

روغن زیتون

حضرت زید بن ارقم رضی اللہ تعالے عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے ذات الجنب کی بیماری میں روغن زیتون اور ورس (ایک بوٹی) کی تعریف کی ہے۔ (ترمذی۔ مشکوٰۃ)

مرگی

نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم اکثر اوقات آفت زدہ کے کان میں یہ آیت پڑھا کرتے تھے۔

اَفَحَسِبْتُمْ اَنَّمَا خَلَقْنٰكُمْ عَبَثًا وَّ اَنَّكُمْ اِلَيْنَا لَا تُرْجَعُوْنَ ط

اور آیۃ الکرسی سے بھی اس کا علاج کیا جاتا تھا اور آفت زدہ کو بھی اس کا ورد رکھنے کا حکم دیا کرتے تھے اور معوذتین پڑھنے کو بھی فرمایا کرتے تھے۔ (زاد المعاد)

مکھی

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالے عنہ سے مروی ہے کہ جناب رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا کہ جب تم میں سے کسی کے برتن میں مکھی گر جائے تو اسے غوطہ دے کر نکال دو۔ کیونکہ اس کے ایک پر میں بیماری ہے اور دوسرے میں شفا۔

ضعف قلب کا علاج

سنن ابن داؤد میں حضرت مجاہدؒ سے مروی ہے کہ انہیں حضرت سعید رضی اللہ تعالے عنہ سے روایت پہنچی ہے فرمایا کہ میں بیمار ہو گیا تھا۔ جناب رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہٖ وسلم میرے عیادت کے لیے تشریف لائے آپ نے اپنا دست مبارک میرے سینہ پر رکھا میں نے اس کی ٹھنڈک اپنے دل میں محسوس کی آپؐ نے فرمایا تجھے دل کا مرض ہے مدینہ کی سات عجوہ کھجوریں ان کی گٹھلیاں نکال کر استعمال کرو۔ (اس مرض میں کھجور ایک عجیب خاصیت رکھتی ہے۔ خصوصًا مدینہ طیبہ کی عجوہ کھجور۔ یہ وحی سے متعلق ہے) (زاد المعاد)

صحیحین میں حضرت عامر بن ابی وقاص رضی اللہ تعالے عنہ سے مروی ہے کہ انہیں اپنے والد سے روایت پہنچی ہے کہ جناب رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا کہ جو صبح کو ان میں سے سات کھجوریں کھا لے اسے اس روز کوئی زہر یا جادو نقصان نہ دے گا۔

(زاد المعاد)

حالت مرض کی دعا

جو شخص حالت مرض میں یہ دعا چالیس مرتبہ پڑھے اگر مرا تو شہید کے برابر ثواب ملے گا۔ اور اگر اچھا ہوگیا تو تمام گناہ بخشے جاویں گے۔

لَآ اِلٰـهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحَانَكَ اِنِّیْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ ؕ

اور اگر مرض میں یہ دعا پڑھے اور مر جائے تو اس کو دوزخ کی آگ نہ لگے گی۔

لَآ اِلٰـهَ اِلَّا اللّٰهُ اَللّٰهُ اَكْبَرُ لَآ اِلٰـهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ لَآ اِلٰـهَ اِلَّا اللّٰهُ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ لَآ اِلٰـهَ اِلَّا اللّٰهُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ ؕ (ترمذی۔ ابن ماجہ)

زمانہ بیماری میں صدق دل اور سچے شوق سے یہ دعا کیا کرے۔

اَللّٰهُمَّ ارْزُقْنِیْ شَهَادَةً فِیْ سَبِيْلِكَ وَاجْعَلْ مَوْتِیْ بِبَلَدِ رَسُوْلِكَ ۔ (حصن حصین)

کھانے پینے میں بے برکتی

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالےٰ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہے کہ کھانے میں پھونک مارنے سے برکت جاتی رہتی ہے (کنز العباد)

کم کھانے سے صحت

حضور نبی کریم صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ پیٹ سے زیادہ بڑا برتن اللہ تعالےٰ نے کوئی پیدا نہیں کیا۔ (کتاب الطب)

انسان کو چاہیئے کہ جب کھائے تو اس کے تین حصے اس طرح کرے کہ ایک حصہ کھائے اور ایک حصہ پیٹ کا پانی کے لیے رکھے اور ایک حصہ سانس کی آمد و رفت کے لیے چھوڑ دے۔

فائدہ:۔ اس حدیث سے معلوم ہوا کہ اگر کسی کی خوراک تین پاؤ کے برابر ہے تو اس کو ایک پاؤ کھانا چاہیئے تاکہ تندرستی قائم رہے اور حقیقت یہی ہے کہ کم کھانے کے بے شمار فوائد ہیں۔ جن میں سے چند یہ ہیں۔ حافظہ ذہن تیز ہوتا ہے صحت ٹھیک رہتی ہے ضرورت سے زیادہ نیند نہیں آتی۔ سانس آسانی سے آتا ہے۔ نماز میں کاہلی اور نیند نہیں آتی۔

ہاضمے کا علاج

حضرت عائشہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا کہ گوشت کو چھری یا چاقو سے کاٹ کر نہ کھایا کرو۔ کیونکہ یہ عجمیوں کا طریقہ ہے بلکہ گوشت کو دانتوں سے کاٹ کر کھانا چاہیئے۔ اس لیے کہ بچاؤ خوب کرتا ہے (بدہضمی سے) اور دانتوں سے کھانے میں ہاضمہ جلد ہوتا ہے۔ (ترمذی شریف، ابوداؤد)

کھانے کے وقت شیطان سے حفاظت

حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ جو شخص یہ چاہے کہ کھانے کے وقت شیطان کے شر سے محفوظ رہے اس کو چاہیئے کہ بسم اللہ سے کھانا شروع کرے اور کھانا دائیں ہاتھ سے ہی پکڑے اور داہنے ہی ہاتھ سے کھائے اس لیے کہ شیطان بائیں ہاتھ سے کھاتا پیتا ہے۔ جس کھانے پر اللہ تعالےٰ کا نام نہیں لیا جاتا وہ کھانا شیطان کے لیے حلال ہو جاتا ہے۔

مریض کے ساتھ کھانا کھانا

اگر اتفاق سے کسی شخص کو کسی مریض کے ساتھ کھانا پڑے تو اس کو یہ دُعا پڑھنی چاہیئے۔

بِسْمِ اللّٰہِ ثِقَۃً بِاللّٰہِ وَتَوَکُّلًا عَلَیْہِ۔

ترجمہ:۔ اللہ کے نام سے اور اسی پر بھروسہ کرکے کھاتا ہوں۔

اس کی برکت سے اس مرض سے یہ شخص محفوظ رہے گا۔

کھانے کے وقت کی چند دُعائیں

کھانے کے بعد یہ پڑھے۔ اَللّٰھُمَّ بَارِکْ لَنَا فِیْہِ وَاَطْعِمْنَا خَیْرًا مِّنْہُ ؕ ترجمہ:۔ خُدا ہمارے لیے اس میں برکت دے اور اس سے بہتر عنایت فرما۔

اسی طرح جب سیر ہو کر کھائے اور دودھ پیئے تو یہ پڑھے۔

اَللّٰھُمَّ بَارِکْ فِیْہِ وَزِدْنَا فِیْہِ۔

ترجمہ:۔ اے اللہ! اس میں برکت دے اور یہ ہم کو زیادہ عنایت فرما۔
انشاء اللہ اس سے کھانے میں برکت ہو گی۔

کھانا ہضم ہونے کا علاج

ابوداؤد میں ام معبد سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔ کہ سرکہ بہترین سالن ہے۔ اے خدا! سرکہ میں برکت عطا فرما۔

جامع کبیر میں لکھا ہے کہ سرکہ میں یہ حکمت ہے کہ یہ کھانے کو ہضم کرتا ہے

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالےٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ

علیہ وآلہ وسلم کے نزدیک تمام سالنوں میں سب سے پیارا سالن سرکہ ہے

حضرت جابر بن عبداللہ سے روایت ہے کہ سرکہ بہترین سالن ہے اور حضور نبی کریم صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم سبزیوں کے ساتھ استعمال کر کے نوش فرماتے تھے۔

کنز العباد میں ہے کہ اس میں حکمت یہ ہے کہ جس دستر خوان پر سبز ترکاری ہوتی ہے اس جگہ فرشتے آتے ہیں۔

کھانے پینے سے مُضر اثرات دُور کرنا

جب کوئی شخص کچھ کھائے یا پیئے تو یہ دعا پڑھے اس دُعا کی برکت سے کھانے کے مُضر اثرات ضائع ہو جائیں گے۔

بِسْمِ اللّٰہِ خَیْرُ الْاَسْمَآءِ بِسْمِ اللّٰہِ رَبُّ الْاَرْضِ وَالسَّمَآءِ بِسْمِ اللّٰہِ الَّذِیْ لَا یَضُرُّ مَعَ اِسْمِہٖ شَیْءٌ فِی الْاَرْضِ وَلَا فِی السَّمَآءِ وَھُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ

اس دعا کے متعلق ایک دلچسپ حکایت ہے۔

روایت ہے کہ ابو مسلم خولانی کی ایک لونڈی تھی اس نے اپنے مالک کو کئی بار زہر دیا لیکن اس پر کوئی اثر نہ ہوا۔ کافی مدت گزرنے کے بعد لونڈی نے مالک سے کہا کہ میں نے تم کو کئی بار زہر دیا لیکن تم پر کچھ بھی اثر نہ ہوا۔ اس کا کیا سبب ہے۔ مالک نے پوچھا۔ کہ تو نے مجھے زہر کیوں

دیا تھا۔ اس نے کہا۔ اس لیے کہ تم بوڑھے ہو گئے ہو اور مجھے بڈھیاں پسند نہیں ہیں۔ مالک نے کہا کہ میں ہمیشہ یہ پاک کلمات اپنے ہر کھانے پینے کی چیز پر پڑھ کر کھاتا ہوں اسی کی برکت سے میں زہر سے محفوظ رہا اور ساتھ ہی اس لونڈی کو آزاد کر دیا۔

نمک کھانے کے فوائد

حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔ کہ اے علیؓ! کھانا نمک کے ساتھ شروع کرنا چاہیئے اس لیے کہ ستر امراض اور بیماریوں سے نمک میں شفا رکھی گئی ہے اور ان میں سے چند یہ ہیں۔

جنون۔ جذام۔ کوڑھ۔ پیٹ کا درد۔ دانت کا درد وغیرہ۔

فرشتوں کی دُعا

حضرت جابر بن عبداللہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جو شخص کھانے کے بعد برتن کو چاٹ کر صاف کر دیتا ہے تو وہ برتن اس کے حق میں دعا کرتے ہیں کہ اللہ اس شخص کو آگ سے نجات عطا فرما جس طرح اس نے مجھے شیطان کے ہاتھ سے نجات عطا فرمائی اور رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ کے مقرر فرشتے اس شخص کے لیے دعا کرتے ہیں۔ جو کھانے کے بعد اپنی انگلیاں چاٹ لیتے ہیں اور اس عمل کے ذریعہ

Scanned with CamScanner

تکبر جیسے مرض کا بھی بہترین علاج ہے۔

رزق کی کشادگی

حضور نبی کریم صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ارشاد ہے جو شخص دستر خوان پر سے گری ہوئی چیز اٹھا کر کھا لیتا ہے۔ اس کو ہمیشہ فراخیٔ رزق حاصل رہے گی۔ حضرت جابر رضی اللہ تعالےٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے کہ جو شخص کھانے کے وقت جب کوئی لقمہ گر جائے تو اس کو اٹھا کر اور پونچھ کر کھا لیتا ہے تو اللہ تعالےٰ اس کے رزق میں اضافہ کر دیتا ہے۔ کیونکہ دستر خوان پر کوئی لقمہ شیطان کے لیے نہیں چھوڑنا چاہیئے

رزق میں برکت کیلئے

رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔ کہ اے لوگو! آپس میں مل کر کھانا کھایا کرو۔ اس طرح اللہ تعالےٰ کھانے میں برکت عطا فرماتا ہے۔

حضرت جابر رضی اللہ تعالےٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔ کہ سب سے بہتر اور پیارا کھانا وہ ہے کہ جس میں زیادہ سے زیادہ ہاتھ ڈالے جائیں۔

آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ارشاد ہے کہ سب کے ساتھ

کھانے میں شفا ہے۔ اور ساتھ یہ بھی ارشاد فرمایا کہ بہت بُرے وہ لوگ ہیں جو تنہا کھانا کھاتے ہیں۔ اور اپنی لونڈی کو ماریں اور اپنی بخشش کو بند کر دیں۔ اور نکاح کریں ہاتھ سے یعنی جلق ماریں۔

رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ کھانا ٹھنڈا کر کے کھانا چاہیئے کیونکہ گرم کھانے میں برکت نہیں ہوتی۔ کیونکہ گرم کھانے سے معدہ ضعیف و کمزور ہو جاتا ہے۔

حضرت حسن رضی اللہ تعالےٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ کھانے کے بیچ میں سے نہ کھایا کرو کیونکہ بیچ میں برکت نازل ہوتی ہے۔

حضور نبی کریم صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ارشاد ہے کہ تکیہ لگا کر کھانا نہیں کھانا چاہیئے۔ کیونکہ اس طرح کھانے سے بدہضمی ہو جاتی ہے۔

جسمانی صحت وتندرستی کیلئے

صحیح بخاری شریف میں حضرت عبادہ رضی اللہ تعالےٰ عنہ سے روایت ہے۔ کہ

اَتَزَوَّجُ النِّسَآءَ فَمَنْ رَغِبَ عَنْ سُنَّتِيْ فَلَيْسَ مِنِّيْ ؕ

ترجمہ:۔ حضور اکرم صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ میں عورتوں سے نکاح کرتا ہوں اور جو شخص میرے طریقے سے انکار کرے وہ ہم میں سے نہیں۔ اور سنن ابوداؤد و نسائی و حاکم میں معقل بن یسار رضی اللہ تعالےٰ عنہ

Scanned with CamScanner

سے مرفوعاً روایت ہے۔

تَزَوَّجُوا الْوَدُوْدَ فَاِنِّیْ مُکَاثِرٌ وَبِکُمُ الْاُمَمَ ط

ترجمہ:۔ حضور نبی کریم صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ ایسی عورتوں سے نکاح کرو جو اپنے شوہر سے محبت اور زیادہ بچے پیدا کرنے والی ہوں کیونکہ میں تمہاری کثرت کی وجہ سے دوسری امتوں پر فخر کروں گا۔

صحیح بخاری و مسلم میں حضرت عبداللہ ابن مسعود رضی اللہ تعالےٰ عنہ عنہ سے روایت ہے۔

يَا مَعْشَرَ الشَّبَابِ مَنِ اسْتَطَاعَ مِنْكُمُ الْبَاءَةَ فَلْيَتَزَوَّجْ فَاِنَّهٗ اَغَضُّ لِلْبَصَرِ وَاَحْصَنُ لِلْفَرْجِ وَمَنْ لَّمْ يَسْتَطِعْ فَعَلَيْهِ بِالصَّوْمِ لَهٗ وِجَاءٌ ط

حضور نبی کریم صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ارشاد ہے کہ اے جوانوں کے گروہ! تم میں جو شخص نکاح کی طاقت رکھے اس کو نکاح کرنا چاہیئے اس لیے کہ نکاح آنکھ کو ڈھانکنے والا اور شرم گاہ روکنے والا ہے اور جو نکاح کی طاقت نہ رکھے اس کو روزہ رکھنا چاہیئے۔ اس لیے کہ روزہ گویا خصی کر دیتا ہے۔

حدیث شریف میں دو علاج بتلائے گئے ہیں۔ ایک تو نکاح کرنا دوسرے رکھنا۔ اس لیے کہ نکاح کرنے سے جسم انسانی فسادِ خون اور پھوڑے پھنسیوں کی بیماریوں سے محفوظ رہے گا۔ لیکن ساتھ ہی کثرتِ جماع سے پرہیز

لازم ہے کیونکہ اس سے جسم انسانی کمزور ہو جاتا ہے۔

بہت سے امراض کیلئے دُعا

حدیث شریف میں ہے کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم جب بیمار ہوتے تھے تو جبرائیل یہ دعا پڑھا کرتے تھے۔

بِسْمِ اللّٰهِ اَرْقِيْكَ مِنْ كُلِّ شَيْءٍ يُّؤْذِيْكَ مِنْ شَرِّ كُلِّ عَيْنٍ حَاسِدٍ اَللّٰهُ يَشْفِيْكَ بِسْمِ اللّٰهِ اَرْقِيْكَ ط

جنون دور کرنے کا علاج

حضرت ابی کعب رضی اللہ تعالےٰ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک روز میں آنحضرت صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں حاضر تھا کہ ایک اعرابی شخص آیا اس نے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں عرض کیا کہ میرا بھائی بیمار ہے۔ حضورؐ نے فرمایا کہ اس کو کیا بیماری ہے اعرابی نے کہا کہ میرے بھائی کو جنون ہو گیا ہے۔ آپ نے فرمایا کہ اس کو میرے پاس پکڑ کر لے آؤ۔ وہ اُسے لے آئے آنحضرتؐ نے اس کو اپنے سامنے بٹھا کر اس کے روبرو سورہ فاتحہ اور چار آیتیں ابتدائی سورہ بقر کی مُفْلِحُوْنَ تک اور اِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ اور ایک آیت آیۃ الکرسی کی۔ اور تین آیتیں آخر سورۃ البقر کی۔ اور ایک آیت سورۃ آل عمران کی شَهِدَ اللّٰهُ

Scanned with CamScanner

سے حَکِیْمٌ تک اور ایک آیت سورہ اعراف کی اِنَّ رَبَّکُمُ اللّٰہُ
سے رَبُّ الْعَالَمِیْنَ تک اور ایک سورہ مومنون فَتَعَالَی اللّٰہُ
الْمَلِکُ الْحَقُّ اور ایک آیت سورہ جن کی وَاَنَّہٗ تَعَالٰی جَدُّ رَبِّنَا
مَا اتَّخَذَ صَاحِبَۃً وَّلَا وَلَدًا ۔ اور تین آیتیں سورۃ صافات
کی عَذَابٌ تک ۔ اور تین آیتیں سورہ حشر کی اور قل شریف اور معوذتین
یہ آیت اس شخص پر پڑھوائی گئیں ۔ تو وہ شخص اسی وقت ایسا
تندرست ہو کر کھڑا ہو گیا ۔ گویا بیمار ہی نہ ہوا تھا ۔

وبا کا طبّی علاج

وبا کے دنوں میں آدمی کو چاہیئے کہ زیادہ تر سایہ دار مکان میں رہے اور خوشبویات جیسے کافور، مشک، عنبر، عود اور عطر وغیرہ کو سونگھتا رہے اور غذا میں سرکہ، لیمو، سکنجبین وغیرہ کا استعمال زیادہ کرے اور گھر میں کافور، عود وغیرہ کی دھونی دینی چاہیئے ۔ سرکہ اور گلاب مکان کے سب گوشوں میں چھڑکنا چاہیئے اور پیاز کو کوٹ کر گھر کی طاقوں میں رکھ دینا چاہیئے ۔ اور ہوا زیادہ نہ پھرے ۔ اگر اتفاق سے کہیں جانا ہو تو ناک کان کو کپڑے سے ڈھک کر جائے اور عطر ساتھ میں ضرور رکھے ۔ اس موسم کی ترکاریاں اور گوشت سے پرہیز کو ضروری سمجھے ۔

سورۃ فاتحہ کے خواص

سورۃ فاتحہ ہر مرض کے لیے مفید ہے ۔ سورۃ فاتحہ میں سوائے موت کے

ہر بیماری سے شفا ہے ۔ ابو سعید خدری رضی سے روایت ہے کہ سورہ فاتحہ زہر کی دوا ہے اور بزار نے انس بن مالک رضی سے روایت کی ہے کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ و آلہ وسلم نے مجھ سے ارشاد فرمایا ۔ کہ جب تم سونے کا ارادہ کرو تو سورۃ فاتحہ اور قل ہو اللہ پڑھ لیا کرو ۔ کہ تم سوائے موت کے ہر بلا سے محفوظ رہو گے اور امام جزری نے اپنی کتاب میں لکھا ہے کہ جس شخص کو جنون ہو جائے تو اس شخص پر تین دن تک صبح شام تین بار سورۃ فاتحہ پڑھ کر دم کیا جائے ۔

ہر قسم کے درد کے لیے دُعا

علامہ جزری نے اپنی کتاب میں لکھا ہے کہ جس شخص کے کسی جگہ درد ہو جائے تو اس کو چاہیئے کہ اپنا داہنا ہاتھ درد کی جگہ پر رکھے اور اس دعا کو سات مرتبہ پڑھے اور ہر مرتبہ پڑھ کر ہاتھ کو اٹھائے ۔ دعا یہ ہے ۔

بِسْمِ اللّٰہِ اَعُوْذُ بِعِزَّۃِ اللّٰہِ وَقُدْرَتِہٖ مِنْ شَرِّ
مَا اَجِدُ مِنْ وَجْعِیْ ھٰذَا ط

گوشت کھانے کے فوائد

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالےٰ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی کریم صلے اللہ علیہ و آلہ وسلم کا ارشاد ہے کہ گوشت تمام سالنوں کا سردار

Scanned with CamScanner

ہے۔ دنیا اور آخرت میں اور کتاب الطب میں حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے
روایت ہے کہ حضرت نبی کریم صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا۔ کہ اے
لوگو! گوشت کو اختیار کرو اور گوشت خوب کھایا کرو کیونکہ گوشت
کھانے سے حلق اچھا رہتا ہے اور رنگ کو صاف کرتا ہے اور پیٹ
گھٹاتا ہے۔ یعنی گوشت کھانے والے کی توند نہیں نکلتی۔

حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے فرمایا کہ جو شخص چالیس روز تک
گوشت نہ کھائے اس کا حلق بڑا ہو جاتا ہے۔ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ
تعالےٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا
کہ گوشت کھانے کے وقت دل کو فرحت ہوتی ہے۔

بدن کی کمزوری کا علاج

ابو نعیم نے لکھا ہے کہ ایک بار رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم
نے اللہ تعالےٰ کے حضور بدن کے ضعف کی شکایت کی۔ جواب ملا کہ ہریسہ
میں گوشت پکا کر کھایا کرو۔

انجیر کے فائدے

جامع کبیر میں ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد
فرمایا کہ انجیر کھانے سے آدمی مرض قولنج سے محفوظ رہتا ہے۔

انجیر کے بہت سے فائدے ہیں مثلاً لطیف اور زود ہضم ہے طبیعت
میں خوش نرمی پیدا کرتا ہے اور سوداوی مادے کو پسینہ کے ذریعہ

خارج کرتا ہے۔ سُدے گھول کر نکالتا ہے۔ حدیث شریف میں ہے
کہ انجیر کھایا کرو کیونکہ یہ بواسیر کے لیے مفید ہے اور درد نقرس میں
فائدہ دیتا ہے۔ انجیر کھانے سے منہ کی بدبو جاتی رہتی ہے اور سر کے بال
دراز کرتا ہے۔ قولنج کے لیے مفید ہے۔

دیر تک جوان رہنے کا علاج

ابونعیم نے حضرت انس ابن مالک رضی اللہ تعالےٰ عنہ سے روایت نقل کی ہے
کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ اے لوگو! رات کو کھانا ضرور کھایا
کرو۔ کیونکہ رات کا کھانا ترک کرنے سے جلد بڑھاپا آتا ہے
اس لیے رات کو کھانا کھا کر سویا جائے۔

کھجور کے فائدے

ابو نعیم نے حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالےٰ عنہ سے روایت
کی ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا۔ کھجوروں میں سب
سے بہتر برنی کھجور ہے۔ کیونکہ یہ پیٹ سے بیماری کو نکالتی ہے اور
اس میں کوئی بیماری نہیں ہے۔

برنی کھجور بہت سے اقسام میں سے ایک ہے وہ چھوٹی ہوتی ہے
گٹھلی اس کی سبک ہوتی ہے۔ یہ ایک طرف سے موٹی اور دوسری طرف
سے کجدار ہوتی ہے۔

تقویت دماغ کیلئے علاج

ابونعیم نے واثلہ بن الاسقع سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! کہ اے لوگو! کدو زیادہ کھایا کرو کیونکہ یہ دماغ کی قوت بڑھاتا ہے۔ اور حضرت عائشہ رضی اللہ تعالےٰ عنہا نے فرمایا ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ کہ اے عائشہ! جب تم ہانڈی پکاؤ تو اس میں کدو ڈال لیا کرو کیونکہ یہ غمگین دل کے لیے تقویت کا باعث ہے۔

دل اور دماغ کے ضعف کا علاج

ابونعیم نے حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالےٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے نزدیک سب سے پیارا کھانا ثرید ہے۔

روٹی، شوربہ میں بھگو کر کھانے کو ثرید کہا جاتا ہے۔ یہ کھانا قلب و دماغ کو تقویت دیتا ہے اور زود ہضم ہے اور اگر ایک سیر کھجوریں بھگو کر اُوپر سے تھوڑا سا مکھن ملا دیا جائے تو اس کو ثرید کہتے ہیں۔ حضرت ابنِ عباس رضی اللہ تعالےٰ عنہ نے روایت کی ہے کہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو ثرید بہت مرغوب تھا۔

دماغ کی خشکی اور خارش کا علاج

حضرت عائشہ رضی اللہ تعالےٰ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم خربوزہ کو کھجور کے ساتھ تناول فرمایا کرتے تھے اور ارشاد فرماتے تھے کہ کھجور کی گرمی، خربوزہ کی ٹھنڈک کو زائل کر کے معتدل کر دیتی ہے۔

خربوزہ سرد اور تر ہے اس لیے صفراوی و سوداوی مزاج والوں کے لیے بہت مفید ہے۔ دماغ میں رطوبت پیدا کرتا ہے اور سدّے دل کو کھولتا ہے اور ادرار بول اس سے خوب ہوتا ہے اور مثانہ کی پتھری کو نکال ڈالتا ہے۔

قوتِ باہ کا علاج

ابونعیم نے کتاب الطب میں لکھا ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کھجور کو مسکہ کے ساتھ بہت عزیز رکھتے تھے۔

بزرگوں کا کہنا ہے کہ اس کھانے سے قوتِ باہ زیادہ ہوتی ہے اور بدن بڑھتا ہے اور آواز صاف ہوتی ہے۔ مسکہ اور شہد ملا کر کھایا جائے تو ذات الجنب کے لیے مفید ہے اور جسم کو فربہ کرتا ہے۔

ابونعیم نے عبداللہ بن جعفر سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ پشت کا گوشت تمام گوشتوں

Scanned with CamScanner

بیں بہتر ہوتا ہے۔ حکمت اس میں یہ ہے کہ اس گوشت میں قوت باہ زیادہ ہوتی ہے اور زود ہضم ہوتا ہے۔ سینہ میں طاقت پیدا کرتا ہے اور کمر کے درد کے لیے فائدہ مند ہے۔

نگاہ تیز ہونیکا علاج

جامع کبیر میں حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالےٰ عنہا سے روایت ہے کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے نزدیک تمام رنگوں میں سبز رنگ پیارا تھا۔ اور ایک اور احادیث میں ہے۔ کہ فرمایا آپ نے کہ جاری پانی اور سبز رنگ دیکھنے سے نظر تیز ہوتی ہے۔

گرمی میں اگر کوئی شخص سبز رنگ کا چشمہ استعمال کرے تو نظر تیز ہوتی ہے اور سردیوں میں نقصان پہنچاتی ہے۔

اخروٹ اور پنیر کے خواص

حضرت عباس رضی اللہ تعالےٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ پنیر بھی بیماری ہے اور اخروٹ بھی۔ لیکن جب یہ دونوں پیٹ میں اتر جاتے ہیں تو شفا ہو جاتی ہے۔

پنیر سرد اور تر ہے۔ اخروٹ دوسرے درجہ میں گرم و خشک ہے۔ دونوں کو ملا کر کھانے سے دونوں کا اعتدال ہو جاتا ہے اور دونوں چیزیں ایک دوسرے کی مصلح ہو جاتی ہیں۔

سونٹھ کے خواص اور امراض کا علاج

ابو سعید سے روایت ہے کہ بادشاہ روم نے آنحضرت صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت اقدس میں سونٹھ کا مربہ ایک برتن میں تحفہ بھیجا۔ آپ نے تھوڑا تھوڑا کھلایا اس میں سے۔

حدیث سے معلوم ہوا کہ بدن کی قوت وصحت کے لیے معجونات کا استعمال شریعت میں منع نہیں ہے۔ سونٹھ کا مربہ بھوک لگاتا ہے۔ کھانا ہضم کرتا ہے۔ قے کو روکتا ہے۔ کسل کو ختم کرتا ہے۔ ریاح کو تحلیل کرتا ہے۔ حافظہ زیادہ کرتا ہے اور غلیظ مادہ نکال دیتا ہے۔

استسقاء کا علاج اور اسکی قسمیں

بخاری شریف میں ہے کہ اس مرض میں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کچھ لوگوں کو اونٹ کا پیشاب اور اونٹنی کا دودھ ملا کر پلوایا تھا۔ جس سے وہ تندرست ہو گئے۔ یہ قصہ طوالت کی وجہ سے یہاں نقل نہیں کیا جس کا خیال ہو بخاری شریف میں دیکھ لے۔

شیخ الرئیس نے قانون میں لکھا ہے کہ شیر شتر کو بول شتر کے ساتھ ملا کر پلانا اس مرض میں بہت فائدہ مند ہے جاننا چاہیئے کہ مرض استسقاء کی تین قسمیں ہیں۔ ایک برقی دوسرا لحمی تیسرا طبلی، برقی اس کو کہتے ہیں پیٹ میں پانی پڑ جاتا ہے اور لحمی وہ ہے کہ بدن پر ورم آجائے اور طبلی وہ ہے کہ جس کا پیٹ طبل کی طرح بولتا ہے۔ اونٹ کے دودھ

Scanned with CamScanner

اور پیشاب سے لحمی کا علاج ہے۔

عام امراض کا کلونجی سے علاج

صحیح مسلم میں حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالےٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے ارشاد فرمایا۔ کہ کلونجی سوائے موت کے اور ہر مرض کی دوا ہے۔

جالینوس کا قول ہے کہ کلونجی نفخ اور ریاح کو تحلیل کرتی ہے۔ اور اس کے کھانے سے پیٹ کے کیڑے مرجاتے ہیں۔ جوش دے کر سر پر لگانے سے تو زکام کو فائدہ دیتی ہے اور اگر خشکی کی وجہ سے بدن پر سے پیپڑیاں سی اترتی ہوں تو اس کا کھانا بہت مفید ہے اگر بدن پر تل ہوجائیں تو اس کے لگانے سے جلد صاف ہوجاتی ہے۔ حیض اگر بند ہو تو اس کو جاری کرتا ہے۔ لیپ کرنے سے سر کا درد رفع ہوجاتا ہے۔ پھوڑے پھنسی کو پھوڑ کر فائدہ کرتی ہے۔ سرکہ میں ملا کر کھانے سے بلغمی ورم دُور ہوجاتا ہے اور روغن ایرسا میں ملا کر سونگھنے سے آنکھوں کا درد جاتا رہتا ہے۔ اس کا کھانا سانس پھولنے کے لیے بہت مفید ہے اور اس کی کلیاں کرنے سے دانتوں کا درد رفع ہوجاتا ہے۔ اس کے کھانے سے پیشاب جاری ہوجاتا ہے۔ گھر میں دھونی دینے سے مچھر کھٹمل غائب ہوجاتے ہیں۔

کلونجی کے مزید خواص

کلونجی سوداوی اور بلغمی بخار کو دُور کرتی ہے کدو دانے ہلاک کرتی ہے اور اگر اس کی پوٹلی بنا کر زکام والے کے گلے میں ڈال دیں تو زکام جاتا رہتا ہے اور چوتھیا بخار کے لیے شفا بخش ہے اگر کسی عورت کا دُودھ خشک ہو تو اس کے کھانے سے دوُدھ جاری ہوجاتا ہے۔ معدے کی رطوبت کو خشک کرتی ہے اور مادوں کو پکا دیتی ہے اور حمل ساقط کرتی ہے۔

ریحی قولنج کے لیے مفید ہے۔ استسقاء اور تلی کے لیے فائدہ بخش ہے۔ روغن زیتون کے ساتھ اس کو ہمیشہ استعمال کرنے سے رنگ سُرخ کرتی ہے اور سرکہ کے ساتھ کھانے سے پیٹ کے کیڑے مرجاتے ہیں۔ سکنجبین کے ساتھ کھانے سے چوتھیا اور بلغمی بخار جاتا رہتا ہے شہد کے ساتھ کھانے سے گردہ کی پتھری نکالتی ہے۔ اس کو جلا کر کھایا جائے تو بواسیر کے لیے مفید ہے اور اگر سخت قسم کا ورم ہوجائے تو شیرخوار بچے کے پیشاب میں ملا کر کلونجی کا لیپ کیا جائے تو ورم تحلیل ہوجاتا ہے سرکہ میں ملا کر برص پر لگائے تو برص اچھا ہوجاتا ہے اگر فوطہ سوج گیا ہو تو سرکہ میں ملا کر لیپ کرنے سے فائدہ ہوتا ہے۔ سر کے بال بھورے ہو کر جھڑنے لگیں تو مہندی کے پانی میں ملا کر لگانے سے بال مضبوط ہوجاتے ہیں۔ گلاب میں ملا کر لگایا جائے تو سوداوی زخم کے لیے مفید ہے اور اگر روغن زیتون میں ملا کر قضیب پر لگایا جائے تو قوت باہ کو زیادہ کرتا ہے۔ اگر کلونجی کے اکیس دانے لے کر اور کپڑے میں باندھ کر پانی میں جوش دے کر پہلے روز داہنے نتھنے میں دو قطرے ٹپکائے اور بائیں میں ایک قطرے اسی طرح تین روز تک جو شخص عمل کرے گا تو دماغ کے امراض سے محفوظ رہے گا۔ اسی لیے آنحضرت صلے اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے

ارشاد فرمایا ہے کہ سوائے موت کے کلونجی میں ہر مرض سے شفا ہے۔

چھوٹے امراض سے بڑے امراض کا کفارہ

جامع کبیر نے ایک حدیث نقل کی ہے کہ فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کہ چار چیزوں کے لیے چار چیزوں کو بُرا نہیں سمجھنا چاہیئے۔

۱۔ آنکھ کا دکھنا اندھے ہونے سے محفوظ رکھتا ہے۔

۲۔ زکام کا ہونا برص کے روگ سے نجات دیتا ہے۔

۳۔ کھانسی کے ہونے سے فالج سے حفاظت رہتی ہے۔

۴۔ پھوڑے پھنسی ہو جانے سے برص سے حفاظت ہو جاتی ہے۔

مطلب اس حدیث کا یہ ہے کہ اگر کبھی کبھی یہ چار بیماریاں ہو جایا کریں تو ان کو بُرا نہیں سمجھنا چاہیئے۔ کیونکہ ان کے ہونے سے مہلک اور بڑی بیماریوں سے نجات رہتی ہے۔

لہسن کے خواص

امام جلال الدین سیوطیؒ نے جمع الجوامع میں دیلمی سے ایک روایت نقل کی ہے۔ دیلمی نے حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے حدیث نقل کی ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ اے لوگو! لہسن کھایا کرو اور اس سے علاج کیا کرو کیونکہ اس میں بیماریوں سے شفا ہے۔

اطباء کے نزدیک بھی لہسن کے بہت فوائد ہیں۔ یہ ورم کو تحلیل کرتا

ہے۔ حیض کھول دیتا ہے پیشاب جاری کرتا ہے۔ سُدّدں کو کھول دیتا ہے معدہ کا تعفن دُور کرتا ہے۔ معدے کو جلا کرتا ہے۔ معدے کی رطوبت خشک کرتا ہے۔ خون کو رقیق کرتا ہے۔ معدے سے ریاح کو نکالتا ہے آواز صاف کرتا ہے۔ درد قولنج ریاحی کے لیے مفید ہے۔ نسیان کو ختم کرتا ہے۔ طحال کے لیے مفید ہے۔ کمر کے ریاحی درد کو ختم کرتا ہے۔ مرطوب مزاج والوں کو قوتِ باہ پیدا کرتا ہے۔ منی کو زیادہ کرتا ہے۔ گرم مزاج والے کی منی کو خشک کرتا ہے۔ درد معدہ اور درد مفاصل کو بہت فائدہ دیتا ہے۔ پیٹ کے کیڑے مار ڈالتا ہے۔ بلغم کی وجہ سے پیاس ہو تو اس کو بجھا دیتا ہے چہرے پر رعنائی پیدا کرتا ہے۔ فالج اور رعشہ کو فائدہ گردے کی پتھری کو دفع کرتا ہے۔ زیادہ کثرت سے خون کو جلاتا ہے۔ بواسیر کے لیے مُضر ہے۔ حاملہ عورت کے لیے نقصان دہ ہے۔ صفرا پیدا کرتا ہے۔ نگاہ کو کمزور کرتا ہے۔ نوشادر کے ساتھ ملا کر برص پر لگانے سے برص جاتا رہتا ہے۔ خصیہ پر ورم ہو تو اس کا لیپ مفید ہے۔ فرشتوں کو اس کی بو سے نفرت ہے اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ارشاد ہے کہ اس کو کچا کھا کر مسجد میں نہ جایا کرو۔

Scanned with CamScanner

خارش کا علاج

حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالےٰ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت عبدالرحمٰن اور حضرت زبیر ابن العوام رضی اللہ تعالےٰ عنہ کے جسم میں خارش پیدا ہوگئی جس کی وجہ سے یہ دونوں حضرات سخت پریشان تھے اس حالت میں آنحضرت صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان حضرات کو ریشمی کپڑا پہننے کی اجازت عطا فرمائی اور مسلم کی بعض روایات میں ہے کہ کسی جنگ کے موقع پر آنحضرت صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں جوئیں پڑ جانے کی شکایت کی۔ آپ نے ان کو مجبوری کی حالت میں ریشمی کرتہ پہننے کی اجازت دے دی۔

اس حدیث سے دو باتیں ثابت ہوئیں۔ ایک تو یہ کہ ریشمی کپڑا مردوں کے لیے حرام ہے۔ کیونکہ اگر حرام نہ ہوتا تو خصوصی اجازت کی کیا ضرورت تھی۔ دوسری بات یہ معلوم ہوئی۔ کہ مجبوری کی حالت میں حرام چیز بھی حلال ہو جاتی ہے۔ اس کے علاوہ ایک بات یہ بھی معلوم ہوئی کہ ریشم خارش کے لیے مفید ہے کیونکہ ریشم سے قلب کو قوت اور فرحت حاصل ہوتی ہے اور امراض سوداوی کو دفع کرتا ہے اور صاحب موجز نے لکھا ہے کہ ابریشم کی تاثیر گرم ہے اور یہ مفرح ہوتا ہے اور ریشمی کپڑا جوؤں کو دفع کرتا ہے۔

مولی کی بُو کا علاج

آنحضرت صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔ کہ جو شخص مولی کھائے اور یہ چاہے کہ منہ سے بُو نہ آئے تو اس کو چاہیئے کہ وہ مجھ کو یاد کرے بعض روایات میں ہے کہ مجھ پر درود بھیجے۔

بعض علماء نے لکھا ہے کہ یہ حدیث منقطع ہے اور یہ ابن مسعود کا قول ہے اور اس میں بعض راوی مجہول ہیں۔ بعض علماء نے کہا ہے کہ اس کا تجربہ ہم نے کیا ہے کہ اس عمل سے مولی کی بُو جاتی رہتی ہے۔ واللہ اعلم۔

بہر حال مولی کے فوائد یہ ہیں۔ آواز صاف کرتی ہے۔ بھوک لگاتی ہے کھانے کے بعد چاٹنے سے ریاح کو فائدہ دیتی ہے۔ چہرے کے رنگ کو صاف کرتی ہے اور اس کے ہمیشہ کھانے رہنے سے گرے ہوئے بال نکل آتے ہیں۔ مولی کا عرق سدّوں کو کھولتا ہے۔

ہڑڑ اور اس کے فوائد

جامع کبیر میں لکھا ہے کہ ہڑڑ میں ہر بیماری سے شفا ہے اور ہڑڑ کے فوائد یہ ہیں کہ معدے کی جلا کرتی ہے اور ریاح کو تحلیل کرتی ہے پیشاب کے بند کو کھولتی ہے۔ دُودھ کو بڑھاتی ہے۔ حیض کو کھول دیتی ہے گردہ کی پتھری کو نکالتی ہے۔ سدوں کو کھول دیتی ہے۔ بلغم کا اخراج کرتی ہے اور بواسیر کے لیے فائدہ مند ہے۔ باہ کی قوت بڑھاتی ہے۔

بہی کے خواص اور فائدے

بہی کے بہت سے فائدے ہیں ۔ مثلاً دل کی ظلمت کو دُور کرتی ہے پیشاب کی زیادتی ہو تو اس کے لیے مفید ہے ۔ معدے اور دل و دماغ کے لیے قوت بخش ہے ۔ روحِ حیوانی کے لیے مفرّح اور اس کا کھانا کاہلی اور وساوس کو دفع کرتا ہے ۔ دستوں کو بند کرتا ہے ۔ اس کا سونگھنا روح کو طاقت بخشتا ہے ۔ حمل کو گرنے سے روکتا ہے ۔ ضعفِ جگر کے لیے بہت مفید ہے اور نزلہ کو بند کرتا ہے اور قلب کی جِلا کرتا ہے ۔

لوبیہ کے خواص اور فائدے

قوتِ باہ کو حرکت میں لاتا ہے اور منی پیدا کرتا ہے ۔ عورت کے دُودھ میں اضافہ کرتا ہے ۔ بند پیشاب اور حیض جاری کرتا ہے ۔ جسم کی نشوونما کرتا ہے ۔ دردِ گردہ اور دردِ کمر میں مفید ہے ۔ لیکن دیر سے ہضم کرتا ہے اور نفخ پیدا کرتا ہے اور اس کے کھانے سے غلیظ مادے پیدا ہو جاتے ہیں ۔ اس کا مصلح خردل اور زنجبیل ہے ۔ حمل کے زمانے میں اکثر لوبیا کھانے سے اولاد عقل مند پیدا ہوتی ہے ۔

خربوزہ کے خواص اور فائدے

پیشاب آور ہے گردے کی درد کے لیے اچھا ہے حمل کے زمانے

میں اگر عورت اس کا بکثرت استعمال کرے تو لڑکا خوبصورت اور تندرست پیدا ہوگا ۔

نسیان اور بھول پیدا کرنے والی چیزیں

مندرجہ ذیل نو چیزوں سے نسیان کا مرض پیدا ہوتا ہے ۔

۱۔ پنیر کھانے سے ۔
۲۔ چوہے کا جھوٹا کھانے پینے سے ۔
۳۔ کھٹا سیب کھانے سے ۔
۴۔ ہرا دھنیا بکثرت کھانے سے ۔
۵۔ گردن پر اکثر و بیشتر پچھنے لگوانے سے ۔
۶۔ دو عورتوں کے درمیان چلنے سے ۔
۷۔ اپنے مطلوب کی طرف دیکھنے سے ۔
۸۔ کھٹمل اور جُوں کو زندہ چھوڑ دینے سے ۔
۹۔ قرآن شریف کی تلاوت ہمیشہ قبرستان میں کرنے سے ۔

فوائد: پیٹ کے کیڑوں کو مارنے کے لیے نہار منہ کھجور کھانا مفید ہے ۔ جس شخص کا قرآن پاک حفظ کرنے کا ارادہ ہو تو اس کو چاہیئے کہ شہد کو بکثرت استعمال کرے ۔

(جامع کبیر)

Scanned with CamScanner

عملیاتِ مجرّبہ

خواص واسناد چہل کاف معمول مشائخ

طریقۂ ادائے زکوٰۃ

نوچندی جمعرات کے روز روزہ رکھے اور غسل کرکے نئے پاک صاف دھلے ہوئے کپڑے پہنے اور خوشبو لگائے۔ رات کے وقت جمعہ کی شب میں نمازِ عشاء کے بعد تازہ وضو کرکے دوگانہ تحیۃ الوضو ادا کرے سلام اور دعا کے بعد وظیفہ چہل کاف شروع کرے۔ ایک ہزار ایک سو چار (۱۱۰۴) مع اوّل و آخر درود شریف دس دس بار ایک ہی مجلس میں پڑھے یا زیادہ دنوں میں مساوی تقسیم کرکے پڑھے مگر وقت اور جگہ کا تعین لازمی ہے زکوٰۃ ادا ہوجائے گی۔ پھر روزانہ سات مرتبہ بلاناغہ پڑھتا رہے۔ بعد زکوٰۃ ہر کام کے لیے سات مرتبہ پڑھنا کافی ہے۔

خواص چہل کاف اکتالیس اہم ہیں

نمبر ۱۔ اگر کوئی شخص ناحق کسی کو ستاتا ہے تو مظلوم اس کو سات

مرتبہ کڑوے تیل پر پڑھ کر دم کرے اور وہ تیل ڈاڑھی پر مَلا کرے (عورت سر کے بالوں پہ)

خاصیت ۲ دردِ سر کے واسطے ماہِ صفر میں آخری چہار شنبہ کو اس کا تعویذ لکھ کر رکھ چھوڑے اور سر پہ باندھے۔ انشاءاللہ تعالیٰ فائدہ ہوگا۔

خاصیت ۳ زیادتی بصارت کے لیے جمعہ کی رات میں گلاب کے پھول پر سات مرتبہ دم کرکے آنکھوں پہ ملے۔ بینائی زیادہ ہوگی۔

خاصیت ۴ اگر کسی کی ڈاڑھ نکلتی ہے یا گردن میں درد ہو، ڈاڑھ کے نیچے اور گردن میں باندھے۔

خاصیت ۵ دردِ ہفت اندام کے لیے ہرن کی کھال یا جھلی پہ لکھ کر بازو پر باندھے۔

خاصیت ۶ دردِ شکم کے لیے نمک پر سات مرتبہ پڑھ کر دم کرے اور صاحبِ درد کو کھلاوے۔

خاصیت ۷ بواسیر کے لیے بلی کی کھال پہ لکھ کر گلے میں ڈالے۔

خاصیت ۸ دردِ سینہ کے لیے نہار منہ کسی ظرف میں لکھ کر اور دھو کر پیے ایک ہفتہ تک کرے۔

خاصیت ۹ اگر کسی شخص کو پھانسی یا قتل کے لیے لے جارہے ہیں اس کے سر میں یا ٹوپی میں لکھ کر باندھ دیں قتل سے محفوظ رہے گا۔ اگرچہ شیر کے سامنے ڈال دیا جائے۔

خاصیت ۱۰ دشمن کے ضرر کے دفعیہ کے لیے دوشنبہ کی رات کو پرانے قبرستان میں بیٹھ کر چالیس مرتبہ پڑھے دشمن ایذا پہنچانے سے عاجز ہوجائے گا۔

Scanned with CamScanner

خاصیت ۱۱ اگر کسی کو کنوئیں ۵ میں بند کیا جائے۔ روٹی پر لکھ کر ایک ہفتہ تک فقیر کو کھلا دی جائے۔ انشاء اللہ ہفتہ نہ گزرے گا کہ رہا ہو جائے گا۔

خاصیت ۱۲ عقیمہ (بانجھ) کے لیے غسل حیض کے بعد لکھ کر پلایا جائے فرزند نرینہ پیدا ہو۔

خاصیت ۱۳

برائے تسخیر محبوب محبوب کے نام کے ساتھ نئے کپڑے پر لکھ کر بازو پر باندھے۔ محبوب پر محبت غالب ہوگی۔

خاصیت ۱۴

اگر کسی کو اپنے اوپر عاشق کرنا ہو۔ خون کبوتر سے لکھے کاغذ پر اور بازو پر باندھے۔

خاصیت ۱۵

اگر کسی کو گھر میں کسی سے کسی کو عداوت پیدا کرنی ہو (اگر شرعاً جائز ہو تو کرے ورنہ نہ کرے کہ گناہِ عظیم ہے ۱۲ مترجم)

---

۵ زمانہ سابق میں سب سے زیادہ مصیبت اور مشقت کا جیل خانہ کنوئیں میں تھا جو نہایت تنگ و تاریک ہوتا تھا۔ مجرم کو بند کر دیا جاتا تھا۔ ہمارے زمانہ میں سب سے زیادہ مشقت کی قید قید تنہائی ہے جس کو عوام کی اصطلاح میں کال کوٹھڑی کہتے ہیں بہر حال یہ عمل ہر قسم کی قید سے رہائی کے لیے ہے۔ (واللہ اعلم۔ ۱۲ مترجم)

ہاں اگر کسی عورت کا خاوند کسی اور کی طرف مائل ہو تو اس میں نفرت پیدا کرنی ہو تو پھر جائز ہے۔

خاصیت ۱۶

اگر کوئی شخص غیر مانوس شہر یا جنگل بیابان میں ہو۔ باوجود اجنبیت کے ساتھ سات مرتبہ پڑھنے سے لوگ اس سے مانوس ہو جائیں گے۔

خاصیت ۱۷

درازی عمر کے لیے سات سات دن کے بعد سات مرتبہ کنگھے پر پڑھ کر داڑھی میں کرے۔

خاصیت ۱۸

اگر کوئی شخص غالب اور لاپتہ ہو جمعہ کی رات میں خالی مکان میں بیٹھ کر چالیس مرتبہ پڑھے۔

برائے امن خود و اولاد خود از شر ظالمان و نیز برائے حفظ خود و خاندان خود از بت پرستی

اس آیت کی کثرت ظالموں اور کفار کے تسلط و شر سے محفوظ رکھے گی۔

رَبِّ اجْعَلْ هٰذَا الْبَلَدَ اٰمِنًا وَّاجْنُبْنِيْ وَبَنِيَّ

اَنْ نَّعْبُدَ الْاَصْنَامَ ؕ

ظالم کے ہاتھ سے رہائی کیلئے

اس آیت کو خود بھی پڑھے اور اپنے گھر والوں کو بھی اس کے پڑھنے کی ہدایت کرے۔

رَبَّنَا لَا تَجْعَلْنَا فِتْنَةً لِّلْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ؕ

کفّار کی مغلوبیّت اور مسلمانوں کے غلبہ کیلئے

اس آیت کا کثرت سے ذکر کرے انشاء اللہ فتح ہوگی۔

رَبَّنَا اِنَّكَ اَنْتَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ؕ

ظالموں سے نجات کے لیے

رَبَّنَآ اَخْرِجْنَا مِنْ هٰذِهِ الْقَرْيَةِ الظَّالِمِ اَهْلُهَا
وَاجْعَلْ لَّنَا مِنْ لَّدُنْكَ وَلِيًّا وَّاجْعَلْ لَّنَا مِنْ
لَّدُنْكَ نَصِيْرًا ؕ

اس آیت کا کثرت سے ذکر کیا جائے انشاء اللہ تعالیٰ دشمن دُور ہو جائے گا۔ اور تم اس پر غالب آ جاؤ گے۔

آنکھ کا درد دُور کرنے کے لیئے

ایک تعویذ پانی میں دھو کر پئے اور ایک مقامِ درد پر باندھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ درد سے آفاقہ ہوگا۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ؕ

يُوْسُفُ اَيُّهَا الصِّدِّيْقُ اِذْهَبُوْا بِقَمِيْصِيْ هٰذَا
فَاَلْقُوْهُ عَلٰى وَجْهِ اَبِيْ يَاْتِ بَصِيْرًا ؕ وَاْتُوْنِيْ
بِاَهْلِكُمْ اَجْمَعِيْنَ ؕ فَكَشَفْنَا عَنْكَ غِطَآءَكَ
فَبَصَرُكَ الْيَوْمَ حَدِيْدٌ ؕ

کان کے درد کے لیے

ایک تعویذ دھو کر پلائے ایک مقام درد پر باندھے انشاء اللہ تعالیٰ فوراً آرام آوے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

كَاَنْ لَّمْ يَسْمَعْهَا كَاَنَّ فِيْٓ اُذُنَيْهِ وَقْرًا ؕ
فَبَشِّرْهُ بِعَذَابٍ اَلِيْمٍ ؕ فَضَرَبْنَا عَلٰٓى اٰذَانِهِمْ

Scanned with CamScanner

فِی الْکَهْفِ سِنِیْنَ عَدَدًا ط قُلْ اُذُنُ خَیْرٍ لَّکُمْ

دانت کا درد دور کرنے کے لیے

یہ آیت لکھ کر پانی میں دھو کر پلادے پانی تھوڑی دیر کے لیے منہ میں ہی رکھے۔ پھر پی لے یعنی اُگل دے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝

اِنَّا جَعَلْنَا فِیْۤ اَعْنَاقِهِمْ اَغْلٰلًا فَهِیَ اِلَى الْاَذْقَانِ
فَهُمْ مُّقْمَحُوْنَ ط

سینہ کا درد دور کرنے کیلئے

ایک دھو کر پلائے اور دوسرا مقام درد پر باندھے۔

بِسْمِ اللّٰہِ رَبِّ اشْرَحْ لِیْ صَدْرِیْ ط

خونی بواسیر اور درد کے لیے

ایک دھو کر پیئے اور ایک ڈھڈی پر باندھے۔

اَوَلَمْ یَرَ الَّذِیْنَ کَفَرُوْۤا اَنَّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ
كَانَتَا رَتْقًا فَفَتَقْنٰهُمَا وَجَعَلْنَا مِنَ الْمَآءِ كُلَّ شَیْءٍ

حَیٍّ ط اَفَلَا یُؤْمِنُوْنَ ۝

خونی وبادی بواسیر دور کرنے کیلئے

سات کاغذ کے پرزوں پر لکھے اور موم میں لپیٹ کر ایک گولی علی الصبح نہار منہ کھائے۔ انشاءاللہ مرض دفع ہوگی۔ وہ یہ ہے۔

۱۱ ۸ ح ع ط ط ع ۱۱۱ ۸ ط م ح ھ

بچے کے رونے کے لیے

اگر بچہ روتا ہو تو یہ آیت لکھ کر گلے میں باندھے۔

شَهِدَ اللّٰهُ اَنَّهٗ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ وَالْمَلٰٓىِٕكَةُ وَاُولُوا
الْعِلْمِ قَآىِٕمًۢا بِالْقِسْطِ ط لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْعَزِیْزُ
الْحَكِیْمُ ط اِنَّ الدِّیْنَ عِنْدَ اللّٰهِ الْاِسْلَامُ ط انشاءاللہ

بچہ کو فوراً سکون ہوگا۔

فائدہ:- فقیر کو اس آیت کا عمل مع نقش یاحفیظ حضرت سید امیر علی صاحب لکھنوی مہاجر مکی کی بیاض سے حاصل ہوا۔ یہ نظر رفاہ خلائق نقل کرتا ہوں بارہا آزمایا مجرب ہے۔ اگلے صفحہ پر

دیگر:-

شیر خوار بچے کے دانت آسانی سے نکلنے کے لیے بھی یہ نقش لکھ کر گلے

Scanned with CamScanner

میں باندھیں۔

یہی نقش نظر بد اور آسیب کے لیے بھی ہے اس نقش کے اوپر آیت مذکورہ بالا عنداللہ الاسلام تک لکھے اور نیچے لکھے۔

٧٩	٨٩٨	١٢	٩
١٣	ح	ف	٨٩٧
٧	ی	ظ	٨١
٩٩	٨٢	٦	١١

"بحق یا حفیظ دارندہ ایں نقش را از جمیع بلیات ارضی وسماوی محفوظ دار"

بچّے کے رونے کے لیے

اُسْکُنْ بِعِزَّۃِ اللّٰہِ اُسْکُنْ بِقُدْرَۃِ اللّٰہِ اُسْکُنْ بِجَلَالِ اللّٰہِ ط

لکھ کر گلے میں باندھے بچے کا رونا بند ہو جائے گا۔

اگر بچہ ماں کی چھاتی نہ لیتا ہو تو یہ تعویذ لکھ کر پانی میں دھو کر بچہ کو پلائیں۔ صحت ہوگی اور بچہ دودھ پینے لگ جائے گا۔ انشاءاللہ تعالےٰ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ہ

اِنَّ اللّٰہَ فَالِقُ الْحَبِّ وَالنَّوٰی ط

عورت کے اور دوسرے حیوانات کے دُودھ کی زیادتی کے لیئے

(اگلے صفحہ پر)

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ہ

اَللّٰہُ یَعْلَمُ مَا تَحْمِلُ کُلُّ اُنْثٰی وَمَا تَغِیْضُ الْاَرْحَامُ وَمَا تَزْدَادُ ط وَکُلُّ شَیْءٍ عِنْدَہٗ بِمِقْدَارٍ عَالِمُ الْغَیْبِ وَالشَّہَادَۃِ الْکَبِیْرُ الْمُتَعَالِ ہ

لکھ کر گلے میں باندھے۔ انشاءاللہ دودھ کافی ہوگا۔

بچّے کے خواب میں ڈرنے کے لیے

وَجَعَلْنَا نَوْمَکُمْ سُبَاتًا ہ وَجَعَلْنَا الَّیْلَ لِبَاسًا ہ وَجَعَلْنَا النَّہَارَ مَعَاشًا ہ

پڑھ کر دم کرے اور لکھ کر گلے میں ڈالے۔

اگر بچہ ماں کے پیٹ سے گونگا پیدا ہوا ہو۔ ان ناموں کو مشک و زعفران اور گلاب سے لکھ کر اس بچہ کو کھلائے۔ اللہ کے حکم سے بالکل ٹھیک ہو جائے گا۔



تعویذ آزمودہ ہے۔ بڑا مجرب ہے

Scanned with CamScanner

گمشدہ اور بھاگے ہوئے کی بازیابی کیلئے

نیز فرزند نرینہ پیدا ہونے کے واسطے کثرت سے ورد کرے آیت یہ ہے

رَبِّ هَبْ لِيْ مِنْ لَّدُنْكَ ذُرِّيَّةً طَيِّبَةً ۚ اِنَّكَ سَمِيْعُ الدُّعَاءِ ط

دیگر ۱- پورے سورۃ والضحیٰ کا اکتالیس بار پڑھنا مجرب ہے اور واسطے واپس لانے بھاگے ہوئے کے سورۃ والضحیٰ لکھے اس طریقہ سے کہ وَوَجَدَكَ ضَالًّا فَهَدٰى ط کے بعد نام اس بھاگے ہوئے کا لکھے اور اس نوشتہ کو قرآن شریف میں رکھے مجرب ہے

ایضاً۔ اس کو لکھ کر کوری ہانڈی میں رکھے اسی وقت بھاگا ہوا واپس آئے وہ یہ ہے۔

ک اع داع اع

ایضاً:- مقبولیت اعمال اللہ کے نزدیک ہو اس آیت کی کثرت سے رَبَّنَا تَقَبَّلْ مِنَّا ۖ اِنَّكَ اَنْتَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ط

ایضاً۔ منقول از حضرت علی کرم اللہ وجہہ جو شخص قبرستان میں جاکر پوری قل ھو اللہ احد۔ گیارہ بار پڑھ کر اس کا ثواب وہاں کے مردوں کو بخشے اسکو مردوں کی تعداد کے مطابق ثواب دیا جائے گا۔ اس روایت کو طبرانی نے فتح القدیر میں

نقل کیا ہے۔

ایضاً۔ منقول از امام جعفر الصادق رضی اللہ تعالےٰ عنہ۔ جس کسی کو سخت مشکل پیش آئی ہو یا مخالف سے خوفزدہ ہو۔ اس دعا کو باخلاص تمام کاغذ کے تین پرزوں یا تین پتوں پر لکھے اور آب جاری یا کوئیں میں ڈالے اگر اسی وقت اس کی کاربراری نہ ہو، تو قیامت کے دن میرا دامن پکڑے اور مجھ سے داد چاہے وہ یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۔ بسم الله الملك الحق المبين من العبد الذليل الى المولى الجليل رب انى مسنى الضرّ وانت ارحم الراحمين بحرمة محمد صلى الله عليه وسلم ان تكشف عنى همى وحزنى وَادفع غمى برحمتك يا ارحم الراحمين وصلى الله على سيدنا محمد واله اجمعين الطيّبين الطاهرين۔

تالیف قلوب مردم و درازی عمر و حفاظت از جمیع بلاء

یہ دعا پڑھا کرے۔

اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنِىْ محبوبا فى قلوب المومنين وبلغنى الى مائة وعشرين برحمتك يا ارحم الراحمين ط

میاں بیوی کی محبّت کیلئے

جس عورت کا خاوند ناراض ہو۔ اس آیت کو شیرینی پر ۲۱ مرتبہ پڑھ کر دم کر کے شوہر کو کھلائے۔ مطیع ہو جائے گا۔ آیت یہ ہے

وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّتَّخِذُ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اَنْدَادًا
يُّحِبُّوْنَهُمْ كَحُبِّ اللّٰهِ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَشَدُّ حُبًّا
لِّلّٰهِ وَلَوْ يَرَى الَّذِيْنَ ظَلَمُوْٓا اِذْ يَرَوْنَ الْعَذَابَ
اَنَّ الْقُوَّةَ لِلّٰهِ جَمِيْعًا وَّاَنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ الْعَذَابِ

حاکم کو مہربان کرنا

جس شخص سے حاکم سخت ناراض ہو۔ یہ آیت تین مرتبہ پڑھ کر حاکم کے سامنے جائے۔ انشاء اللہ مہربان ہو جائے گا۔

كَمْ اٰتَيْنٰهُمْ مِّنْ اٰيَةٍۭ بَيِّنَةٍ وَمَنْ يُّبَدِّلْ
نِعْمَةَ اللّٰهِ مِنْۢ بَعْدِ مَا جَآءَتْهُ فَاِنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ
الْعِقَابِ ۝

چوری، چور اور ہر موذی سے حفاظت کیلئے

اٰمَنَ الرَّسُوْلُ بِمَآ اُنْزِلَ اِلَيْهِ سے عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ

تک رات کو پڑھ کر سو رہیں۔ انشاء اللہ ان چیزوں سے محفوظ رہے گا۔
(سورہ آل عمران کی آخری آیات)

جس کے ہاں اولاد نہ ہوتی ہو

اور مایوس ہو گیا ہو۔ اس آیت کو پڑھا کرے۔ اللہ تعالیٰ اس کی برکت سے فرزند صالح عطا فرمائے گا۔

"رَبِّ هَبْ لِيْ مِنْ لَّدُنْكَ ذُرِّيَّةً طَيِّبَةً اِنَّكَ
سَمِيْعُ الدُّعَآءِ۔"

عمل کشائش رزق

شروع مہینے کے پہلے جمعہ سے ۴ جمعہ تک بعد مغرب آیت قطب بعد مغرب ۱۱ مرتبہ پڑھا کرے۔ اور اس آیت کو ہر جمعہ کو لکھ کر کنوئیں میں ڈال دیا کریں۔

وَلَقَدْ مَكَّنّٰكُمْ فِي الْاَرْضِ وَجَعَلْنَا لَكُمْ فِيْهَا
مَعَايِشَ قَلِيْلًا مَّا تَشْكُرُوْنَ ۝

قرض کی ادائیگی کیلئے

جو شخص ۷ بار صبح و شام پڑھا کرے گا اللہ تعالیٰ غیب سے ادائیگی قرض کا سامان کر دے گا۔ آیت یہ ہے۔ ؟

Scanned with CamScanner

قُلِ اللّٰهُمَّ مٰلِكَ الْمُلْكِ تُؤْتِي الْمُلْكَ مَنْ تَشَآءُ وَ
تَنْزِعُ الْمُلْكَ مِمَّنْ تَشَآءُ وَ تُعِزُّ مَنْ تَشَآءُ وَتُذِلُّ
مَنْ تَشَآءُ بِيَدِكَ الْخَيْرُ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ہ

مصیبت سے چھٹکارا

اگر کوئی شخص مصیبت میں مبتلا ہو تو اُس کو اس آیت شریفہ کا ورد رکھنا چاہیئے۔

حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ ۔ نِعْمَ الْمَوْلٰى وَ
نِعْمَ النَّصِيْرُ ہ

ظالم اور بدکار لوگوں کی حراست سے رہائی کیلئے

اس آیت کو کثرت سے پڑھنا چاہیئے۔

رَبَّنَآ اَخْرِجْنَا مِنْ هٰذِهِ الْقَرْيَةِ الظَّالِمِ
اَهْلُهَا وَاجْعَلْ لَّنَا مِنْ لَّدُنْكَ وَلِيًّا وَّاجْعَلْ
مِنْ لَّدُنْكَ نَصِيْرًا ہ

بدکار لوگوں میں جدائی پیدا کرنے کیلئے

اگر دو آدمیوں میں تفرقہ ڈالنا منظور ہو تو اس آیت کو بھوج پتر پہ

لکھ کر اس کے نیچے یہ نقش لکھ دیں۔ مگر ناجائز نہ کریں ورنہ نقصان اٹھائے گا۔ پھر اس تعویذ کو پرانی دو قبروں کے درمیان دفن کر دیں۔



فلاں بن فلاں و فلاں بن فلاں کے تفریق واقع ہو جائے۔

گرمی سے بخار کیلئے

اگر کسی شخص کو گرمی سے بخار آ رہا ہو تو اس آیت کو پڑھ کر دم کریں یا طشتری پر لکھ کر پانی سے دھو کر پلا دیں

اِنَّ الَّذِيْنَ اتَّقَوْا اِذَا مَسَّهُمْ طٰٓئِفٌ مِّنَ الشَّيْطٰنِ
تَذَكَّرُوْا فَاِذَا هُمْ مُّبْصِرُوْنَ ہ

دل گھبرانے کیلئے

یہ آیت دل کے گھبرانے کیلئے مجرّب ہے لکھ کر گلے میں اس طرح لٹکائیں کہ تعویذ قلب پر پڑا رہے۔

"لِيَرْبِطَ عَلٰى قُلُوْبِكُمْ وَيُثَبِّتَ بِهِ الْاَقْدَامَ"

بدخوابی کیلئے

جس شخص کو بدخوابی ہو یا پریشان خواب نظر آتے ہوں۔ اس آیت کو لکھ کر گلے میں ڈالیں یا سوتے وقت پڑھ لیا کریں۔

لَهُمُ الْبُشْرٰى فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَفِي الْاٰخِرَةِ
لَا تَبْدِيْلَ لِكَلِمَاتِ اللّٰهِ ذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ۝

دفعیہ سحر

جس شخص پر کسی نے سحر کیا ہو ان آیتوں کو لکھ کر گلے میں ڈال دیں یا طشتری پر لکھ کر پلائیں۔

"فَلَمَّا اَلْقَوْا قَالَ مُوْسٰى مَا جِئْتُمْ بِهِ السِّحْرُ
اِنَّ اللّٰهَ سَيُبْطِلُهٗ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُصْلِحُ عَمَلَ
الْمُفْسِدِيْنَ ۝ وَيُحِقُّ اللّٰهُ الْحَقَّ بِكَلِمٰتِهٖ
وَلَوْ كَرِهَ الْمُجْرِمُوْنَ ۝"

سردی سے بخار

اگر کسی شخص کو سردی سے بخار آرہا ہو۔ اس آیت کو بیری کی لکڑی پر لکھ کر گلے میں ڈالیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ مَجْرٖىهَا وَمُرْسٰىهَا اِنَّ رَبِّيْ
لَغَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝

دشمن یا مصیبت کا خوف

اگر دشمن یا کسی طرح کی بلا یا آفت کا خوف ہو تو اس آیت کو کثرت سے پڑھنا چاہیئے۔

فَاللّٰهُ خَيْرٌ حَافِظًا وَّهُوَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ ۝

اسقاطِ حمل کا اندیشہ

اگر حمل گر جانے کا خوف ہو تو

فَاللّٰهُ خَيْرٌ حَافِظًا وَّهُوَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ ۝

اَللّٰهُ يَعْلَمُ مَا تَحْمِلُ كُلُّ وَمَا تَغِيْضُ الْاَرْحَامُ
اُنْثٰى وَمَا تَزْدَادُ وَكُلُّ شَيْءٍ عِنْدَهٗ بِمِقْدَارٍ

لکھ کر موم جامہ کر کے پیٹ پر باندھیں۔ تعویذ رحم پر پڑا رہے

ہر مرض اور درد کا علاج

ہر مرض اور ہر درد کے واسطے مقامِ مرض یا درد پر ان آیتوں کو تین مرتبہ پڑھ کر دم کریں۔

Scanned with CamScanner

وَبِالْحَقِّ اَنْزَلْنٰهُ وَبِالْحَقِّ نَزَلَ وَمَا اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا مُبَشِّرًا وَّنَذِيْرًا ہ

ہمزاد کو میّت کے ساتھ دفن کرنیکی دعا

مشائخ سے منقول ہے کہ اگر میّت کو دفن کر کے اس آیت کو پڑھ کر مٹی دیں تو اس کا ہمزاد بھی ساتھ ہی دفن ہو جائے گا۔

"مِنْهَا خَلَقْنٰكُمْ وَفِيْهَا نُعِيْدُكُمْ وَمِنْهَا نُخْرِجُكُمْ تَارَةً اُخْرٰى"

اولاد سے مایوسی

جس شخص کو اولاد سے مایوسی ہو ہر نماز کے بعد تین مرتبہ پڑھا کرے انشاءاللہ صاحب اولاد ہو جائے گا۔

رَبِّ لَا تَذَرْنِيْ فَرْدًا وَّاَنْتَ خَيْرُ الْوٰرِثِيْنَ ہ

دفعیہ آسیب

اگر کسی شخص پر آسیب ہو۔ ان آیتوں کو تین بار پانی پر پڑھ کر مریض کے منہ پر چھینٹا دیں یا کان میں پڑھ کر دم کریں۔ آسیب دُور ہو جائے گا۔

اَفَحَسِبْتُمْ اَنَّمَا خَلَقْنٰكُمْ عَبَثًا وَّاَنَّكُمْ اِلَيْنَا تُرْجَعُوْنَ فَتَعٰلَى اللّٰهُ الْمَلِكُ الْحَقُّ لَا اِلٰهَ اِلَّا

هُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْكَرِيْمِ وَمَنْ يَّدْعُ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ لَا بُرْهَانَ لَهٗ بِهٖ فَاِنَّمَا حِسَابُهٗ عِنْدَ رَبِّهٖ"

بچھّو تتیا کی جھاڑ

اگر کسی شخص کو زہریلے جانور بچھو تتیا وغیرہ نے کاٹا ہو تو جس جگہ کاٹا ہو اس کے گرد انگلی گھماتے ہوئے ایک سانس میں یہ آیت ، دفعہ پڑھ کر دم کریں۔

" وَاِذَا بَطَشْتُمْ بَطَشْتُمْ جَبَّارِيْنَ ہ "

واپسی گریختہ

اگر کوئی شخص بھاگ گیا ہو۔ اس آیت کو لکھ کر چرخہ میں باندھ کر ساٹھ مرتبہ چالیس دن تک روزانہ الٹا گھمائیں۔ انشاءاللہ بھاگا ہوا شخص جلد واپسی اختیار کرے گا۔

فَرَدَدْنٰهُ اِلٰٓى اُمِّهٖ كَيْ تَقَرَّ عَيْنُهَا وَلَا تَحْزَنَ وَلِتَعْلَمَ اَنَّ وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ وَّلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ہ

جس شخص کی ناف ٹل جائے

اس آیت کریمہ کو لکھ کر ناف پر باندھ دیں

ذٰلِكَ تَخْفِيفٌ مِّن رَّبِّكُمْ وَرَحْمَةٌ

ظالم کو شہر بدر کرنا

اگر کسی ظالم کو شہر بدر کرنا ہو تو ہر روز سات دانہ گھونگچی سرخ پر ایک بار پڑھ کر کنوئیں میں ڈالیں۔ سات روز تک یہ عمل کریں۔ یاد رہے کہ نا جائز جگہ پر عمل نہ کرے ورنہ سخت نقصان اٹھائے گا۔

وَلَقَدْ فَتَنَّا سُلَيْمٰنَ وَاَلْقَيْنَا عَلٰى كُرْسِيِّهٖ جَسَدًا ثُمَّ اَنَابَ ○

کشائش رزق

زیادتی رزق کے لیے یہ آیت نماز کے بعد کثرت سے پڑھنی چاہیئے۔

اَللّٰهُ لَطِيفٌ بِعِبَادِهٖ يَرْزُقُ مَنْ يَّشَآءُ وَهُوَ الْقَوِيُّ الْعَزِيْزُ ○

نافرمان اولاد کو مطیع کرنا

جس شخص کی اولاد نافرمان ہو وہ اس آیت کو ہر نماز کے بعد پڑھا کرے پڑھتے وقت ذُرِّيَّتِي لفظ پر اپنی اولاد کا خیال کرے

رَبِّ اَصْلِحْ لِي فِي ذُرِّيَّتِي اِنِّي تُبْتُ اِلَيْكَ وَاِنِّي مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ ○

استقرار حمل کا مجرب نسخہ

جس شخص کو اولاد سے مایوسی ہو دو انڈے جوش دے کر چھلکا اتار دیں۔ ایک پر

وَالسَّمَآءَ بَنَيْنٰهَا بِاَيْدٍ وَّاِنَّا لَمُوْسِعُوْنَ

اور دوسرے پر

وَالْاَرْضَ فَرَشْنٰهَا فَنِعْمَ الْمٰهِدُوْنَ لکھیں

پہلا بیضہ مرد کھائے اور دوسرے عورت۔ ۴۰ روز تک یہ عمل جاری رکھیں اس دوران میں قربت بھی کرنی چاہیے۔

کشائش رزق

ایک چلہ تک ایک وقت معین پر ۱۱ بار درود شریف پڑھ کر ۱۱۱۱ مرتبہ یَا مُغْنِيُ پڑھیں۔ اس کے بعد ۱۱ مرتبہ سورہ مزمل پڑھیں۔ آخر میں ۱۱ مرتبہ درود شریف اس عمل کی برکت سے اللہ غیب سے رزق کے دروازے کھول دے گا۔

Scanned with CamScanner

حروفِ مقطعات

بعض عارفین سے منقول ہے کہ ان حروفِ مقطعات کو پاس رکھنے سے تمام آفات سے حفاظت رہتی ہے۔ رزق ملتا ہے اور دشمن چور سانپ اور بچھو۔ درندوں اور مضرات الارض سے محفوظ رہتا ہے۔

المٓصٓ کٓھٰیٰعٓصٓ حٰمٓعٓسٓقٓ قٓ وَالْقُرْاٰنِ الْمَجِیْدِ ہ نٓ وَالْقَلَمِ وَمَا یَسْطُرُوْنَ ہ

شجاعت اور ہیبت کیلئے

اگر ہرن کی جھلی پر کسی مہینہ کی چودھویں شب کو بعد نماز عشار گلاب اور زعفران سے یہ آیت لکھ کر ایک نلکی میں رکھ کر اس کا منہ نے چھتّہ کے موم سے بند کرکے اس کو چمڑے میں سلوا کر اپنے داہنے بازو پر باندھیں۔ قلب میں شجاعت پیدا ہوگی۔ دشمن کے دل میں ہیبت پیدا ہوگی۔ اگر محتاج اور فقیر ہوگا تو غنی ہو جائے گا۔ خوف زدہ امنِ الٰہی میں آ جائے گا۔ اگر جادو۔ قید خانہ یا جنون میں مبتلا ہوگا تو اس سے خلاصی پائے گا۔ قرض دار ہوگا تو خدا تعالیٰ اُس کا قرض ادا کر دے گا۔ اور اگر کسی فکر میں مبتلا ہوگا تو اُس کا فکر دُور ہو جائے گا۔ مسافر صحیح سالم اپنے گھر واپس آئے گا۔ اور جس عورت کا نکاح نہ ہوتا ہو تو اس کو پاس رکھنے سے لوگوں کو نکاح کی رغبت پیدا ہوگی۔ اگر کسی دکان پر لکھ کر لگائیں تو خوب نفع اور آمدنی ہو اور بچوں کے گلے میں باندھیں تو وہ تمام آفات سے محفوظ رہیں

گے۔ جس شخص کے پاس یہ آیات ہونگی۔ وہ خدا تعالےٰ سے جو دُعا مانگے گا قبول ہوگی۔ جو حاجت طلب کرے گا پُوری ہوگی۔

الٓمٓ ذٰلِكَ الْكِتٰبُ سے مُفْلِحُوْنَ تک اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ سے نَزَّلَ الْفُرْقَانَ تک المٓصٓ کِتٰبٌ اُنْزِلَ اِلَیْكَ سے لِلْمُؤْمِنِیْنَ تک الٓمٓرٰ تِلْكَ اٰیٰتُ الْكِتٰبِ سے لَا یُؤْمِنُوْنَ تک کٓھٰیٰعٓصٓ سے زَكَرِیَّا تک طٰهٰ سے لِتَشْقٰی تک طٰسٓمٓ تِلْكَ اٰیٰتُ الْكِتٰبِ الْمُبِیْنِ طٰسٓ تِلْكَ اٰیٰتُ الْقُرْاٰنِ وَكِتَابٍ مُّبِیْنٍ ۔ یٰسٓ وَالْقُرْاٰنِ الْحَكِیْمِ ۔ صٓ سے شِقَاقٍ تک حٰمٓ تَنْزِیْلُ الْكِتٰبِ مِنَ اللّٰهِ الْعَزِیْزِ الْعَلِیْمِ سے الْمَصِیْرُ تک عٓسٓقٓ سے الْحَكِیْمُ تک قٓ وَالْقُرْاٰنِ الْمَجِیْدِ ۔ نٓ وَالْقَلَمِ وَمَا یَسْطُرُوْنَ ہ

آیات الحرس

یہ ۳۳ آیتیں بالخاصہ چور درندوں اور آسیب سے حفاظت کے لیے اور شفائے امراض کے لیے اکسیر اعظم ہیں۔ وہ آیات یہ ہیں۔

شروع سورہ بقرہ سے مفلحون تک۔ آیت الکرسی خالدون تک لِلّٰهِ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ سے آخر سورہ بقرہ تک۔ تین آیتیں سورہ اعراف کی یعنی اِنَّ رَبَّكُمُ سے مِنَ الْمُحْسِنِیْنَ سے ختم تک۔ آخری آیتیں بنی اسرائیل کی یعنی قُلِ ادْعُوا اللّٰهَ سے ختم سورہ تک اور شروع صافات سے لَازِبٍ تک اور دو آیتیں سورہ رحمٰن کی۔

يَا مَعْشَرَ الْجِنِّ سے فَلَا تَنْتَصِرَانِ تک اور آخری آیتیں سورہ حشر کی یعنی لَوْ اَنْزَلْنَا سے ختم سورۃ تک اور سورہ جن شروع سے شَطَطًا تک اور اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ اشْتَرَوُا الضَّلٰلَةَ سے اِذَا اَظْلَمَ عَلَيْهِمْ قَامُوْا تک یعنی سورہ بقرہ رکوع ۲۔

دفع قساوت قلب

اگر کسی شخص کا دل سخت ہوجائے۔ مزاج بگڑ جائے اور گھر والوں کو پریشان کرنے لگے تو ایک کوری پاک ٹھیکری پر آس کی لکڑی سے اس شخص کا نام لکھیں اور قدرے شہد جس کو آنچ نہ لگی ہو۔ اور ذرا سا انگوری سرکہ ان دونوں کو ملا کر یہ آیت اس نام کے گرد لکھ دیں اور اس ٹھیکری کو اس کنویں یا نہر میں ڈال دیں جس کا پانی وہ آدمی پیتا ہو۔ آیت یہ ہے۔

ثُمَّ قَسَتْ قُلُوْبُكُمْ سے عَمَّا تَعْمَلُوْنَ تک۔ (سورہ بقر)

ظالم کو مسلوب الفہم کرنا

جو شخص اپنی ذہانت سے ظلم کے طریقے ایجاد کر کے تکلیف دیتا ہو اور اس کو مسلوب الفہم کرنا ہو تو یہ آیت شنبہ کے دن کسی مٹھائی پر لکھ کر اس کو کھلا دیں۔

وَاِذْ اَخَذْنَا مِيْثَاقَكُمْ وَرَفَعْنَا فَوْقَكُمُ الطُّوْرَ

خُذُوْا مَآ اٰتَيْنٰكُمْ بِقُوَّةٍ وَّاسْمَعُوْا قَالُوْا سَمِعْنَا وَعَصَيْنَا وَاُشْرِبُوْا فِيْ قُلُوْبِهِمُ الْعِجْلَ بِكُفْرِهِمْ قُلْ بِئْسَمَا يَاْمُرُكُمْ بِهٖٓ اِيْمَانُكُمْ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ۔

بواسیر خونی

بعض عارفین کا قول ہے کہ اس آیت کو بلوری برتن پر زعفران اور گلاب سے لکھ کر آب انگور سیاہ سے دھو کر قدرے گھربار کافور اور کچھ شکر ملا کر پینے سے خونی بواسیر دور ہوجاتی ہے۔

وَاِذْ يَرْفَعُ اِبْرٰهٖمُ الْقَوَاعِدَ مِنَ الْبَيْتِ سے الْحَكِيْمُ تک لکھ کر پلائیں۔

خواص آیت الکرسی

جو شخص ان آیتوں کو ہر نماز کے بعد پڑھا کرے۔ شیطان کے وسوسہ اور سرکش شیاطین کے مکر و ایذا سے محفوظ رہے گا۔ اگر فقیر ہوگا تو مالدار ہوجائے گا۔ اور حق تعالیٰ اس کو ایسے طریق سے روزی عطا فرمائے گا جس کا وہم و گمان بھی نہ ہوگا صبح و شام اور گھر میں داخل ہونے کے وقت اور بستر پر لیٹتے وقت ہمیشہ پڑھنے سے حرق۔ سرق اور غرق سے

محفوظ رہے گا۔ صحت نصیب ہو اور ہر قسم کے خوف اور اندیشہ سے سالم رہے اور اگر ان آیات کو ٹھیکری پر لکھ کر غلہ میں رکھ دیں تو وہ چوری اور گھن سے محفوظ رہے برکت ہو۔ اور اگر اس کو اپنی دکان یا مکان میں اونچی جگہ لکھ دیں تو رزق میں زیادتی ہو کبھی فاقہ نہ ہو اور وہاں چور نہ آئے۔

"آیت الکرسی خٰلِدُوْنَ تک" سورہ بقرہ

ویرانی خانہ ظالم

ہفتہ کے دن ایک کچی ٹھیکری تیار کرو اور کسی پرانے قبرستان کی مٹی ہفتہ کے دن لاؤ اور تھوڑی سی مٹی کسی ایسے ویران مکان کی جس کے رہنے والے مرگئے ہوں۔ اور ان آیتوں کو اس ٹھیکری پر لکھ کر اور خوب باریک پیس کر دوسری مٹیوں کے ساتھ ملاؤ۔ پھر ان سب کو آمیخت کر کے ہفتہ کے دن پہلی ساعت میں ظالم کے گھر میں بکھیر دو

يَا أَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تُبْطِلُوْا صَدَقَاتِكُمْ سے كَافِرِيْنَ

تک لکھو۔ (سورہ بقرہ آیت ۲۶۴)

دفعیہ داد

داد پر کالی روشنائی سے یہ آیت لکھ دو۔ رفع ہو جائے گا۔

فَاَصَابَهَا اِعْصَارٌ فِيْهِ نَارٌ فَاحْتَرَقَتْ۔

ام الصبیان

یہ آیت مشک و گلاب و زعفران سے لکھ کر ایک نرکل کی نلکی میں جو طلوع آفتاب سے پہلے کاٹی گئی ہو رکھ کر اس کا منہ گوند سے بند کر کے گلے میں لٹکا دیں۔ نظر بد آسیب ام الصبیان اور تمام حوادث سے محفوظ رہے گا۔

الٓمّٓ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ سے الفرقان تک

(آل عمران کا شروع)

حفاظت حمل اور بچوں کی حفاظت

بچوں کو آفات و حوادث محفوظ رکھنے اور حمل کی حفاظت کے لیے گلاب و زعفران سے ہرن کی جھلی پر لکھ کر حاملہ عورت داہنی کوکھ پر باندھے۔

اِذْ قَالَتِ امْرَاَتُ عِمْرَانَ رَبِّ اِنِّيْ نَذَرْتُ لَكَ سے

بِغَيْرِ حِسَابٍ تک۔ (آل عمران آیت ۳۵)

حصول ملازمت یا منظوری نکاح

اس آیت کو کاغذ پر لکھ کر بازو پر باندھیں۔

" قُلْ اِنَّ الْفَضْلَ بِيَدِ اللّٰهِ سے وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ

تک " (آل عمران آیت ۷۳)

محبت و اُلفت

عروج ماہ میں دوشنبہ کے دن ہرن کی جھلّی پر توت کے عرق سے یہ آیت لکھیں اور آخر میں

یَا مُؤَلِّفَ الْقُلُوْبِ اَلِّفْ بَیْنَ فلان بن فلان

لکھ دیں۔ اور بازو پر باندھ لیں۔

وَاعْتَصِمُوْا بِحَبْلِ اللّٰہِ جَمِیْعًا سے ھُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ۔ تک ۔ (آل عمران آیت ۱۰۳)

نکسیر و استحاضہ

اس آیت کو لکھ کر مریض کی دونوں آنکھوں کے درمیان ناک پر باندھیں اور اگر کسی عورت کا خون جاری ہو تو اس آیت کو تین پرچوں پر لکھ کر ایک پرچہ اگلے دامن میں دوسرا پچھلے دامن میں تیسرا زیر ناف باندھیں

وَمَا مُحَمَّدٌ اِلَّا رَسُوْلٌ سے اِنْقَلَبْتُمْ تک

(آل عمران آیت ۱۴۴)

دشمن کی روسیاہی اور کُند ذہنی

جمعرات کو روزہ رکھیں اور نماز عشاء پڑھ کر ان آیتوں کو کسی وقت مکان کی ایک مشت خاک پر ۳۰ بار پڑھ کر وہ مٹی دشمن کے گھر میں ڈال دو پھر اس کے جان و مال کا تماشا دیکھو۔ (ناجائز کرنے میں اپنے اوپر

گرفت ہوگی)

قُلْ یٰاَھْلَ الْکِتٰبِ سے سَوَآءَ السَّبِیْلِ تک

(سورہ المائدہ آیت ۵۹)

بحالی روزگار

اگر کوئی شخص نوکری سے معطل یا علیحدہ کر دیا گیا ہو۔ بے روزگار ہو تو عروج ماہ کی پہلی جمعرات اور جمعہ کو روزہ رکھے اور جمعہ کی شب میں رات کو لیٹتے وقت پوری سورہ یُوسف پڑھے۔ پھر جمعہ کے دن ظہر و عصر کے درمیان اس سورہ کو پڑھے پھر بستر پر لیٹتے وقت اس سورۂ کو پڑھے پھر ۳۰۰ بار لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ اور ۱۰۰ بار اللّٰہ اکبر ۱۰۰ الحمد للّٰہ اور ۱۰۰ بار سُبْحَانَ اللّٰہِ اور ۱۰۰ بار استغفار اور ۱۰۰ بار درود شریف پڑھ کر سو رہے اگلے دن صبح کو گھر سے نکل کر لکھی ہوئی سورت یوسف کو تعویذ بنا کر بازو پر باندھے اور پختہ عہد کرے کہ کسی شخص پر ظلم نہ کرے گا۔ انشاء اللہ اسی ہفتہ میں نوکری مل جائے گی اور اگر پڑھنا نہ جانتا ہو وہ لکھی ہوئی سورت کو سر کے نیچے رکھے اور بقیہ دعائیں پڑھتا رہے۔

برائے معزولی حاکم ظالم

سورۂ رعد کو کسی بڑی رکابی پر شب تاریک میں جس میں خوب گرج اور کڑک ہو لکھ کر بارش کے پانی سے دھو کر شب تاریک میں حاکم ظالم

کے دروازے پر چھڑک دیں۔ انشاء اللہ تعالے اسی روز معزول اور خانہ ویران ہوجائے گا۔

دریافت امورِ پوشیدہ یا حال مریض و غائب حمل

دوشنبہ کے دن روزہ رکھے۔ اور شب کو باوضو سوئے اور منگل کی صبح کو طلوع آفتاب سے پہلے ان آیتوں کو ایک سبز کپڑے پر زعفران اور گلاب سے لکھ کر عود و عنبر سے دھونی دیں اور ایک ڈبہ کے اندر رکھ کر بند کر دیں۔ اس طرح کہ نہ کوئی اسے دیکھے اور نہ چاند سورج کا سامنا ہو۔ پھر بدھ کی رات کو عشاء کی نماز پڑھ کر اس ڈبہ کو ہاتھ میں لے کر یہ دعا پڑھے۔

یَا عَالِمَ الْخَفِیَّاتِ فِی الْاُمُوْرِ یَا مَنْ ھُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ اَطْلِعْنِیْ عَلٰی کُلِّ مَا اُرِیْدُ اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ

اور اللہ کا ذکر کرتا سو جائے انشاء اللہ اسی رات خواب میں کوئی شخص آکر بتلا جائے گا اور اگر اس شب کو نظر نہ آئے تو جمعرات کو روزہ رکھ کر شب جمعہ میں اسی طرح کرے اس بار ضرور مطلب پورا ہوگا۔

واپسی گریختہ یا سارق

کسی پرانی مشک کا ٹکڑا کاٹ کر یا کدوِ خشک کا پوست لے کر اس پر ایک دائرہ کھینچیں دائرہ کے اندر یہ آیتیں اور دائرہ کے باہر چور یا بھاگے ہوئے کا نام مع اس کی والدہ کے نام لکھ دیں اور اس کو ایسی جگہ دفن کر دیں جہاں کوئی چلتا نہ ہو چور یا گریختہ حیران پریشان ہو کر واپس آجائے گا۔

قُلْ اَنَدْعُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰہِ سے رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ تک
(سورۃ الانعام ۷۱)

برائے ترقی اسباب

یہ آیت نیلے کاغذ پر لکھ کر تعویذ بنا کر داہنے بازو پر باندھیں۔

قُلْ مَنْ یَّرْزُقُکُمْ مِّنَ السَّمَآءِ سے اَفَلَا تَتَّقُوْنَ تک (یونس ۳۱)

جادو اتارنا

ایک گھڑا بارش کا پانی ایسی جگہ سے لیں۔ جہاں بارش کے وقت کسی کی نظر نہ پڑی ہو۔ اور ایک گھڑا ایسے کنویں کے پانی کا لیں جس کا پانی کوئی استعمال نہ کرتا ہو۔ پھر جمعہ کے دن ایسے سات درختوں کے پتے جن کا پھل نہ کھایا جاتا ہو دونوں کا پانی ملا کر اس میں ساتوں پتے ڈال دیں۔ اور

ان آیتوں کو کاغذ پر لکھ کر اس پانی سے دھو کر سحر زدہ کو دریا کے کنارے لے جاکر پانی میں کھڑا کر دیں اور رات کے وقت اس پانی سے غسل دیں۔ انشاءاللہ سحر باطل ہو جائے گا۔ مجرب ہے آیت یہ ہے۔

فَلَمَّا جَآءَ السَّحَرَةُ سے عَمَلَ الْمُفْسِدِيْنَ تک

(سورہ یونس ۸۰-۸۱)

بیوی محبت کرنے لگے

سورہ یوسف گلاب و زعفران سے لکھ کر تعویذ بنا کر باندھیں۔ سورہ یوسف کا نقش بھی یہی کام دیتا ہے۔

دفعیہ نظر بد

جس شخص کے ہاتھوں پیروں میں درد ہو یا اس کو نظر لگ گئی ہو اس آیت کو لکھ کر تعویذ بنا کر ہاتھ پر باندھ دیں۔

وَمَا لَنَآ اَلَّا نَتَوَكَّلَ عَلَى اللّٰهِ سے الْمُتَوَكِّلُوْنَ تک

(سورہ ابراہیم ۱۲)

دفعیہ بھوت پریت

اگر کسی کے سر بھوت پریت آگیا ہو۔ تو نیلے رنگ کے اونی کپڑے پر یا نیلے رنگ کے کاغذ پر یہ آیت لکھ کر بازو پر باندھ دیں۔ بھوت پریت

دفع ہو جائے گا۔

وَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ جَعَلْنَا بَيْنَكَ سے نُفُوْرًا تک

(بنی اسرائیل ۴۵-۴۶)

حفاظت اہل خانہ

پوری سورہ کہف لکھ کر ایک بوتل میں رکھ کر گھر میں رکھنے سے محتاجی اور قرضہ کی مصیبت دور ہو جاتی ہے اور گھر والوں کو کوئی ایذا نہ پہنچا سکے گا۔

حفاظت حمل اور بچہ صحیح و سالم پیدا ہونے کیلئے

یہ آیتیں لکھ کر شروع حمل میں حاملہ کے باندھیں پھر کھول کر رکھ دیں اور نویں مہینہ پھر باندھ دیں۔ پھر بچہ کی پیدائش کے بعد وہ تعویذ کھول کر بچہ کے گلے میں باندھ دیں۔

وَالَّتِيْٓ اَحْصَنَتْ فَرْجَهَا سے رَاجِعُوْنَ تک (انبیاء ۹۱-۹۲)

دریافت دفینہ یا خزانہ

ایک مرغ سفید نیلگوں چشم یا تاجدار لے کر یہ آیتیں ایک کاغذ پر لکھ کر نابالغ دختر کے ہاتھ کے کاتے ہوئے سوت کے کپڑے میں سی کر اس مرغ کے بازو پر باندھ دیں اور اتوار کے دن زوال آفتاب کے وقت شبہ کی جگہ

چھوڑ دیں۔ دفینہ کی جگہ جا کر کھڑا ہوگا۔ بیچوں بیچ اور پنجوں سے کھودنا شروع کر دے گا۔

وَاِنَّهٗ لَتَنْزِيْلُ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ سے بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ تک۔
(الشعراء ۱۹۲ تا ۱۹۷ پ ۱۹)

پیٹ کی بیماریاں و بخار

سورۂ لقمان لکھ کر پینے سے پیٹ کی تمام بیماریاں اور ہر قسم کا بخار جاتا رہتا ہے

پیچش کا علاج

سورہ دخان لکھ کر مریض کو پلائیں۔ پیچش دور ہو جاتی ہے۔

برائے درد ہر قسم

کسی قسم کا درد کسی عضو میں ہو۔ یہ آیت باوضو پڑھ کر دم کریں۔
لَوْ اَنْزَلْنَا هٰذَا الْقُرْاٰنَ سے آخر تک۔ (سورہ حشر)

دفعیہ طحال

سورۂ ممتحنہ لکھ کر متواتر تین روز پلائیں۔

آشوب چشم

سورۂ منافقون پڑھ کر دم کریں۔

زیارت درخواب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم

جمعہ کی شب میں سورۂ کوثر ایک ہزار مرتبہ اور ایک ہزار مرتبہ درود شریف پڑھیں۔

خواص معوذتین

ہر قسم کے درد، بیماری، سحر، نظر بد وغیرہ کے لیے پڑھ کر دم کرنا اور لکھ کر باندھنا مفید ہے۔ بچوں کے ڈرانے سے بچے ام الصبیان اور دیگر عوارض سے محفوظ رہتے ہیں۔

آسیب کو جلانا

آسیب زدہ کے کان میں ۷ بار آذان دیں اور سورہ فاتحہ قل اعوذ برب الفلق۔ قل اعوذ برب الناس آیت الکرسی اور پوری طارق اور سورہ حشر کی آخری آیتیں ھواللہ الذی سے آخر سورہ تک اور پوری سورہ صافات پڑھ کر پھونک دیں آسیب جل جائے گا۔

مکان کیلنا

جس مکان میں جن آسیب رہتا ہو۔ چار لوہے کی کیلوں پر ہر ایک پر ۲۵، ۲۵ مرتبہ اِنَّهُمْ يَكِيْدُوْنَ كَيْدًا وَّاَكِيْدُ كَيْدًا فَمَهِّلِ

اَلْکَافِرِیْنَ اَمْہِلْھُمْ رُوَیْدًا پڑھ کر دم کر کے مکان کے چاروں کونوں میں گاڑ دیں۔ (سورہ الطارق)

یہ نقش آیت الکرسی کا ہے۔ ردّ بلا اور کشائش رزق کے لیے مجرب ہے۔

۷۸۶

۳۴۵۶	۳۱۶۵	۳۱۶	۲۵۵۲	۲۶۴۳
۱۹۴۴	۴۵۳۶	۴۱۳۰	۶۸۵۸	۶۴۸
۲۳۶۶	۲۳۷۶	بدوح جملہ سو	۲۵۳۴	۵۴۵۵
۳۵۸۵	۲۳۹۲	۴۹۶۸	۵۲۱۰	۱۵۱۲
۴۲۲۵	۲۶۹۸	۴۷۵۲	۴۳۴	۸۶۴

نقش سورہ فاتحہ

تمام امراض کے لیے گلے میں ڈالیں نافع ہے پلانا بھی مفید ہے نہایت اچھی اور مفید تجارت میں ترقی کے لیے مال تجارت میں رکھنا یا دکان میں لٹکانا چاہیے۔

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۲۵۶۱	۲۵۶۵	۲۵۶۸	۲۵۵۴
۲۵۶۷	۲۵۵۵	۲۵۶۰	۲۵۶۶
۲۵۵۶	۲۵۷۰	۲۵۶۲	۲۵۵۹
۲۵۶۴	۲۵۵۸	۲۵۵۷	۲۵۶۹

تحفۂ قلندری

حصہ ساتواں

تعویذات

نقش برائے نظر بد

یہ نقش نظر بد کے لیے بچے کے گلے میں ڈالیں انشاءاللہ بچہ ٹھیک ہو جائے گا۔

۷۸۶

ا	ع	ع ح	مت
ط	د	نصف نصف	د
۷	ع	و	لہ
۴	ی	ح	ط

نقش برائے چیچک

نقش برائے چیچک لکھ کر مریض کے گلے میں ڈالیں انشاءاللہ صحت یاب ہو گا۔

۷۸۶

۲۲۹۰	۲۳۰۴	۲۳۰۱	۲۲۹۷
۲۳۹۲	۲۲۹۶	۲۲۹۱	۲۳۰۳
۲۲۹۵	۲۲۹۹	۲۳۰۶	۲۲۹۲
۲۳۰۵	۲۲۹۳	۲۲۹۴	۲۳۰۱

۷۸۶

لو	ح	ع	سا
ط	د	تب	د
د	نہ	ک	عہ
و	ی	ع	ما

دودھ کی زیادتی کیلئے

سات تعویذ اس شکل کے چینی کے برتن پر لکھ کر عورت کو پلائیں اور ایک تعویذ بازو پر باندھیں۔ صمہ صمہ صمہ

بچّے کا رونا

بچے کے زیادہ رونے کے لیے یہ نقش پانی میں گھول کر پلائیں۔

۷۸۶

۱	۲۲	۱۹	۸
۲۰	۷	۲	۲۱
۶	۱۷	۲۴	۲
۲۳	۴	۵	۱۸

یہ نقش سرہانے رکھیں

۷۸۶

ص	لا	ع	ع
۴	ع	۱۷	۹
۳	۶	۷	ع
۱	۲	۲۴	۱۵

دفعہ مسان

سفید مرغ کے خون سے اتوار کو لکھ کر بچے کے گلے میں ڈالیں۔

۷۸۶

۱	۴۷	۴۴	۸
۴۵	۷	۲	۴۶
۶	۴۶	۴۹	۲
۴۸	۴	۵	۴۳

برائے مقہوری اعداء

رائی۔ سرسوں۔ خاک قبر کہنہ۔ خاک چوراہے کر ہر ایک پر ۷ بار سورہ تبّت بغیر بسم اللہ پڑھ کر دم کریں اور دشمن کے گھر میں ڈال دیں۔

نقش استخارہ

اس نقش کو لکھ کر سر کے نیچے رکھیں جس نیت سے رکھیں گے اُس کا جواب خواب میں ملے گا۔

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۱	۸۸۳	۱۱	۸
۱۲	۷	۲	۸۸۲
۶	۹	۸۸۵	۳
۸۸۴	۴	۵	۱۰

کشائش رزق

نقش یا باسط روزانہ ۱۱ عدد لکھ کر دریا یا بہتے ہوئے پانی میں ڈالا کریں مگر شرط یہ ہے کہ اس کام کے لیے ایک وقت مقرر کر لیں

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۶	۴۸	۱۸
۳۶	۲۴	۱۲
۳۰	یا باسط	۴۲

تسخیر و فتوحات

یہ نقش روزانہ ۱۵ عدد لکھا کریں۔

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۸	۱	۶
۳	۵	۷
۴	۹	۲

Scanned with CamScanner

دشمنوں پر بیماری مسلّط کرنا

الف سے طا نو حروفِ مفردہ ابجد ایک روٹی پر لکھ کر سورۂ رعد پڑھ کر دم کریں۔ اور اس روٹی کے پانچ ٹکڑے کر کے کتوں کو کھلائیں اور کھلاتے وقت یہ کہیں "کھاؤ فلاں بن فلاں کا گوشت، اس کے ہاتھ پیر چبا ڈالو"

اس عمل سے دشمن کے جسم میں بڑے بڑے پھوڑے نکل آئیں گے سارا بدن پھوٹ پڑے گا۔

مسان کا گنڈا

اکتالیس تار کا کچّا سوت لے کر اکتالیس بار سورۂ والطارق پڑھیں اور ہر بار پڑھ کر ایک گرہ لگا دیں اور پیٹ پر باندھ دیں۔ پونے دو مہینے حمل گزرنے پر گنڈا باندھنا چاہیئے۔ یہ گنڈا ان عورتوں کے لیے ہے جن کا حمل ضائع ہو جاتا ہے۔ بچے زندہ نہ رہتے ہوں۔ ۴۱ تار عورت کے قد کے برابر لینے چاہئیں۔

بغیر حاضرات کے جنّ کو جلانا

یہ نقش لکھ کر فلیتہ بنائیں اور دھنی ہوئی روئی میں لپیٹ کر ایک ہی جگہ میں جلائیں کورے چراغ میں تلوں کے تیل میں روشن کر کے آسیب زدہ کے بالمقابل رکھیں نقش یہ ہے

۷۸۶

۱۳	۳	۲	۱۶
۸	۱۰	۱۱	۵
۱۲	۶	۷	۹
۱	۱۵	۱۴	۴

طریقِ دعوت اسم یَا وَھَّابُ

تمام انبیاءِ عظام اور اولیائے کرام نے اسم یَا وَھَّابُ کی بدولت دولت دارین حاصل کی ہے۔ اسم مبارک کی دعوت کا طریقہ یہ ہے کہ ہر نماز کے بعد ۴۶ بار مع شروع و آخر درود شریف کے پڑھا کریں اور اگر کوئی سخت مہم پیش آئے تو آدھی رات کو اُٹھ کر غسل کریں اور پاک صاف کپڑے پہن کر حضورِ قلب سے دو رکعت پڑھیں اور سر برہنہ ہو کر ۱۰۴۲ مرتبہ یَا وَھَّابُ پڑھیں جب ۳۰۰ مرتبہ پڑھ چکیں تو کھڑے ہو کر خدا تعالےٰ سے حاجت طلب کریں۔ پھر بیٹھ کر پڑھنے لگیں۔ جب ۷۰۰ کے قریب پہنچیں تو کھڑے ہو کر دعا کریں۔ اور خدا سے اپنی حاجت برآری کی درخواست کریں۔ یہ عمل تین شب کریں۔ انشاء اللہ مطلب پورا ہو جائے گا۔

دعوتِ کبیر کا طریقہ یہ ہے کہ یہ اسم ۱۲ لاکھ مرتبہ ایام معیّن میں پڑھیں۔ کسی دن ناغہ نہ ہو۔ مرغوب عمل میں آنے کے بعد صاحبِ لفظ یعنی سیف زبان ہو جاؤ گے۔ جس مقصد کے لیے پڑھو گے پورا ہو گا۔

دردِ سر

جس کے سر میں درد ہو اس جگہ کو پکڑ کر ۷ بار یہ دعا پڑھ کر دم کریں۔

بِالْحَقِّ اَنْزَلْنٰهُ وَبِالْحَقِّ نَزَلَ یَا بَدُّوحُ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَیُّ الْعَظِیْمُ بِرَحْمَتِكَ یَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ ۵

دردِ شقیقہ

۱۱ بار پڑھ کر دم کریں اور ۵ کیلیں اور ۷ تیلیاں جھاڑو کی سرے چھوا کر تیلیاں کنوئیں میں ڈال دیں اور کیلیں کنوئیں کی مینڈھ پر ٹھونک دیں۔

خلل مسان

۷ دانہ کالی مرچ پر یہ اسمار ۷، ۷ بار ہر دانہ پر دم کریں اور ہر بار اوّل و آخر درود شریف پڑھیں۔ ایک دانہ روزانہ بچّہ کو کھلایا کریں۔

یَا جِبْرَائِیْلَ یَا مِیْکَائِیْلَ یَا اِسْرَافِیْلَ یَا عِزْرَائِیْلَ یَا دَرْدَائِیْلَ یَا فُتْمَائِیْلَ یَا مُنْکَفِیْلُ یَا بَدُّوْحُ۔

ڈبہ اطفال

ایک سرکنڈا جڑ کی طرف سے ۹ اُنگل لے کر اُس پر یہ افسوں پڑھیں جب ۷ بار پڑھیں۔ سرکنڈا ناپیں۔ جس قدر بڑھ گیا ہو کاٹ ڈالیں اس کے بعد پھر جھاڑیں اور ناپیں۔ غرض جب تک بڑھتا رہتا رہے کاٹتے رہیں۔

افسوں یہ ہے۔

"نو انگل کا سرکنڈا کاٹوں، دس اُنگل ہو جائے ڈبہ جھاڑوں۔ پانی پت کو جائے۔ دہائی حضرت شاہ نور قطب عالم کی۔

نظر بد سے حفاظت

یہ حرز لکھ کر بچے کے گلے میں ڈالیں۔ نظر بد اور ہر بلا سے محفوظ رہے گا۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم وصلی اللہ تعالیٰ علیٰ مُحَمَّدٍ وَّالِہٖ وَاَصْحَابِہٖ اَعُوْذُ بِکَلِمَاتِ اللّٰہِ التَّامَّاتِ مِنْ شَرِّ کُلِّ شَیْطَانٍ وَّ هَامَّۃٍ وَّ عَیْنٍ لَّامَّۃٍ تَحَصَّنْتُہٗ بِحِصْنِ اَلْفِ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ

باری کا بخار

بیری کی لکڑی پر یَا نَارُ کُوْنِیْ بَرْدًا وَّسَلَامًا لکھ کر جس دن بخار نہ چڑھے۔ نیلے سوت میں باندھ کر گلے میں ڈالیں۔ انشاء اللہ دوسرے دن بخار نہ چڑھے گا۔

دَورے

اگر کسی شخص کو دن میں بار بار مرگی کے دَورے پڑتے ہوں تو یہ اسمار لکھ کر دائیں بازو پر باندھیں۔ کَطیُوْشٌ مَرْکُوْشٌ تَیْلُوْشٌ بارالستاءکـ حا ششش اور بائیں بازو پر باندھیں۔

"اِخْسَؤُوْا اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنْ شَرِّ اُمِّ الصِّبْیَانِ وَلَا حَوْلَ وَ لَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ۔ اور یہ لکھ کر گلے میں ڈالیں۔

يَا مَنْ حَنَّانُ يَا مَنَّانُ وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى خَيْرِ خَلْقِهٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اَجْمَعِيْنَ ہ

دفعیہ سانپ

ایک شخص نے حضرت غیاث الدین شاہ دہلوی سے عرض کیا میرے گھر میں اکثر سانپ نکلتے رہتے ہیں جن کی وجہ سے مجھے بہت ڈر لگتا ہے آپ نے فرمایا۔ سوتے وقت سَلَامٌ عَلٰی اِلْیَاسِیْنَ پڑھا کرو اُس نے ایسا ہی کیا۔ صبح کو چارپائی کے نیچے مرا ہوا سانپ نکلا۔

بچھو کی جھاڑ

جس جگہ بچھو نے کاٹ لیا ہو یہ منتر کئی مرتبہ پڑھ کر دم کریں۔

بِسْمِ اللّٰهِ شُحْبَةٌ قَرِيْنَةٌ مُنْحَتَهٗ بَحْرٌ قَقْطَا ہ

دردِ زہ

اگر بچہ پیدا ہوتے وقت سخت تکلیف ہو اور بچہ پیدا نہ ہوتا ہو یہ آیت کاغذ پر لکھ کر پاک کپڑے میں لپیٹ کر عورت کی بائیں ران پر باندھیں۔

وَاَلْقَتْ مَا فِيْهَا وَتَخَلَّتْ وَاَذِنَتْ لِرَبِّهَا وَحُقَّتْ اَجَبْ اَشْرَاهِيَا۔"

برائے مرگی

سفید مرغ کے خون سے یہ تعویذ لکھ کر مریض کے گلے میں ڈالیں اور مرغ کا گوشت پکا کر ختم دلائیں اور نیک صلحاء کو کھلائیں۔

لٹ	ی	س	ف
۵۹	۸۱	۱۹	۱۱
۸۲	۶۲	۸	۱۸
۹	۱۷	۸۳	۶۱

دفعیہ آسیب

جس مکان میں جن پتھر پھینکتے ہوں۔ یہ نقش لکھ کر مکان میں لگائیں۔

۹۹۱۶	۹۹۱۹	۹۹۲۲	۹۹۰۹
۹۹۲۱	۹۹۱۱	۹۹۱۵	۹۹۲۰
۹۹۱۱	۹۹۱۲	۹۹۱۷	۹۹۱۴
۹۹۱۸	۹۹۱۳	۹۹۱۲	۹۹۲۳

برائے حفاظت از اسقاط

یہ تعویذ لکھ کر عورت کی کمر سے باندھیں۔
انشاءاللہ مجرب ثابت ہوگا۔

و	ی	و	س
و	س	و	ی
س	و	ی	و
ی	و	س	و

عمل حُبّ مجرّب

جو عورت اس نقش کو اپنے پاس رکھے گی شوہر کی نظر میں عزیز ہوگی اور جو اس کو دیکھے گا دوست رکھے گا۔

۷۸۶

۶۰۰۹	۶۰۱۳	۶۰۱۶	۶۰۰۲
۶۰۱۵	۶۰۰۳	۶۰۰۸	۶۰۱۴
۶۰۰۴	۶۰۱۸	۶۰۱۱	۶۰۰۷
۶۰۱۲	۶۰۰۶	۶۰۰۵	۶۰۱۷

عمل برائے حُب

گڑ یا پان یا کسی کھانے کی چیز پر تین مرتبہ پڑھ کر کھلا دے محبوب مسخر ہوگا۔ لیکن بدکار کو نہ دیوے

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ۔ بِسۡمِ اللّٰہِ الَّذِیۡ یُحِبُّوۡنَ کَحُبِّ اللّٰہِ لِقُلُوۡبِہِمۡ فِیۡ لَیۡلٍ وَّنَہَارٍ وَّفِیۡ سَاعَۃٍ وَّشَہۡرٍ عَلٰی حُبِّہِمۡ اَشَدُّ حُبًّا وَّلَوۡ یَرَی الَّذِیۡنَ ظَلَمُوۡۤا اِذۡ یَرَوۡنَ الۡعَذَابَ اَنَّ الۡقُوَّۃَ لِلّٰہِ جَمِیۡعًا فلاں بنت فلاں علی حب فلاں بن فلاں

برائے جلبِ قلبِ محبوب

محبوب کے تصوّر کے ساتھ تین سو مرتبہ اوّل و آخر تین مرتبہ درود شریف پڑھے۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

قُلۡ ہُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ بِحُرۡمَۃِ جِبۡرَئِیۡلَ اَللّٰہُ الصَّمَدُ بِحُرۡمَۃِ اِسۡرَافِیۡلَ لَمۡ یَلِدۡ بِحُرۡمَۃِ مِیۡکَائِیۡلَ وَلَمۡ یُوۡلَدۡ بِحُرۡمَۃِ عِزۡرَائِیۡلَ وَلَمۡ یَکُنۡ لَّہٗ کُفُوًا اَحَدٌ بِحُرۡمَۃِ دَرۡدَائِیۡلَ وَمَہۡرَائِیۡلَ وَدَرَہَائِیۡلَ۔ حب کے علاوہ اور کاموں کے لیے ۱۱ روز تک ہر روز ۱۱ مرتبہ پڑھے وظیفہ بعد طلوع صبح صادق عروج ماہ میں اتوار کے دن شروع کرے۔

شیاطین و جن کے دفع کیلئے

یہ نقش حضرت استاذ الاساتذہ مرشدنا مولانا شاہ ولی اللہ محدث دہلوی قدس سرہٗ سے منقول ہے۔ اس کو فتیلہ بنا کر کورے چراغ میں تل کے تیل میں جلانے سے جن و شیاطین دفع ہوجاتے ہیں اور

بلا حاضرات کئے جل جاتے ہیں۔ فتیلہ الف کی طرف سے بنایا جائے جگہ معین پر روز جلایا جائے اور فتیلہ پر دھنی ہوئی روئی لپیٹی جائے اور چراغ کو مریض کے منہ کی طرف رکھا جائے تاکہ مریض کی نظر چراغ پر رہے۔ نقش یہ ہے۔

ف

اللھم احرق الشیاطین

٣	٣	٢	١٦
٨	١٠	١١	٥
١٢	٦	٧	٩
١	٥	١٤	٤

برائے اسقاطِ حمل

وضو کرکے ایک گوشہ میں بیٹھ کر یہ کلمات لکھے اور عورت کے پیٹ پر باندھے انشاءاللہ حمل گرنے سے محفوظ رہے گا۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اِنْ کُلُّ نَفْسٍ لَّمَّا عَلَیْهَا حَافِظٌ فَاللّٰہُ خَیْرٌ حَافِظًا وَّھُوَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِیْنَ۔ اَللّٰھُمَّ احْفَظْ حَمْلَ ھٰذِہِ الْمَرْاَۃِ مِنْ جَمِیْعِ الْاٰفَاتِ بِحَقِّ لَا

اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ۔

اٰمِیْن اٰمِیْن اٰمِیْن

آدھا سیسی کے درد کیلئے

باوضو لکھ کر سر پر بندھوائے اور کچھ شیرینی منگوا کر اس پر فاتحہ اولیاء کرام کی دے کر اس کو باندھنے سے پہلے تقسیم کر دے۔ شفا رہے گی۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

وَلَا یُشْعِرَنَّ بِکُمْ اَحَدًا اَللّٰھُمَّ اَسْکُنْ ھٰذَا الْوَجَعَ بِحَقِّ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ اَجْمَعِیْنَ۔

گنڈہ برائے دفع گلھڑ

(ورم گلو) بدھ کے دن عروج ماہ یعنی شروع تاریخوں میں دھاگا نابالغ لڑکی سے کتوا کر تیار رکھے اور جمعرات کے دن فجر کی نماز کے بعد ساعت مشتری میں نماز میں جس طرح بیٹھتا ہے اس نشست پر بیٹھے۔ کسی سے کلام نہ کرے اوّل تیس مرتبہ درود شریف پڑھے اور گیارہ مرتبہ سورہ الحمد شریف مع بسم اللہ پڑھ کر دھاگے میں ایک گرہ دیوے اور اسی طرح سات گرہ دیوے پھر تیس مرتبہ درود شریف پڑھ کر گنڈھ کا عمل ختم کر دیوے۔ پھر تھوڑی سی مٹھائی منگا کر خیرات کر دے

اور اس کا ثواب حضرت غوث اعظم شیخ عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ کی روح مبارک کو پہنچائے۔ پھر گنڈہ مریض کے گلے میں اس طرح باندھے کہ گلے سے ملا رہے۔ پھر جب ڈھیلا ہو جایا کرے کس دیا جائے انشاءاللہ یہ مرض جاتا رہے گا۔ اگر بیمار بارہ سال سے کم عمر ہو تو سات سات بار سورۃ فاتحہ پڑھے اور گیارہ گرہ دیوے۔

برائے چیچک

نیلے دھاگے کے ۱۲ تار کر کے نو گرہ دیوے اور ہر گرہ پر ایک مرتبہ الحمد شریف پڑھے اور گلے میں بندھوائے انشاءاللہ شفا ہوگی۔

عمل مسان

وَالسَّمَآءِ وَالطَّارِقِ پوری سورۃ اکتالیس بار پڑھ کر ۴۱ گرہ دیوے اور عورت کے پیٹ پر باندھے بعد ولادت بچہ کے باندھے اور گنڈہ کے تار ۴۱ ہونے چاہئیں۔

دیگر:۔

یہ نقش ہر دن کاغذ کے پرچہ پر لکھ کر پلائے۔

بحق باللہ العلی العظیم



طریقہ معلوم کرنے کا کہ مرض ہے یا آسیب ہے وغیرہ

ایک کورہ سکورہ لے کر اس پر اس نقش کو لکھے اور سات مرتبہ مریض پر اتارے پھر آگ میں ڈالے اور آگ کو خوب روشن کرے اگر حرف سفید ہو جائیں تو مریض پر سحر ہے اور سرخ پڑ جائیں تو چڑیل کا اثر اور اگر حروف غائب ہو جائیں تو آسیب پری کا ہے اگر حرف سیاہ ہیں مرض بدنی ہے

نقش معظم یہ ہے۔ ۳ ۴ ۱۱۱۲ ع ۴ ح ۹ ع۵۱۸۳۱۱

دانتوں کے درد کا عمل

اس تعویذ کو لکھ کر دانتوں کے نیچے رکھے۔

یا ایہا الضرس المضروس بقدرۃ الملک القدوس

برائے بواسیر

اتوار کے دن صبح کے وقت یہ تعویذ لکھے اور زوال کے بعد مریض کی کمر میں باندھے۔



برائے دفع مسان

کوری چار ٹھیکری لیوے اور ہر ایک پر یہ نقش اصحاب کہف لکھے۔ پھر چاروں ہیں ہر ایک کو کوئلوں سے پر کرے۔ ان میں آگ دلیوے جب خوب گرم ہو جائیں ہر ایک کو بچہ کی چار پائی کے ایک پایہ کے نیچے رکھے۔

۷۸۶

۱۰۳۰	۱۲۲۲	۱۰۱۰	۱۰۳۶
۱۰۱۲	۱۰۳۴	۱۰۳۲	۱۰۲۲
۱۰۴۰	۱۰۱۴	۱۰۲۰	۱۰۲۶
۱۰۱۸	۱۰۲۸	۱۰۳۸	۱۰۱۶

برائے دفع طحال

پنڈول کی ایک ڈلی لیوے اور اس پر قل ھو اللہ پوری تین یا پانچ مرتبہ پڑھ کر تیار رکھے۔ پھر لکھے ہوئے نقش کو لکھ کر مریض کی ہتھیلی پر رکھے اور اس پر پنڈول کی ڈلی رکھے اور اس پر لوبان جلائے اور دوسرا آدمی مریض کی تلی کی جگہ پکڑے رہے۔



برائے آسیب

جس قسم کا بھی ہو کپڑے کے ایک ٹکڑے کو ہلدی میں رنگ کر چالیس فتیلہ بنا لیوے اور ایک فتیلہ کو ایک دن رات اس مکان میں روشن کرے جس میں آسیب زدہ ہو اس کے بعد ۳۹ دن تک ایک ایک فتیلہ کو ہر رات اس مکان میں روشن کرتا رہے آسیب دفع ہو جائے گا۔

ایضاً۔

قل اعوذ برب الناس پوری سورت کو بغیر ناس تک کے س کے سات مرتبہ پڑھ کر کڑوے تیل پر دم کرے اور آسیب زدہ کے کانوں۔ ناک اور بیسوں ناخن پر لگا دے انشاء اللہ تعالےٰ شفاء ہوگی۔

مرض ہے یا آسیب یا سحر کرنے کا طریقہ

مریض کا ایسا کپڑا لیوے جس میں اس کے رات گزاری ہو۔ پہلے اس کو گز سے ناپ لیوے اور پیمائش ذہن میں محفوظ رکھے۔ پھر کپڑے پر سورۂ فاتحہ تین مرتبہ اور والصافات کو "لازب" تک اور سورہ جن کو "شططا" تک اور معوذتین ایک ایک بار کپڑے پر دم کرکے پھر کپڑے کو ناپے۔ اگر کپڑا بڑھ جائے بیماری شیاطین کے اثر سے ہے اگر کپڑا گھٹ جائے بیماری جن یا سحر کی وجہ سے ہے۔ اگر برابر رہا مرض جسمانی ہے۔

برائے ام الصّبیان یعنی کمیڑا

سورۂ اذا جاء نصر اللہ پوری اکیس مرتبہ اجوائن پردم کرکے زچہ کی چارپائی کے پایہ کے نیچے کی طرف باندھنا مفید ہے۔

برائے عسر بول و پتھری مثانہ

پیشاب میں تنگی و پیشاب میں ریگ اور پتھری کے لیے ان آیات کو لکھ کر پانی میں گھول کر مریض کو پلائے۔

وَاِذِ اسْتَسْقٰى مُوْسٰى لِقَوْمِهٖ فَقُلْنَا اضْرِبْ بِّعَصَاكَ
الْحَجَرَ فَانْفَجَرَتْ مِنْهُ اثْنَتَا عَشْرَةَ عَيْنًا قَدْ عَلِمَ
كُلُّ اُنَاسٍ مَّشْرَبَهُمْ كُلُوْا وَاشْرَبُوْا مِنْ
رِّزْقِ اللّٰهِ وَلَا تَعْثَوْا فِى الْاَرْضِ مُفْسِدِيْنَ - قُلْ كُوْنُوْا
حِجَارَةً اَوْ حَدِيْدًا اَوْ خَلْقًا مِّمَّا يَكْبُرُ فِىْ صُدُوْرِكُمْ
فَسَيَقُوْلُوْنَ مَنْ يُّعِيْدُنَا قُلِ الَّذِىْ فَطَرَكُمْ
اَوَّلَ مَرَّةٍ فَسَيُنْغِضُوْنَ اِلَيْكَ رُءُوْسَهُمْ وَيَقُوْلُوْنَ
مَتٰى هُوَ قُلْ عَسٰٓى اَنْ يَّكُوْنَ قَرِيْبًا وَبُسَّتِ الْجِبَالُ

بَسًّا فَكَانَتْ هَبَآءً مُّنْۢبَثًّا وَّحُمِلَتِ الْاَرْضُ وَ
الْجِبَالُ فَدُكَّتَا دَكَّةً وَّاحِدَةً ۔

برائے عسر بول

قُلْ كُوْنُوْا حِجَارَةً کو اخیر تک اور ایسے ہی اِنَّآ اَعْطَيْنٰكَ لکھ کر پلائے۔ پیشاب یا خانہ دونوں کا بند ٹوٹنے کے لیے مفید ہے اور یہ آیت وَاَنْزَلْنَا مِنَ الْمُعْصِرٰتِ مَآءً ثَجَّاجًا لِّنُخْرِجَ بِهٖ حَبًّا وَّنَبَاتًا ۔ اور زبانی یہ کہے يَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِيْنَ اپنے فلاں بندہ کی مصیبت کو دُور کردے بلاشبہ تو ہر شے پر قادر ہے۔

دیگر:۔

يٰٓاَرْضُ ابْلَعِىْ مَآءَكِ وَيٰسَمَآءُ اَقْلِعِىْ وَغِيْضَ
الْمَآءُ وَقُضِىَ الْاَمْرُ قُلْ اَرَءَيْتُمْ اِنْ اَصْبَحَ مَآؤُكُمْ
غَوْرًا فَمَنْ يَّاْتِيْكُمْ بِمَآءٍ مَّعِيْنٍ ۔ لکھ کر پلائے۔

برائے دفع خفقان

سورہ لِاِيْلٰفِ چینی کی طشتری پر لکھ کر پلانا بہت مفید ہے۔

برائے عرق النساء

نابالغ لڑکی کے ایک ہاتھ سے ایک چیچلی کتوا کر اس کو دھو ڈالیں ۔ پھر گنڈہ بنا کر آیت جو آگے لکھی ہے اس کو ایک مرتبہ پڑھ کر ایک گرہ دلوے اور اسی طرح سات مرتبہ میں سات گرہ دے کر گنڈا تیار کر کے بائیں بازو پر بندھوا دے ۔ انشاء اللہ شفا ہوگی ۔ آیت یہ ہے ۔

وَاِذْ قَتَلْتُمْ نَفْسًا فَادّٰرَءْتُمْ فِيْهَا وَاللّٰهُ مُخْرِجٌ مَّا كُنْتُمْ تَكْتُمُوْنَ فَقُلْنَا اضْرِبُوْهُ بِبَعْضِهَا كَذٰلِكَ يُحْيِ اللّٰهُ الْمَوْتٰى وَيُرِيْكُمْ اٰيٰتِهٖ لَعَلَّكُمْ تَعْقِلُوْنَ ط

دیگر :- درد کی جگہ لکھ کر باندھے ۔ اَيَّتُهَا الْعِرْقُ النَّابِتُ فِي الْجِسْمِ الَّذِيْ يَمُوْتُ مُتْ مُتْ مُتْ بِاِذْنِ اللّٰهِ الَّذِيْ لَا يَمُوْتُ ۔

بچّوں کے رونے کی بیماری

وُجُوْهٌ يَّوْمَئِذٍ کو مُسْتَبْشِرَةٌ تک اَفَمِنْ هٰذَا

الْحَدِيْثِ تَعْجَبُوْنَ وَتَضْحَكُوْنَ وَاَنْتُمْ سَامِدُوْنَ ٥

کو لکھے اور بچہ کی والدہ کے دودھ میں گھول کر بچہ کو پلائے ۔

پھوڑے پھنسی اور دُنبل اور دیگر زخموں کیلئے

سورۂ مرسلات لکھ کر گلے میں لٹکانا باعث صحت ہوگا ۔ انشاء اللہ تعالیٰ ۔

سحر مدفون کا نکالنا

سورۂ کُوِّرَتْ کے مسلسل روزانہ پڑھنے سے اگر گھر میں جادو گڑا ہوا ہو اور اس کی جگہ معلوم نہ ہو ۔ معلوم ہو جائے گا کہ فلاں جگہ دفن ہے

دنبل وغیرہ کیلئے

تین روز تک سورۂ فاتحہ اور آیت وَتَرَى الْجِبَالَ تَحْسَبُهَا جَامِدَةً وَّهِيَ تَمُرُّ مَرَّ السَّحَابِ ۔ پڑھ کر دم کرنا مفید ہے

برائے ورم عانہ

پیڑو کا ورم جس کو ڈاہرو کہتے ہیں ورم کے مقام پر یہ دائرہ لکھیں اور چالیس مرتبہ سورۂ فاتحہ پڑھیں ۔
ہر دہائی پر دم کریں ۔ تین یوم کی جھاڑ سے شفا ہو جائے

گی -

دائرہ یہ ہے -



برائے رہائی از جیل خانہ

قیدیوں کے نیچے کی مٹی اور جیل خانہ کی مٹی لیوے اور دونوں کو ملا کر ٹکی بنا لیوے - ان ٹکیوں پر پیر کے دن بحساب ابجد نماز صبح کے بعد الف سے طا تک لکھے اور قیدی ان کو اپنے بازو پر لٹکا دے انشاء اللہ تعالےٰ جلدی رہائی ہووے گی -

چور معلوم کرنے کا عمل

چوری کا جن پر شبہ ہو ان کے نام علیحدہ علیحدہ کاغذ پر لکھ کر گیہوں کے آٹے میں گولے بنالیں اور ایک طشت پانی سے بھر لیں اور اس کے بعد آیت الکرسی اور چاروں قل ایک مرتبہ پڑھ کر ان گولوں کو پانی میں ڈالیں چور کے نام کا گولہ اوپر آجائے گا اور باقی غرق ہو جائیں گے - لیکن شاہ ولی اللہ صاحب نے القول الجمیل میں فرمایا ہے کہ اس قسم کے اعمال پر یقین کا درجہ نہ رکھے اور خواہ مخواہ متہم شخص سے نہ الجھے اگرچہ اس کا نام بھی عمل میں نکل آئے اس لیے کہ معاملہ حقوق العباد کا ہے اور یہ اعمال ظنی ہیں - قطعی اور یقینی نہیں -

برائے نیش تتیا

۹ بار بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھ کر پھر دسویں مرتبہ زمین پر تھوک دلیوے اور اس کے لعاب میں مٹی ملا کر جس جگہ پر جانور نے کاٹا ہو ملے -

دشمن یا بادشاہ کا خوف ہو

یعنی ان سے تکلیف پہنچی ہو یا پہنچنے کا خطرہ ہو تو یہ عمل جو کہ حضرت پیران پیر شیخ عبدالقادر گیلانی رحمۃ اللہ علیہ سے منقول ہے - بعد نماز تہجد ۱۱سو مرتبہ آیۂ کریمہ -

لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ ۝

